★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداداللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 14 رمضان المبارک 1446ھ، 15 مارچ 2025ء 31 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 139

آزادی اظہار کی آڑ میں توہین مذہب یا مقدس علامتوں کی بے حرمتی کا کوئی جواز نہیں، شہباز شریف

15 مارچ کو ہم عالمی برادری کے ساتھ مل کر اسلاموفوبیا سے نمٹنے کا عالمی دن منا رہے ہیں، وزیر اعظم کا کچھ رکن ممالک کی طرف سے قرآن پاک کی بے حرمتی کو غیر قانونی قرار دینے کا خیر مقدم، مزید اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

بنیادی انسانی حقوق و مذہبی آزادیوں کی کھلم کھلا خلاف ورزیوں کو ختم کرنے کے لیے مزید بہت کچھ کرنے کی فوری ضرورت ہے، آزادی اظہار کی آڑ میں توہین مذہب یا مقدس علامتوں کی بے حرمتی کا کوئی جواز نہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کچھ رکن ممالک کی طرف سے قرآن پاک کی بے حرمتی کو غیر قانونی قرار دینے کیساتھ مسلمانوں کے خلاف تعصب کو دور کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا کی خطرناک لہر کو ختم کرنے، بنیادی انسانی حقوق و مذہبی آزادیوں کی کھلم کھلا خلاف ورزیوں کو ختم کرنے کے لیے مزید بہت کچھ کرنے کی فوری ضرورت ہے، آزادی اظہار کی آڑ میں توہین مذہب یا مقدس (بقیہ نمبر 19)

وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر اورنگزیب آئی ایم ایف کے وفد سے مذاکرات کررہے ہیں

صنعتی کاروبار کو دستاویزی شکل دینے کیلئے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے صنعتی کاروبار کو دستاویزی شکل دینے کیلئے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری کر دی۔ پاکستان میں صنعتی شعبے کی پیداوار مانیٹر کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ویڈیو نگرانی کیلئے ڈیجیٹل آئی کے نام سے سافٹ ویئر نصب کیا (بقیہ نمبر 23)

وزیر اعظم سے صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد کی خصوصی ملاقات

کنٹینرز کی فوری ریلیز اور پورٹس کو اتوار کے روز بھی کھلا رکھنے کے احکامات جاری کردیئے

لاہور (خبرنگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد کی خصوصی درخواست پر وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے فوری طور پر پورٹس (بقیہ نمبر 25)

آئی ایم ایف کا پی آئی اے اور بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی جلد نجکاری کا مطالبہ

آئی ایم ایف وفد نے وزیر خزانہ کو معاشی تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرادی، عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کا زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کیلئے قانون سازی پر اطمینان کا اظہار

آئی ایم ایف نے پوائنٹ آف سیل، ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم موثر بنا کر ٹیکس چوری روکنے پر اصرار کیا ہے، پاکستانی حکام پر امید ہیں کہ 3 شعبوں میں تحفظات کے باوجود مشن قرض اجرا کی سفارش کرے گا: ذرائع

اسلام آباد (خبرنگار) عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف نے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کیلئے قانون سازی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مزید مذاکرات کیلئے آن لائن رابطہ برقرار رکھا جائے گا جبکہ پاکستانی حکام پر امید ہیں کہ 3 شعبوں میں تحفظات کے باوجود مشن قرض اجرا کی سفارش کرے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے ریٹیل، ہول سیل (بقیہ نمبر 28)

ہم سب کو دہشت گردی کیخلاف متحد ہونا ہوگا، بلاول بھٹو

قوم اپنی بہادر افواج کیساتھ کھڑی ہے

صوبائی اسمبلی نے پانی کے مسئلے پر ایک واضح پیغام دیا، کچھ لوگوں کو اس معاملے کی سنگینی کا احساس ہوا یہ اچھی بات ہے، ہم مخالفت برائے مخالفت نہیں کرتے

ہم سمجھتے ہیں کہ مسائل کا حل سیاسی انداز میں ہی نکل سکتا ہے، اس جدوجہد میں بھی سندھ کے عوام کو مایوس نہیں کریں گے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (خبر نگار) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتا ہوں، پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے، ہم سب کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہونا پڑے گا، صوبائی اسمبلی نے پانی کے مسئلے پر ایک واضح پیغام دیا، کچھ لوگوں کو اس معاملے کی سنگینی کا احساس ہوا یہ اچھی بات ہے۔ (بقیہ نمبر 27)

جعفر ایکسپریس حملہ

بھارتی میڈیا دہشتگردوں کو سپورٹ کررہا تھا

ترجمان پاک فوج

جعفر ایکسپریس پر حملہ کرنے والے دہشت گرد افغانستان میں اپنے ہینڈلر کے ساتھ رابطے میں تھے، دہشت گردوں کے پاس غیر ملکی اسلحہ موجود تھا، خودکش بمباروں کی وجہ سے محتاط انداز میں آپریشن کیا گیا، پاکستان میں خارجیوں سمیت افغانی بھی دہشت گردی میں ملوث ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

جعفر ایکسپریس حملہ، پاک فوج کا یرغمالیوں کی رہائی کو ممکن بنانا قابل تعریف ہے، بدامنی پھیلانے والے عناصر سے کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی، علیحدگی پسندوں سے دہشت گردوں جیسا برتاؤ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، سرفراز بگٹی

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اسلام آباد (خبرنگار) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس حملہ پاکستان میں بھارت کی دہشتگرد ذہنیت کا تسلسل ہے، جعفر ایکسپریس پر حملہ کرنے والے دہشت گرد افغانستان میں اپنے ہینڈلر کے ساتھ رابطے میں تھے، خودکش بمباروں کی وجہ سے محتاط انداز میں آپریشن کیا گیا، پاکستان میں خارجیوں سمیت افغانی بھی دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس (بقیہ نمبر 14)

سائفر کیس، عمران خان اور شاہ محمود کیخلاف کیس ثابت کرنے میں استغاثہ ناکام

اسلام آباد (خبرنگار) سائفر کیس میں عمران خان اور شاہ محمود قریشی کے خلاف کیس ثابت کرنے میں استغاثہ ناکام ثابت ہوا۔ (بقیہ نمبر 26)

ٹی ٹی پی اور بی ایل اے میں صرف داڑھی کا فرق ہے، طلال چوہدری

جب ہاؤس میں فلور پر بات کریں تو بنیادی حقائق پتہ ہونے چاہئیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (خبرنگار) وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے میں صرف داڑھی کا فرق ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے طلال (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیر اعظم کی پاکستان بھر میں ہندو برادری کو ہولی کے پر مسرت موقع پر دلی مبارکباد

رنگوں کا تہوار آپ کی زندگیوں کو خوشیوں، صحت کی کامیابیوں اور خوشحالی سے بھر دے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان بھر میں ہندو برادری کو ہولی کے پر مسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ رنگوں کا تہوار آپ کی زندگیوں کو خوشیوں، صحت کی کامیابیوں اور خوشحالی سے بھر دے۔ اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ میں پاکستان بھر میں ہندو برادری کو ہولی کے پر مسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتا (بقیہ نمبر 22)

اسلاموفوبیا کا سب سے بڑا مقابلہ ہم عمل سے کرسکتے ہیں، احسن اقبال

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت انسانیت کے لیے ایک کھلی کتاب ہے: وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (خبرنگار) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا کا سب سے بڑا مقابلہ ہم اپنے عمل سے کر سکتے ہیں۔ ردِ اسلاموفوبیا کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صرف سیاست کیلئے ایسا بیانیہ بنایا گیا جس سے متاثر ہو کر ایک شخص نے میری زندگی لینے کی کوشش کی، کیا یہ اسلام کی تعلیمات ہیں؟ احسن اقبال نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت انسانیت کے لیے ایک کھلی کتاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں اسلام دشمن قوتیں منفی پروپیگنڈا کر کے نفرت پھیلانا چاہتی ہیں لیکن ہمیں اپنے (بقیہ نمبر 21)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

ملک و فوج مخالف تحریک فساد کے ہوتے ہوئے قومی اتحاد ناممکن ہے: عظمیٰ بخاری

حکومت ملک کے تحفظ کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائے گی اور کسی کو بھی ملک کے امن و استحکام سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

پی ٹی آئی کو فرد واحد کو بچانے کی جنگ کے بجائے ملک بچانے کی بات کرنی چاہیے، عوام دہشت گردی کی آگ میں جھلس رہی، کے پی حکومت افغانستان وفود بھیجنے میں مصروف ہے: وزیر اطلاعات

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ملک و فوج مخالف تحریک فساد کے ہوتے ہوئے قومی اتحاد ناممکن بات ہے۔ پی ٹی آئی کو فرد واحد کو بچانے کی جنگ کے بجائے ملک بچانے کی بات کرنی چاہیے۔ کے پی حکومت افغانستان میں وفود بھجوانے میں مصروف ہے جبکہ عوام کو دہشت گردی کی آگ میں جھلس ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز سے نمٹنے کے لیے قومی اتحاد کی اشد ضرورت ہے۔ دہشت گردی اور پاکستان کے تمام دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں متحد ہونا ہوگا اور جہاں پر تحریک انصاف کا فسادی ٹولہ بیٹھا ہو، جو مذمت بھی نہ کرے اور اپنی فوج پر چڑھ دوڑے، وہاں پر متحد ہونا بھی مشکل ہے۔ انہوں نے اس بات (بقیہ نمبر 49)

لاہور ہائیکورٹ کا واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی لگانے کا عندیہ

واٹر میٹرز لگانے کے لئے حکومت کو ایکشن لینا چاہیے اور اس کام کو تیز کریں، جسٹس شاہد کریم

عدالت نے پی ایچ اے کے کھالے نا چلنے اور واٹر میٹرز کی تنصیب نہ کرنے پر واسا کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا

لاہور (خبرنگار) لاہور ہائیکورٹ نے واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی لگانے کا عندیہ دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے تدارک سموگ سے متعلق شہری ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی، سماعت کے دوران پی ایچ اے، ایل ڈی اے اور محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے رپورٹس عدالت میں جمع کرائی گئیں۔ عدالت نے پی ایچ اے کے کھالے نا چلنے اور واٹر میٹرز کی تنصیب نہ کرنے پر واسا کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا، عدالت نے واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی لگانے کا عندیہ دیدیا اور آئندہ جمعہ کو عمل درآمد رپورٹ طلب کرلی۔ واسا کی جانب سے رپورٹ عدالت میں جمع کرائی گئی جس میں بتایا گیا کہ پہلے فیز میں واسا ایک ہزار واٹر میٹرز (بقیہ نمبر 43)

لاہور ہائی کورٹ، گرین بلڈنگز بنانے والوں کو ٹیکس میں ریلیف دینے کی تجویز

عدالت کا واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی نافذ کرنے کا عندیہ، پی ایچ اے کے کھالے نہ چلنے پر عدم اطمینان کا اظہار

لاہور (خبرنگار) لاہور ہائی کورٹ نے گرین بلڈنگز بنانے والوں کو ٹیکس میں ریلیف دینے کی تجویز دے دی۔ لاہور ہائی کورٹ میں اسموگ کے خاتمے سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی، جسٹس شاہد کریم نے درخواست گزار ہارون فاروق سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے آئندہ جمعہ کو عمل درآمد رپورٹ طلب کرلی، پی ایچ اے کے کھالے نہ چلنے پر (بقیہ نمبر 29)

استغاثہ کیس ثابت کرنے میں مکمل ناکام رہا، سائفر کیس میں سزا کالعدم قرار دینے کا تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد (خبرنگار) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سائفر کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی اپیلوں پر سزا کالعدم قرار دینے کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا جس میں کہا گیا کہ استغاثہ کیس ثابت کرنے میں ناکام رہا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 30)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان اور عمان کا جوائنٹ بزنس کونسل کو فعال کرنے اور تجارتی تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق

مسقط (خبرنگار) پاکستان کے وفاقی وزیر برائے تجارت، جام کمال خان، نے عمان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (OCCI) کے چیئرمین، فیصل عبداللہ الرواس، سے جے ڈبلیو میریٹ ہوٹل، مسقط میں ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد چیئرمین او سی سی آئی نے وفاقی وزیر کے اعزاز میں افطار عشائیہ دیا۔

جنوبی وزیرستان میں دھماکا، رہنما جے یو آئی سمیت کئی افراد زخمی

مولانا عبداللہ ندیم جے یو آئی وانا کے امیر اور مسجد کے امام بھی تھے

جنوبی وزیرستان (خبرنگار) خیبر پختونخوا کے قبائلی ضلع جنوبی وزیرستان میں دھماکے کے نتیجے میں جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے رہنما مولانا عبداللہ ندیم سمیت کئی افراد زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس ذرائع نے بتایا کہ بم کو محراب میں نصب کیا گیا تھا، حملے کا ہدف مولانا عبداللہ ندیم تھے۔ مولانا عبداللہ ندیم جے یو آئی وانا کے امیر اور (بقیہ نمبر 41)

وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کررہے ہیں

سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد شیئر کرنے سے گریز کیا جائے: وزیر مذہبی امور

ختم نبوت پر جو یقین نہیں رکھتا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے، اس پر کوئی دو رائے نہیں، سردار یوسف

سوشل میڈیا پر جانے انجانے میں پوسٹ شیئر ہوجاتی ہے، پھر وہ مصیبت بن جاتی ہے۔

اسلام آباد (خبرنگار) وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر انتہائی احتیاط سے کام کریں، توہین آمیز مواد شیئر کرنے سے گریز کریں۔ سردار یوسف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر جانے انجانے میں پوسٹ شیئر ہو جاتی ہے، پھر وہ مصیبت بن جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ختم نبوت پر جو یقین نہیں رکھتا وہ دائرہ اسلام سے خارج (بقیہ نمبر 32)

وزیر صحت کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس

وائس چانسلرز نے میڈیکل ایجوکیشن اور نرسنگ شعبہ کی بہتری کیلئے اہم تجاویز پیش کیں

نظام صحت کی بہتری کیلئے میڈیکل ایجوکیشن سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے: گفتگو

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف ایجنڈاز پر غور وفکر کیا گیا۔ اجلاس کے دوران تمام وائس چانسلرز نے میڈیکل ایجوکیشن اور نرسنگ شعبہ کی بہتری کیلئے اپنی (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی سے پاپولیشن کے حوالے سے وفد ملاقات کررہا ہے

قومی اسمبلی میں بلوچستان ٹرین واقعے پر کوئی بات نہیں کر رہا، عمر ایوب کا شکوہ

افواج پاکستان ملک کی فوج ہے، قربانیاں دے رہی ہے، بلوچستان سانحہ پر دکھ ہے، شہدا کے خاندانوں کے ساتھ ہیں

جعفر ایکسپریس پر حملہ انٹیلی جنس میں ناکامی کی وجہ سے ہوا، کیا یہ ایجنسیاں ستو پی کر سو رہی ہیں، ان ایجنسیوں کا احتساب ہونا چاہیے

انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی مقدمات میں اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب کی درخواست ضمانت میں مزید توسیع کردی

لاہور (خبرنگار) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر و پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عمر ایوب نے شکوہ کیا ہے کہ قومی اسمبلی میں بلوچستان ٹرین واقعے پر کوئی بات نہیں کر رہا، بلوچستان میں جو سانحہ ہوا اس پر دکھ ہے، شہدا کے خاندانوں کے ساتھ ہیں، افواج پاکستان ملک کی فوج ہے اور قربانیاں دے رہی ہے۔ لاہور میں انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب کا کہنا تھا کہ کوٹ لکھپت جیل میں شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد، سینیٹر اعجاز چوہدری سمیت دیگر اسیران سے ملاقات کرنا چاہتا ہوں۔ وکلا کو کہا ہے عدالت میں (بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سپریم کورٹ میں ای فائلنگ کا نیا نظام متعارف کروا دیا گیا

17 مارچ 2025ء سے سپریم کورٹ میں ڈیجیٹل فائلنگ کا آغاز ہوگا

اسلام آباد (خبرنگار) سپریم کورٹ آف پاکستان میں ای فائلنگ کا نیا نظام متعارف کروادیا گیا۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے اعلامیے کے مطابق مقدمات اور درخواستیں اب آن لائن بھی جمع کرائی جاسکیں گی، 17 مارچ 2025ء سے سپریم کورٹ میں ڈیجیٹل فائلنگ کا آغاز ہوگا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ میں ای فائلنگ سے عدالتی نظام میں مزید شفافیت آئے گی۔

ماہ رمضان کے دوسرے ہفتے مہنگائی میں اضافہ، وفاقی ادارہ شماریات

سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح منفی 1.97 فیصد ریکارڈ کی گئی، رپورٹ

زندہ برائلر چکن، ٹماٹر اور چینی سمیت 12 اشیائے ضروریہ مہنگی، ٹماٹر کی قیمت 22 روپے اور چینی کی 9 روپے فی کلو تک بڑھ گئی

لاہور (این این آئی) ماہ رمضان کے دوسرے ہفتے ملک میں مہنگائی کی شرح میں 0.22 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، زندہ برائلر چکن، ٹماٹر اور چینی سمیت 12 اشیائے ضروریہ مہنگی، ٹماٹر کی قیمت 22 روپے اور چینی کی 9 روپے فی کلو تک بڑھ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق 13 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران مہنگائی 0.22 فیصد بڑھی البتہ سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح منفی 1.97 فیصد ریکارڈ کی گئی، گزشتہ ہفتے ٹماٹر 22 روپے فی کلو تک مہنگے ہوئے، اوسط قیمت 80 روپے ریکارڈ کی گئی۔ زندہ مرغی 31 روپے اضافے کے (بقیہ نمبر 33)

لاہور پولیس کے شہداء کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری

لاہور پولیس گارڈز کی شہید سب انسپکٹرز محمد اسلم، منظور احمد، شہید کانسٹیبلز ظفر اقبال اور محمد سعید کی ساتویں برسی پر شہداء کی قبور پر حاضری

لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہداء کی قبور کو سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

لاہور (خبرنگار) لاہور پولیس کے شہداء کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں لاہور پولیس گارڈز نے شہید سب انسپکٹر محمد اسلم، شہید سب انسپکٹر منظور احمد، شہید کانسٹیبل ظفر اقبال اور شہید کانسٹیبل محمد سعید کی ساتویں برسی کے موقع پر شہداء کی قبور پر حاضری۔ لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہداء کی قبور کو سلامی پیش کی، (بقیہ نمبر 37)

موجودہ ایوان اگر جعلی ہے تو کیا چیئرمین قائمہ کمیٹی غیرقانونی نہیں؟ ایاز صادق

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا ناگزیر ہیں، سردار ایاز صادق

ہر چیز کا حل مذاکرات سے ممکن ہے، میں پارلیمنٹ کو رولز کے مطابق چلاؤں گا، کوشش ہوگی کہ قانون کے مطابق پارلیمنٹ چلاؤں

موجودہ ایوان اگر جعلی ہے تو کیا چیئرمین قائمہ کمیٹی غیر قانونی نہیں؟ ہم اب بھی پر امید ہیں کہ مذاکرات ہوں لیکن مذاکرات کسی ایک شخصیت کیلئے نہ ہوں

اسلام آباد (خبرنگار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی والے اس ایوان کو غیر قانونی کہتے ہیں، ایوان اگر جعلی ہے تو کیا چیئرمین قائمہ کمیٹی غیر قانونی نہیں؟۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ مجھے حوالدار کہا جاتا ہے تو مجھے اس پہ فخر ہے، دو طرح کے حوالدار ہوتے ہیں ایک چور پکڑتا ہے اور دوسرا شہید ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمر ایوب نے الزام لگایا کہ انہیں بات کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی، یہ بات کہہ کر انہوں نے سوا گھنٹے تقریر کی، کیا یہ کھلا تضاد نہیں؟ پھر ان کا الزام ہے کہ ان کے سوال نہیں لیے (بقیہ نمبر 34)

چار افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے چار افسران کے تقرر و تبادلے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محمد انس سعید کو اے سی کوٹ رادھا کشن سے تبدیل (بقیہ نمبر 35)

ہائی پاور سلیکشن بورڈ پر ایف بی آر افسران کی پروموشن کا عمل روکنے کا حکم امتناع ختم

اسلام آباد (خبرنگار) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ہائی پاور سلیکشن بورڈ پر ایف بی آر افسران کی پروموشن کا عمل روکنے کا حکم امتناع ختم کردیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس اعجاز اسحاق (بقیہ نمبر 36)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان یورپین یونین پروگرام "مستحکم پارلیمان" کی ٹیم لیڈر میری کمنز سے اسمبلی چیمبر میں ملاقات کررہے ہیں



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز سے محروم

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹبی سٹی میں عاصم سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور موبائل فون※ مصطفی ٹاؤن میں شبیر سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون※ کاہنہ میں مشتاق سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون※ نواب ٹاؤن میں یاسین سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، شالیمار میں عبدالرزاق سے 1 لاکھ روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ جنوبی چھاؤنی اور گلشن راوی سے گاڑیاں جبکہ راوی روڈ سانده اور باغبانپور سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

شہر کے مختلف علاقوں میں سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد۔ پولیس نے دونوں لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق لاری اڈہ کے علاقے میں شکر گڑھ اسٹینڈ کے قریب سے 40 سالہ نامعلوم شخص جبکہ کوٹ لکھپت کے علاقے میں سے 50 سالہ نامعلوم شخص کی لاش ملی ہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر دونوں لاشیں قبضے میں لے کر ایدھی رضا کاروں کی مدد سے پوسٹ مارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے دونوں افراد بظاہر نشے کے عادی معلوم ہوتے ہیں۔ جن کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی ہے جبکہ اصل حقائق پوسٹ مارٹم رپورٹس کے بعد سامنے آ جائیں گے۔ جس کی روشنی میں مزید کارروائی کی جائے گی۔

ٹریفک پولیس کو بیوقوف بنانے کی کوشش ناکام

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک پولیس کو بیوقوف بنانے کی کوشش ناکام، چالان کے جعلی ایس ایم ایس دکھانے والا ڈرائیور گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گڑھی شاہو کے علاقے میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ٹریفک وارڈن نے ٹرک کو روکا، ٹرک ڈرائیور نے پہلے سے جمع کروایا ہوا چالان میسج دکھا دیا جو پرائیویٹ نمبر سے بھیجا گیا تھا ٹریفک وارڈن نے ویری فکیشن کرنے پر ٹرک ڈرائیور کی جعل سازی پکڑ لی، ٹرک ڈرائیور نے پرائیویٹ نمبر کو چالان کو ڈ نمبر سے موبائل میں سیو کیا تھا، ٹریفک وارڈن نے ٹرک ڈرائیور کی جعلسازی سامنے آنے پر اسے تھانے بند کروا دیا جہاں اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کامیاب کارروائی

لاہور (چیف رپورٹر شہباز احمد بھٹی سے) لاہور میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف سخت کارروائی۔ ایڈمنسٹریٹر لاہور کی قیادت میں ترقیاتی اقدامات※ غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ۔ ضلعی انتظامیہ لاہور، ایڈمنسٹریٹر اور ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں، شہر میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف سخت کارروائی کر رہی ہے۔ سید موسیٰ رضا کی ہدایات پر واہگہ ٹاؤن میں کارروائیاں کی گئیں، جن میں بلال گنج، جی ٹی روڈ، اور مومن پورہ کے علاقوں میں پانچ غیر قانونی کمرشل اور انڈسٹریل تعمیرات کو مسمار کیا گیا۔ چیف آفیسر ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا نے واضح کیا کہ خلاف ورزیوں پر کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی، اور بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ یہ اقدامات نہ صرف لاہور کی ترقی اور خوبصورتی کو فروغ دے رہے ہیں بلکہ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی قائدانہ صلاحیتوں اور شہری انتظامیہ کے عزم کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔

لاہور پولیس کے شہداء کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری

لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہداء کی قبروں پر سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کے شہدائ※ کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں لاہور پولیس کی گارڈ نے شہید سب انسپکٹر محمد اسلم، شہید سب انسپکٹر منظور احمد، شہید کانسٹیبل ظفر اقبال اور شہید کانسٹیبل محمد سعید کی ساتویں برسی کے موقع پر شہدائ※ کی قبروں پر حاضری دی۔ لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہدائ※ کی قبروں پر سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر فرض کی راہ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس افسران اور جوانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شہید سب انسپکٹر محمد اسلم، شہید سب انسپکٹر منظور احمد، اور شہید کانسٹیبل محمد سعید 14 مارچ 2018ئ※ کو رائیونڈ اجتماع میں خودکش دھماکے میں شہادت کے منصب پر فائز ہوئے جبکہ کانسٹیبل ظفر اقبال نے 14 مارچ 2018ئ※ کو اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں جام شہادت نوش کیا تھا۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ستھرا پنجاب پروگرام تحت 15 لاکھ ٹن ویسٹ اٹھایا جا چکا ہے، وزیر بلدیات

تین ماہ کے دوران شہریوں کی جانب سے 13 ہزار 246 شکایات موصول ہوئیں جن پر 24 گھنٹوں کے اندر ایکشن لیا گیا

سی ای اوز فیلڈ کے روزانہ دورے کریں، مانیٹرنگ کا ڈیٹا بروقت اپ لوڈ نہ کرنے پر کارروائی ہوگی، ذیشان رفیق

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت اب تک صوبہ بھر میں 15 لاکھ ٹن سے زائد ویسٹ اٹھایا جا چکا ہے۔ تین ماہ کے دوران شہریوں کی جانب سے 13 ہزار 246 شکایات موصول ہوئیں جن پر 24 گھنٹوں کے اندر ایکشن لیا گیا۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹریز آسیہ گل، ارشد بیگ، ایل ڈبلیو ایم سی کے سی ای او بابر صاحب دین اور بہاولپور کی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او نعیم اختر بھی موجود تھے جبکہ دیگر تمام ویسٹ مینجمنٹ کمپنیز کے سی ای اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت اب تک 212 عارضی کولیکشن پوائنٹس اور 903 ویسٹ انکلوژرز بن چکے ہیں۔ اس وقت پنجاب بھر میں 15 ہزار 742 گاڑیاں صفائی کا کام کر رہی ہیں جبکہ ایک لاکھ 45 ہزار آلات استعمال ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زیر التوا شکایات پر بروقت کارروائی کی جائے۔ وزیر بلدیات نے گوجرانوالہ اور ڈی جی خان میں کنٹینرز کی تعداد کم ہونے کا نوٹس لیتے ہوئے دونوں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کو جلد کنٹینرز پورے کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سختی کے ساتھ کہا کہ سی ای اوز دفاتر میں نہ بیٹھے رہیں بلکہ فیلڈ کے روزانہ دورے کریں۔ کنٹریکٹرز کی مانیٹرنگ کا ڈیٹا بروقت اپ لوڈ نہ کرنے پر کارروائی کی جائے گی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کا ستھرا پنجاب پروگرام مکمل ڈیجیٹل ہے۔ اگر کسی جگہ ڈیٹا اپ لوڈ کرنے میں چیلنجز درپیش ہیں تو پی آئی ٹی بی کے تعاون سے ان کا حل نکالا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عارضی کولیکشن پوائنٹس سے ہفتے میں کم از کم دو دفعہ لازمی کوڑا اٹھایا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کنٹریکٹرز کی استعداد کار میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ طے شدہ کے پی آئیز کے مطابق کام کیا جائے۔

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا شہریوں کیلئے صحت کی سہولیات میں بہتری کیلئے کوشاں

لاہور کی صحت کی سہولیات کو بڑا فروغ، ڈی سی سید موسیٰ رضا کا علی رضا آباد بنیادی صحت مرکز کا اچانک دورہ

لاہور، (خبر نگار) عوامی صحت کی دیکھ بھال کے لیے ضلعی انتظامیہ کا مضبوط عزم، ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے بنیادی مرکز صحت علی رضا آباد کا اچانک معائنہ کیا، جس میں چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور شاہد عباس کاٹھیا اور اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن خواجہ محمد عمیر محمود ان کے ہمراہ تھے۔ اس جامع دورے کے دوران، ڈی سی لاہور نے انتظامی امور کا گہرائی سے جائزہ لیا، ڈاکٹرز اور عملے کی حاضری کے ریکارڈ، ادویات کی فراہمی کے سلسلے، انوینٹری مینجمنٹ، اور اندراج کے عمل کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ ڈی سی سید موسیٰ رضا نے ذاتی طور پر مختلف سیکشنز کا دورہ کیا، انہوں نے انتظامیہ کو تمام مریضوں کو بہترین طبی دیکھ بھال کی فراہمی کو یقینی بنانے کی واضح ہدایات جاری کیں اور صحت مرکز میں صفائی کے معیارات کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔

گلشن راوی پولیس نے کارروائیوں کے دوران 4 منشیات فروش گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) گلشن راوی پولیس نے کارروائیوں کے دوران 4 منشیات فروش گرفتار کر لیے۔ ترجمان پولیس کے مطابق گلشن راوی پولیس نے کارروائیوں کے دوران گلشن راوی کی گلیوں بازاروں میں منشیات فروخت کرتے ہوئے ملزمان مغیث، بابر، اللہ بخش اور کاشف کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے مجموعی طور پر 4 کلو 480 گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر کے انہیں انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا

امتحانات میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے وزیر تعلیم کی ٹیمیں متحرک

چیئرمین ٹاسک فورس فار ایجوکیشن نے فیروزوالہ امتحانی سنٹر سے سپرنٹینڈنٹ رنگے ہاتھوں پکڑ لیا

وزیر تعلیم کی ہدایت پر چیئرمین ٹاسک فورس فار ایجوکیشن مزمل محمود امتحانی سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایت پر امتحانات میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے پنجاب بھر میں ٹیمیں متحرک ہیں اور امتحانی سنٹرز کی مانیٹرنگ کے علاوہ خفیہ نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ وزیر تعلیم کی نمائندگی کرتے ہوئے چیئرمین ٹاسک فورس فار ایجوکیشن مزمل محمود نے فیروز والا کے امتحانی سنٹر کا اچانک دورہ کیا جہاں انہوں نے طلباء کی شکایات پر چیکنگ کے دوران سپرنٹینڈنٹ کے موبائل فون سے بعض امیدواروں کی مدد اور مورل سپورٹ کے بارے میں وائس چیٹ اور رول نمبر سلپ برآمد کر لی۔ چیئرمین ٹاسک فورس نے سپرنٹینڈنٹ سے 17 ہزار روپے اور رقم منتقلی کے ثبوت بھی حاصل کر لئے۔ مزمل محمود نے کہا کہ علی رضا دوسرے سنٹر کے سپرنٹینڈنٹ سے رول نمبرز کے تبادلے میں بھی ملوث پایا گیا ہے۔ انہوں نے سپرنٹینڈنٹ کو فوری طور پر معطل کر کے ایف آئی آر درج کروا دی۔ مزمل محمود نے سپرنٹینڈنٹ کو پولیس کے حوالے کرنے کے علاوہ محکمانہ انکوائری کا حکم بھی دے دیا ہے۔ انہوں نے پولیس کو علی رضا کے خلاف قانونی تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے تفتیش کی ہدایت کی ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

بیجنگ انڈر پاس میں سکیورٹی گارڈ کی شہری پر فائرنگ کے کیس میں پیشرفت

لاہور (کرائم رپورٹر) بیجنگ انڈر پاس میں سکیورٹی گارڈ کی شہری پر فائرنگ کے کیس میں پیشرفت، حکومتی ایم پی اے کے مہمانوں کی گاڑی کیساتھ موجود گارڈز نے فائرنگ کی۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق بیجنگ انڈر پاس کے قریب شہری پر فائرنگ کرنے والے گارڈز ایم پی اے ایمانوئل اطہر کے ہمراہ تھے انڈر پاس سے قبل شہری عمران کا غیر ملکی مہمانوں کی گاڑیوں کے قافلے میں آنے کی کوشش پر جھگڑا ہوا اس دوران شہری نے سیکورٹی کی گاڑیوں کو ایک بار ٹکر بھی ماری بعد ازاں بار بار گاڑی ساتھ لگانے پر گارڈز نے طیش میں آ کر اس پر فائرنگ کی ذرائع کا کہنا ہے کہ ایم پی اے ایمانوئل اطہر نے مہمانوں کیلئے پنجاب پولیس سے سکیورٹی دینے کی درخواست کی تھی، پولیس کی جانب سے غیر ملکی مہمانوں کی سکیورٹی کیلئے پولیس ڈیوٹی بھی لگائی گئی تھی اس کے علاوہ ایم پی اے نے مزید سکیورٹی فراہم کرنے کیلئے کمپنی سے 2 ڈالے اور 6 گارڈز حاصل کیے تھے ان سکیورٹی گارڈز کا رویہ غیر پیشہ ورانہ تھا انہوں نے بلا جواز طیش میں آ کر فائرنگ کی دوسری جانب پولیس کا کہنا ہے کہ سکیورٹی کمپنی مین کرنے کے لیے کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے

شادباغ انوسٹی گیشن پولیس کی غلط تفتیش

مدعی مقدمہ کے احتجاج پر۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن نوید قریشی کا نوٹس مدعی مقدمہ کو انصاف کے لئے اپنے دفتر بلوالیا

لاہور (فرید بابر خان سے) شادباغ انوسٹی گیشن پولیس کی غلط تفتیش مدعی مقدمہ کے احتجاج پر۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن نوید قریشی کا نوٹس مدعی مقدمہ کو انصاف کے لئے اپنے دفتر بلوالیا انصاف کی یقین دہانی کراتے ہوئے انکوائری شروع کر دی۔ چند روز قبل۔ شادباغ محلہ الطاف پارک شیر شاہ روڈ مکان 24 کے رہائشی قاسم نے اپنے گھر کی خواتین پر تشدد قاتلانہ حملے کا مقدمہ درج کروا رکھا ہے۔ ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ ملزمان ۔ اجمل۔ طاہر آصف۔ تنویر نے مل کر پہلے خواتین آمنہ بی بی اور آئینہ بی بی پران کی رہائش گاہ میں داخل ہو کر تشدد کرتے رہے جبکہ خاتون کے شوہر نوید کے آنے پر ملزمان نے نوید پر بھی وحشیانہ تشدد کرتے ہوئے۔۔ 18 چھریوں کے وار سے شدید زخمی کر دیا اور شدید زخمی حالت میں چھوڑ کر موقع سے فرار ہو گئے اہل علاقہ نے زخمی نوید کو فوری طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کیا جو موت کی کشمکش میں مبتلا۔ ہے مدعی مقدمہ کے مطابق۔ انوسٹی انچارج صدیق اور اے ایس آئی نعیم تھانہ شادباغ نے اصل ملزمان کو بے گناہ کر دیا جس پر مدعی مقدمہ نے ایس ایس پی انوسٹی نوید قریشی کو درخواست دی جس پر ایس ایس پی نے فوری انصاف کی یقین دہانی کرواتے ہوئے انکوائری شروع کر دی۔

9 بھائیوں کے درمیاں پراپرٹی کا تنازعہ چل رہا ہے: تفتیشی افسر نعیم

لاہور (کرائم رپورٹر) شادباغ انوسٹی گیشن مقدمہ 419۔ دفعہ 324۔ کے۔ تفتیشی نعیم اور انچارج انوسٹی گیشن صدیق نے بتایا کہ یہ 9 بھائی ہیں۔ ان کا پراپرٹی کا تنازعہ چل رہا ہے۔ اب افسران کے کہنے پر تفتیش کر رہے ہیں۔ ایس ایس پی نوید قریشی نے بلوایا تھا اب میرٹ ہو گا۔

خواتین اور میرے بھائی کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا: مدعی قاسم

ملزمان کی دوبارہ میرٹ اور کسی ایماندار آفیسر سے تفتیش کرائی جائے: اعلیٰ حکام سے اپیل

لاہور (کرائم رپورٹر) شادباغ مدعی مقدمہ قاسم نے بتایا کی انوسٹی گیشن پولیس نے ملزمان سے ساز باز کرتے ہوئے میرٹ پر تفتیش نہ کرتے ہوئے 3 کو بے گناہ کر دیا جبکہ یہ سب نے خواتین اور میرے بھائی کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ۔ بنایا ہے میری۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ۔ ڈی آئی جی آپریشن فیصل کامران۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن نوید قریشی سے مدعی کی اپیل ہے کہ۔ ملزمان کی دوبارہ میرٹ اور کسی ایماندار آفیسر سے تفتیش کرائی جائے۔ اور ان۔ کرپٹ پولیس والوں کو معطل کیا جائے جو اہکار اعلی پولیس افسران کو بدنام کر رہے ہیں لاہور۔ کرائم رپورٹر۔ قاسم کا کہنا ہے کہ میرے بھائی کو۔ 18 چھریوں کے وار کرنے والے ملزم بے گناہ کیسے ہو گئے جبکہ میڈیکل رپورٹ بھی ساتھ لگی ہے میرے بھائی کی کئی وینز کٹ گئی ہیں۔ ملزم تنویر نے۔ انوسٹی گیشن پولیس کی ملی بھگت سے خود گرفتاری دی ہے جبکہ الہ زرب بھی خود ڈال دیا ہے۔ خود ہی سبزی کاٹنے والی چھری برآمد کروا دی جبکہ اصل چھری آلہ قتل تفتیشی برآمد نہ کر سکی مدعی مقدمہ قاسم نے بتایا کہ میں نے۔ شادباغ مقدمہ نمبری ۔۔25۔۔419۔۔دفعہ 324۔۔ درج کروایا اور ملزمان کی نشاندہی کروائی تھی۔ جبکہ شادباغ انوسٹی گیشن انچارج صدیق اور تفتیشی اے ایس آئی نعیم زبردستی صلح کے لیے دباؤ ڈال رہے ہیں۔

یو ای ٹی لاہور نے نثار احمد کو کمپیوٹر انجینئرنگ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری جاری کر دی

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور نے نثار احمد کو کمپیوٹر انجینئرنگ میں مشین لرننگ کے طریقوں کو استعمال کرتے ہوئے تصوراتی تصویر کے معیار کا جائزہ ” کے موضوع پر پی ایچ ڈی مقالے کی تکمیل کے بعد، پی ایچ ڈی کی ڈگری جاری کر دی ہے۔

ڈولفن اسکواڈ نے سیریل وائز وارداتیں کرنیوالا شاطر ملزم گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن اسکواڈ نے سیریل وائز وارداتیں کرنیوالا شاطر ملزم گرفتار۔ ترجمان ڈولفن ڈولفن کے مطابق ملزم وقاص کو انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے واردات کے دوران رنگے ہاتھوں فرنیچر مارکیٹ سے گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے چھینے گئے 2 موبائل برآمد کر کے مزید تفتیش کے لیے تھانہ نوانکوٹ کے حوالے کر دیا ترجمان نے مزید بتایا کہ ملزم نے گزشتہ روز شہری سے موبائل چھینا تھا

پیپلز پارٹی لاہور کے سینئر نائب صدر مرحوم اشرف بھٹی کی پہلی برسی ان کی رہائش گاہ سبحپال پنڈ نزد ڈی ایچ اے کی گیلانی مسجد میں منعقد ہوئی

لوگوں کی بڑی اکثریت نے شرکت کی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے اجتماعی دعا بھی کی

لاہور (خبر نگار) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما عابد حسین صدیقی نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کروائے بغیر عوامی مسائل کا حل ناممکن ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ حکومت فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کا اعلان کرے، دیگر تینوں صوبوں میں بلدیاتی انتخابات ہو چکے ہیں، صوبے میں تمام ترقیاتی کام ارکان قومی و صوبائی اسمبلیوں ارکان کی بجائے منتخب بلدیاتی نمائندوں کے ذریعے کروائے جائیں، قومی و چاروں صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کو صرف قانون سازی تک محدود رکھا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلدیاتی ایکٹ میں خامیوں کو دور کرنے کے لئے سب سیاسی جماعتوں سے مشاورت کی فوری طور پر پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروائے جائیں تاکہ عوام کے مسائل حل کئے جا سکیں پیپلز پارٹی کا مطالبہ ہے کہ حکومت فوری طور پر الیکشن کمیشن کو پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروانے کا کہے الیکشن کمیشن بھی پنجاب میں پہلے ہی بلدیاتی انتخابات کروانے کا کہہ چکی ہے عوام کو اس نظام سے دور رکھنا جمہوری دور حکومت میں کوئی اچھی بات نہیں۔

لاہور پولیس کو گزشتہ 7 سال سے چکمہ دینے والا ملزم ڈولفن سکواڈ نے گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کو گزشتہ 7 سال سے چکمہ دینے والا ملزم ڈولفن سکواڈ نے گرفتار کر لیا۔ ملزم پر 2018 میں ڈکیتی و چوری کے مقدمات درج ہوئے تھے۔ ترجمان ڈولفن اسکواڈ کے مطابق ملزم چوری و ڈکیتی کے مقدمات میں عدالت میں پیش نہیں ہو رہا تھا اور گزشتہ 7 سال سے عدالتی مفرور تھا اس کے خلاف تھانہ گجر پورہ میں گن پوائنٹ پر وارداتیں کرنے کا مقدمہ 42/18 درج ہے گزشتہ روز ڈولفن ٹیم نے ملزم عامر کو سنیپ چیکنگ کے دوران گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی کیلئے تھانہ گجر پورہ کے حوالے کر دیا

پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن میں ملازمین کی برطرفی کی مختلف کہانیاں سامنے آتی رہی ہیں

کسی کو جعلی ڈگری کی بنیاد پر فارغ کر دیا گیا، کسی کو وی ایس ایس یعنی رضا کارانہ علیحدگی کی اسکیم کے نام پر گھر بھیج دیا گیا



کراچی (پریس ریلیز) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن میں ملازمین کی برطرفی کی مختلف کہانیاں سامنے آ رہی ہیں۔ کسی کو جعلی ڈگری کی بنیاد پر فارغ کر دیا گیا، کسی کو وی ایس ایس یعنی رضاکارانہ علیحدگی کی اسکیم کے نام پر گھر بھیج دیا گیا، اور کسی کو انتظامی حربے استعمال کر کے مجبور کر دیا گیا کہ وہ خود ہی استعفیٰ دے دے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا واقعی جعلی ڈگریاں ہی اصل مسئلہ تھیں، یا پس پردہ کچھ اور عوامل بھی کارفرما تھے؟ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ کچھ لوگ واقعی جعلی ڈگریاں لے کر ملازمت کرتے رہے، لیکن اگر ان کی ڈگری جعلی تھی تو بیس پچیس سال تک کسی نے نوٹس کیوں نہ لیا؟ ان ملازمین نے دہائیوں تک ایمانداری سے کام کیا، کئی محکمے چلائے، ادارے کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا، لیکن جب پالیسی سازوں نے ان کو نکالنے کا ارادہ کیا تو یہی ڈگریاں اچانک "جعلی" ثابت کر دی گئیں۔ کئی ایسے افراد تھے جنہوں نے اپنی عملی مہارت، تجربے اور کارکردگی کی بنیاد پر ادارے میں اپنا مقام بنایا۔ ان کی ڈگریوں پر بھی کسی نے اعتراض نہ کیا، لیکن جیسے ہی پی آئی اے میں ملازمین کی چھانٹی کا منصوبہ بنایا گیا، انہی ڈگریوں کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جانے لگا۔ ایک سینئر انجینئر نے بائیس سال تک پی آئی اے میں اپنی خدمات انجام دیں۔ ان کی مہارت، تجربہ اور کام کی رفتار مثالی تھی، لیکن جیسے ہی ادارے نے ملازمین کی تعداد کم کرنے کا فیصلہ کیا، ان کی ڈگری کو غیر مستند قرار دے کر برطرف کر دیا گیا۔ حالانکہ وہ عملی طور پر ایک ماہر انجینئر تھے اور ان کی فنی مہارت پر کبھی کوئی سوال نہیں اٹھایا گیا تھا۔ ایسا ہی معاملہ کیبن کریو کے کئی افراد کے ساتھ ہوا۔ کچھ ایئر ہوسٹس اور فلائٹ اٹینڈنٹس جو برسوں سے بین الاقوامی پروازوں میں خدمات انجام دیتے رہے، ان پر اچانک انکشاف ہوا کہ ان کی تعلیمی اسناد تسلی بخش نہیں ہیں، حالانکہ وہ پندرہ بیس سال سے پی آئی اے کے معیار پر پورا اتر رہے تھے۔

ریلوے لاہور ڈویژن نے پی سی ون کے تحت سٹیشنوں کی سولرائزیشن پر منتقلی کے کام کا آغاز کر دیا

ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل کی لیڈرشپ میں سولرائزیشن پروجیکٹ جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ ڈویژنل الیکٹریکل انجینیئر محمد ناصر



لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلوے لاہور ڈویژن نے پی سی ون کے تحت سٹیشنوں کی سولرائزیشن پر منتقلی کے کام کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق رائیونڈ ریلوے سٹیشن کی سولرائزیشن پر مکمل منتقلی کے بعد گوجرانوالہ اور گجرات ریلوے سٹیشنوں کی سولرائزیشن پر منتقلی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر لاہور محمد ناصر کے مطابق ریلوے لاہور ڈویژن کے 14 بڑے ریلوے سٹیشنوں پر سولرائزیشن سسٹم انسٹال کیا جائے گا جن میں اوکاڑہ، اوکاڑہ کینٹ، سانگلہ ہل، چک جھمرہ، کوٹ لکھپت، والٹن، لاہور کینٹ، چھانگا مانگا، کالا شکاکو اور کوٹ رادھا کشن شامل ہیں۔ ایک ریلوے سٹیشن سے 3 ہزار یونٹ بجلی بچت کے ساتھ ماہانہ 15 لاکھ روپے کی بچت ہوگی۔ اسی طرح ریلوے لاہور ڈویژن میں سولرائزیشن سسٹم سے ادارے کو ماہانہ 2 کروڑ 10 لاکھ روپے بجلی کی مد میں بچت ہوگی۔ ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر پاور نے مزید کہا کہ ڈی ایس ریلوے لاہور ڈویژن محمد حنیف گل کی لیڈرشپ میں سولرائزیشن پروجیکٹ جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ ریلوے سٹیشنوں کی سولرائزیشن پر منتقلی کے حوالے سے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل کا کہنا ہے کہ سولرائزیشن سے سٹیشنوں کو بلا تعطل بجلی دستیاب رہے گی جس سے ٹرین آپریشن مزید بہتر ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریلوے سٹیشنوں کی سولرائزیشن پر منتقلی سے محکمے کو ریونیو میں خاطر خواہ بچت ہوگی۔ واضح رہے ریلوے لاہور ڈویژن نے پی سی ون کے تحت سب سے پہلے سولرائزیشن سسٹم پر کام کا آغاز کیا۔

وزیر اعلیٰ کی خصوصی ہدایات پر واسا لاہور متحرک، خیابان فردوسی جوہر ٹاؤن میں ٹرنک سیور کی تبدیلی کا کام جاری

واسا لاہور جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے: غفران احمد

لاہور (صابر غوری) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر واسا لاہور نکاسی آب کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ اسی سلسلے میں خیابان فردوسی، جوہر ٹاؤن میں پرانے اور خستہ حال ٹرنک سیور کی تبدیلی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر واسا، غفران احمد نے خیابان فردوسی پر جاری ترقیاتی کام کا معائنہ کیا اور منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایکسین مظفر عباس نے ایم ڈی واسا کو تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ 72 انچ سائز کی نئی پائپ لائن بچھانے کا کام تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ خیابان فردوسی ٹرنک سیور شوق چوک سے شوکت خانم اسپتال تک 15.4 کلومیٹر طویل ہوگا، جس پر 1900 ملین روپے لاگت آئے گی اور منصوبہ 10 ماہ میں مکمل کیا جائے گا۔ نظریہ پاکستان روڈ کے نیچے 250 فٹ تک کا سیور انڈر گراؤنڈ ڈالا جائے گا، جبکہ دوسری طرف خیابان فردوسی پر اوپن کٹ تکنیک کو استعمال میں لاتے ہوئے سیور ڈالنے کے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ایم ڈی واسا، غفران احمد نے جاری کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت دی کہ منصوبے کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور اسے مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو جلد از جلد سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ واسا لاہور جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاکہ عوام کو درپیش مسائل کا دیرپا اور پائیدار حل فراہم کیا جا سکے۔

PROJECT IMPLEMENTATION UNIT (PIU)
PUNJAB URBAN LAND SYSTEMS
ENHANCEMENT (PULSE)
Punjab Land Records Authority (PLRA)
Government of the Punjab
****

Request for Bids

Employer: Punjab Land Records Authority, Govt. of Punjab
Project: Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) Project
Contract title: Public Display of Maps & Removal of Anomalies after updation/partitioning Package-1, Three Divisions of Punjab (Lahore, Faisalabad, Sargodha)
Country: Pakistan
Credit No.: 7041-PK
RFB No: PK-PLRA-474571-NC-RFB
Issued on: 13th March, 2025

1. The Project Implementation Unit, Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) Project, Govt. of Punjab has received financing from the World Bank toward the cost of the PULSE Project, and intends to apply part of the proceeds toward payments under the contract for Public Display of Maps & Removal of Anomalies after updation/partitioning Package-1, Three divisions of Punjab (Lahore, Faisalabad, Sargodha).
2. The Project Implementation Unit, PULSE, Govt. of Punjab now invites sealed Bids from eligible Bidders for Public Display of Maps & Removal of Anomalies after updation/partitioning Package-1, Three divisions of Punjab (Lahore, Faisalabad, Sargodha).
3. Bidding will be conducted through national competitive procurement using a Request for Bids (RFB), "Single Stage One Envelope" procedure, as specified in the World Bank's "Procurement Regulations for IPF Borrowers dated November, 2020, and is open to all eligible Bidders as defined in the Procurement Regulations.
4. The bidding document in English language may be downloaded by interested eligible Bidders from the website https://pulse.gop.pk/. Pre-Bid Meeting shall be held on **1100 hours March 26, 2025** in PULSE office which may be attended virtually through Zoom on request at pspiupulse@punjab-zameen.gov.pk. Interested eligible Bidders may obtain further information (if required) from the office of the Procurement Specialist, Project Implementation Unit, Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE), Govt. of Punjab, (**Email:** pspiupulse@punjab-zameen.gov.pk).
5. The bidding document in English may be obtained by interested eligible Bidders from the website of the undersigned.
6. Bids must be delivered to the address below on or before **09th April, 2025 at 11:00 AM.** Electronic Bidding will not be permitted. Late Bids will be rejected. Bids will be publicly opened in the presence of the Bidders' designated representatives and anyone who chooses to attend at the address below on **09th April, 2025** immediately after bid submission deadline.
7. **All Bids must be accompanied by a Bid Securing Declaration for each lot as per below details:**

Lot-1:	Lahore Division
Lot-2:	Faisalabad Division
Lot-3:	Sargodha Division

8. Attention is drawn to the Procurement Regulations requiring the Borrower to disclose information on the successful bidder's beneficial ownership, as part of the Contract Award Notice, using the Beneficial Ownership Disclosure Form as included in the bidding document.
9. The address referred to above is:

PROCUREMENT SPECIALIST
Punjab Urban Land Systems Enhancement
Punjab Land Records Authority (PLRA)
Government of the Punjab, Pakistan
158A Abu Bakar Block, Garden Town, Lahore.
Ph: 042-37882061-63
Website: https://pulse.gop.pk/.

IPL:984

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 15 مارچ 2025ء

نارووال سکول ایجوکیشن کی سطح پر طلباء اور طالبات میں لیپ ٹاپ کی تقسیم

دوران تقریب وفاقی وزیر منصوبہ بندی و پلاننگ پروفیسر احسن اقبال اور چیئرمین امین پنجاب بیت المال خواجہ محمد وسیم بٹ نے سکول کی طالبات میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے

شکر گڑھ (عمران عارف سے) گورنمنٹ ایم بی گرلز ہائی سکول نارووال کا اعزاز، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے سکول ایجوکیشن کی سطح پر طلباء اور طالبات میں لیپ ٹاپ کی تقسیم۔ گورنمنٹ ایم بی گرلز ہائی سکول کی 8 طالبات آمنہ شاہ اللہ، دعا زہرہ، فائکہ عمران، بسمہ حنیف، عارفہ رشید، انہا ہماس، منساخیر نے لیپ ٹاپس کے حصول کے لیے کوالیفائی کیا۔ گزشتہ ہفتے محکمہ ایجوکیشن کی طرف سے گورنمنٹ ایم بی گرلز ہائی سکول میں شاندار اور پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ دوران تقریب وفاقی وزیر منصوبہ بندی و پلاننگ پروفیسر احسن اقبال اور چیئرمین امین پنجاب بیت المال خواجہ محمد وسیم بٹ نے سکول کی طالبات میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے جو کہ ضلع نارووال کے لیے باعث فخر اور اعزاز کی بات ہے۔ پرنسپل گورنمنٹ ایم بی گرلز ہائی سکول میڈم امبر شہزادی نے اس حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال اور خواجہ محمد وسیم بٹ کی تقریب میں تشریف آوری ہمارے لیے ایک فخر کا باعث ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جو ان کے دست شفقت سے جو اعزاز ہمارے سکول کو ملا ہے جو کہ ہمارے سکول کی تاریخ میں روشن باب کی حیثیت رکھتا ہے جس کا تمام تر سہرا ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا اور سی ای او ایجوکیشن کے سر جاتا ہے۔ پرنسپل امبر شہزادی نے امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ تعالیٰ گورنمنٹ ایم گرلز ہائی سکول نارووال آئندہ بھی اسی طرح تمام شعبوں میں نمایاں طور پر اپنی کارکردگی کے تسلسل کو جاری رکھا جائے گا۔

مصطفیٰ آباد: مرکزی مسلم لیگ کی طرف سے صحافیوں کے اعزاز میں دعوت افطار کا اہتمام

مرکزی رہنماؤں کی مرکزی مسلم لیگ کے خدمت انسانیت کے کاموں کے حوالے سے بریفنگ

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مرکزی مسلم لیگ کی طرف سے صحافیوں کے اعزاز میں دعوت افطار کا اہتمام، مرکزی رہنماؤں کی مرکزی مسلم لیگ کے خدمت انسانیت کے کاموں کے حوالے سے بریفنگ، تفصیلات کے مطابق مرکزی مسلم لیگ کی طرف سے صحافیوں کے اعزاز میں دعوت افطار کا اہتمام کیا گیا، دعوت افطار میں پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ سمیت دیگر سینئر صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، چوہدری محمد فیاض صدر پاکستان مرکزی مسلم لیگ وسطی پنجاب اور محمد عبداللہ صدر پاکستان مرکزی مسلم لیگ صوبہ پنجاب میڈیا سیل اور ان کے ساتھ مرکزی رہنما پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع قصور مدثر نذر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ تنقید کی بجائے تعمیر کا ایجنڈا لیکر کھڑا ہے قصور کے اندر اس سال غریب افراد کے اندر بکریاں تقسیم کی، گائیں اور بھینسیں تقسیم کی، بلا سود قرضے، موٹر سائیکل، الیکٹرک موٹر سائیکل فراہم کیے، تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لئے ہسپتال بنایا ہے، سیلاب میں جانوروں کے لئے چارے کا انتظام کیا گیا، مسافروں اور مزدوروں کے روزہ کے لئے مرکزی مسلم لیگ پنجاب بھر میں سحری و افطاری کا اہتمام کر رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں شوگر ملز اور کاشتکاروں کے نمائندے شریک ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان اور مدینہ شوگر ملز کو کسانوں کے بقایا جات کی ادائیگی یقینی بنانے کا واضح پیغام دیا اور کہا کہ کسانوں کو ادائیگی نہ کرنے والی شوگر ملز کیخلاف ایکشن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نے کسانوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کی سخت ترین ہدایات جاری کر رکھی ہیں۔ اس ضمن میں زیرو ٹالرنس ہے لہٰذا ادائیگیاں یقینی بنائیں۔

ضلع کچہری میں بہترین ڈیوٹی انجام دینے والے پولیس اہلکاروں کی حوصلہ افزائی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) ضلع کچہری میں بہترین ڈیوٹی انجام دینے والے پولیس اہلکاروں کی حوصلہ افزائی۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے ضلع کچہری میں سیکیورٹی ڈیوٹی انجام دینے والے پولیس افسران و جوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ دیے۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ محنت، ایمانداری اور جانفشانی سے فرائض ادا کرنے والے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی ساہیوال پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ ان کا عزم مزید مضبوط ہو اور وہ بہترین خدمات انجام دیتے رہیں۔

نادرا آفس کو عوامی سماجی حلقوں کی جانب سے خراج تحسین

عارف والا (تحصیل رپورٹر) نادرا آفس آنے والے سائلین کو بہتر سہولیات دینے پر انچارج اور دیگر عملہ نادرا آفس کو عوامی سماجی حلقوں کی جانب سے خراج تحسین نادرا آفس آنے سائلین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نادرا آفس کے عملہ کی جانب سے بہتر سہولیات دینے پر ان کو خراج تحسین پیش کرتے ھے انہوں نے کہا کہ دور دراز سے آنے والے سائلین وفاقی حکومت کی پالیسی کے مطابق اپنے مسائل حل کروا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عمر رسیدہ خواتین اور مردوں کو پالسی کے مطابق ترجیح دی جاتی ھے جو ایک احسن اقدام ھے

مہنگائی کنٹرول نہیں ہو رہی بلکہ گراں فروشی عروج پر ہے

حکومتی دعووں کے باوجود رمضان المبارک کے آغاز سے ہی ملک بھر میں اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ چل رہا ہے مگر مہنگائی کنٹرول نہیں ہو رہی بلکہ گراں فروشی عروج پر ہے۔ حکومتی دعووں کے باوجود رمضان المبارک کے آغاز سے ہی ملک بھر میں اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے دوسرا عشرہ شروع ہوگیا مگر گوشت، سبزیوں، پھلوں اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کی قیمتیں ابھی بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں جس کی وجہ سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں مارکیٹ سروے کے مطابق رمضان المبارک سے قبل جو اشیاء عام نرخوں پر دستیاب تھیں وہ اب بھی دوگنا قیمت پر فروخت ہو رہی ہیں آٹا، چینی، گھی، دودھ اور دیگر بنیادی ضروریات کی اشیاء کی قیمتوں میں 20 سے 50 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے پھلوں اور سبزیوں کی قیمتیں بھی غریب آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں مگر رمضان المبارک میں مہنگائی کنٹرول کرنے کے دعوے محض دعوے ہی ثابت ہو رہے ہیں

دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ وقاص اکرم اعوان

ٹرین مسافر یرغمال بنانا غیر انسانی فعل ہے۔ سابق سینئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کوئٹہ سے پشاور جانیوالی جعفر ایکسپریس کے معصوم مسافروں کو روک کر خواتین و بچوں سمیت سینکڑوں لوگوں کو یرغمال بنانے کا عمل کسی طور بھی قابل قبول نہیں اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے اور اس دوران ہوئی پاکستانیوں کی شہادتوں پر شہداء کی فیملیز کیساتھ اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سابق سینئر نائب صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ وقاص اکرم اعوان نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب پاکستانیوں کو ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ پاکستان ہے تو ہم ہیں اس کی معیشت کو مضبوط کر کے دنیا میں پاکستان کو معاشی طور پر ناقابل تسخیر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک و قوم کے اندرونی بیرونی سرحدی محافظ ملک وقوم کی آنکھ کا تارا ہیں۔ قومی سلامتی کے سیکیورٹی ادارے ہمارا وقار اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔

مصطفیٰ آباد: نگہبان پیکج میں نام شامل نہ کرنے پر اہل علاقہ کا ٹیم پر حملہ

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) نگہبان پیکج میں نام شامل نہ کرنے پر اہل علاقہ کا ٹیم پر حملہ، پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد نے ماجد عرف ماجو، مصطفیٰ عرف مستی، نومی سمیت 14 نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، تفصیلات کے مطابق سرفراز احمد حلقہ پٹواری دفتوہ نگہبان پیکج کے تحت بجی کالونی میں بیٹھ کر اپنی ٹیم کے ہمراہ غریب اور مفلس خاندانوں میں دس دس ہزار روپے کے چیک تقسیم کر رہے تھے، اسی دوران محمد ماجد نے کہا کہ میرے خاندان کے پانچ افراد کے نام شامل کرو، انکار پر دھمکیاں دینا شروع کر دی، بعد ازاں ایک نامعلوم شخص کو بھیج کر پانچ سو روپے کا الزام لگا کر شروع کرنا شروع کر دیا، ملزمان نے کار سرکار میں مداخلت کرتے ہوئے ٹیبل پر رکھا سامان اٹھا کر پھینکنا شروع کر دیا اور ویڈیو بھی بنانا شروع کر دی۔

آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ کی ضلع حافظ آباد میں آمد

کھلی کچہری کا انعقاد، تھانہ صدر حافظ آباد، تھانہ سٹی حافظ آباد اور رمضان سہولت بازار کا اچانک دورہ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ کی ضلع حافظ آباد میں آمد۔ کھلی کچہری کا انعقاد، تھانہ صدر حافظ آباد، تھانہ سٹی حافظ آباد اور رمضان سہولت بازار کا اچانک دورہ۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ×× انصاف عوام کی دہلیز پر ×× کے تحت ڈی پی او آفس حافظ آباد میں ڈی پی او حافظ آباد کے ہمراہ کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران آر پی او گوجرانوالہ نے براہ راست عوام کے مسائل سنے اور موقع پر ہی ان کے حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر اور تمام ڈی ایس پیز بھی موجود تھے۔ آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کو فوری اور شفاف انصاف فراہم کرنا پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق ریجن بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ مزید برآں ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ نے انجمن تاجران کے وفد سے بھی ملاقات کی۔ تھانہ سٹی حافظ آباد اور تھانہ صدر حافظ آباد کا معائنہ بھی کیا۔ جہاں پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور مزید بہتری کے لیے ہدایات جاری کی گئیں۔ بعد ازاں آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے رمضان سہولت بازار کا بھی دورہ کیا اور وہاں سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

ایمریٹس کئی برسوں سے دنیا کی صف اول کی ایئر لائن ہے

ایمریٹس ایئرلائن کے کارکنان پرجوش اور محنتی ہیں جو اپنی ڈیوٹی پوری ایمانداری سے انجام دیتے تھے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) متحدہ عرب امارات کی ایمریٹس ایئر لائن کا انفلائٹ انٹرٹینمنٹ میں سفر تقریباً 31 سال قبل شروع ہوا جب یہ اکانومی کلاس مسافروں کے لیے سیٹ بیک ویڈیوز متعارف کرانے والی پہلی ایئر لائنز میں سے ایک تھی۔ ایمریٹس کئی برسوں سے دنیا کی صف اول کی ایئر لائن ہے اور خطے کے ہر مسافر کی پہلی ترجیح دبئی کی یہ ایئر لائن ہے۔ ایمریٹس ایئر لائن کے کارکنان پرجوش اور محنتی ہیں جو اپنی ڈیوٹی پوری ایمانداری سے انجام دیتے تھے۔ اس کا مقصد مسافروں کو بہترین سروس کے ذریعے راغب کرنا تھا۔ ایمریٹس ایئر لائن دنیا کی سب سے بڑی فضائی کمپنی ہے جس کے بیڑے میں سیکڑوں طیارے شامل ہیں۔ ایمریٹس ایئر لائن اکانومی سے لے کر بزنس کلاس تک ہر مسافر کے لیے بہترین کھانے پیش کرتی ہے۔ مسافروں کو بہترین تجربہ فراہم کرنے کے لیے ایئر لائنز جیک فروٹ بریانی سے لے کر چاکلیٹ ٹرفل کیک جیسی غذاؤں تک ہر چیز مہیا کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار گذشتہ روز ایمریٹس ایئر لائنز کی طرف سے (دبئی پیلس ہوٹل سیالکوٹ) میں گوجرانوالہ × سیالکوٹ × گجرات اور کھاریاں کے ٹاپ IATA ایجنسیز کے مالکان کے لیے ایک پرتکلف افطار ڈنر کے موقع ایمریٹس ایئر لائنز کے عہدیداران نے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جس میں گوجرانوالہ ٹریول انڈسٹری کی نمائندگی کیلئے چیئرمین ٹریول ایجنسیز ایسوسی ایشن رانا مدثر نذر خان ایڈووکیٹ (دی فلائٹ سنٹر) نے گوجرانوالہ ٹریول ٹریڈ کی بھرپور نمائندگی کی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان کا مقصد خوف خدا اور خدمت خلق سے تقویٰ

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی بہبود و بحالی یونٹ برائے خصوصی افراد کے اجلاس کا انعقاد

اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اشتیاق خاں، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشتیاق سمیت تمام متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی بہبود و بحالی یونٹ برائے خصوصی افراد کے اجلاس کا انعقاد، اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اشتیاق خاں، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشتیاق سمیت تمام متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اشتیاق خاں نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے بہترین پروگرام کے تحت خصوصی افراد کی بہبود کے لیے ٹرائی سائیکلز، وائٹ کینز، موٹر سائیکلز، ویل چیئرز سمیت دیگر سامان کی مفت فراہمی کے سلسلہ میں ضلع بھر سے اب تک 642 خصوصی افراد نے درخواستیں جمع کروائیں جن میں سے قواعد وضوابط کے مطابق نیڈ اسسمنٹ کمیٹی نے 28 مستحق خصوصی افراد کی درخواستیں منظور کی جا چکی ہیں اور مزید رجسٹریشن کا سلسلہ جاری ہے، جلد اہلیت کے حامل تمام خصوصی افراد کی بہبود و بحالی کے لیے ضروری سامان وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر نگرانی خصوصی افراد میں تقسیم کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا

اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، ضلعی افسران، سیاسی رہنماؤں سمیت امن کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، ضلعی افسران، سیاسی رہنماؤں سمیت امن کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی۔ ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس میں تمام مکاتب فکر کے علمائے اکرام نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور مذہبی رواداری، اخوت اور بھائی چارے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک ماہ کے دوران ضلع میں یوم علی، بیساکھی فیسٹیول، ایسٹر اور بابا نولکھ ہزاری کے عرس مبارک کی تقریبات ہو رہی ہیں۔ ضلع میں امن، اخوت اور بھائی چارے کی فضا برقرار رکھنے کے لیے ہم سب کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ امن کمیٹی کے اجلاس مقصد بھائی چارے اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔ ضلع بھر میں امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ ضلع ننکانہ صاحب امن اور بھائی چارے کا گہوارہ ہے، جہاں تمام مذاہب و مسالک کے لوگ بھائیوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے امن اور بھائی چارے کے لئے ہم سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرتی امن اور مذہبی رواداری کی فضا برقرار رکھنے کے لئے ممبران ضلعی امن کمیٹی کی خدمات قابل ستائش ہیں اور ضلع میں حفاظتی و انتظامی امور کے استحکام کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام ومذہبی راہنماؤں کی مشاورت کو مقدم رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی رہنماؤں سے قریبی روابط ضلع میں امن وسلامتی کی ضمانت ہیں، علماء کرام اپنے محراب ومنبر سے مذہبی رواداری، پیار ومحبت اور قانون کی پاسداری کا درس جاری رکھیں۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ مشترکہ اقدامات سے مثالی امن کی فضا ہمیشہ قائم رکھنے میں مدد ملتی ہے، مخلوق خدا کی خدمت کرنا ہی اصل دین ہے علماء اکرام عوام میں شعور و آگاہی پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمام ایونٹس کے لیے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے۔

حکومت پنجاب عوامی ریلیف کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے

عوام کو درپیش مسائل کا حل اور انہیں بہترین سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام افسران دل جمعی سے کام کریں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب عوامی ریلیف کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے، عوام کو درپیش مسائل کا حل اور انہیں بہترین سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام افسران دل جمعی سے کام کریں، رمضان المبارک کے پیش نظر بازاروں اور مارکیٹوں میں پرائس چیکنگ کا عمل تسلسل سے جاری رکھا جائے اور مصنوعی مہنگائی کے مرتکب افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی انتظامیہ کے افسران کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیں، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد طیب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین ڈوگر، ایس این اے افضال حسین بھی موجود تھے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کا مہنگا چکن، مٹن اور بیف فروخت کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن

5 پولٹری، 5 مٹن و بیف شاپس، 2 دودھ فروشوں اور 2 سبزی فروشوں کو مجموعی طور پر 1 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کا مہنگا چکن، مٹن اور بیف فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کریک ڈاؤن 3 پر مقدمات درج 2 دکانیں سر بمہر، تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری اور اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر نے لہائی بازار، پرانی گندم منڈی اور اگوکی 43 دکانوں کی انسپکشن کی اور 5 پولٹری، 5 مٹن و بیف شاپس، 2 دودھ فروشوں اور 2 سبزی فروشوں کو مجموعی طور پر 1 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری نے کہا کہ گراں فروشوں کی سرکوبی اور حوصلہ شکنی کیلئے منظم کریک ڈاؤن کیلئے ضلعی انتظامیہ نے خصوصی حکمت عملی مرتب کر لی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت کے مطابق تمام پرائس مجسٹریٹس کو ٹاسک دیا گیا ہے کہ مقرر نرخ ناموں کے مطابق صارفین کو اشیاء خورد و نوش کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری ناجائز منافع خوروں کی نشان دہی کریں کارروائی کریں گے۔

چوتھی بین الاقوامی کانفرنس ENEC دو روز جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر

کانفرنس میں صنعت کاروں کے درمیان تعاون کرنیوالے افراد نے بھرپور شرکت کی

سمندری (تحصیل رپورٹر) چوتھی بین الاقوامی کانفرنس نالج بیسڈ ٹیکسٹائل (ICKT 2025) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد میں Know-Tex کی چھتری تلے کامیابی کیساتھ اختتام پذیر ہوئی، دو روزہ ایونٹ میں 500 سے زائد شرکاء کو اکٹھا کیا گیا جن میں 350 صنعتی پیشہ ور افراد اور 250 تحقیق اور صنعت کاروں کے درمیان تعاون کرنے والے افراد شامل تھے، معزز مہمانوں میں ریحان نسیم بھرارا (صدر ایف سی سی آئی) امیر احمد (وائس چیئرمین پی ٹی ای اے)، سی ایچ وحید خالق رامے (چیئرمین سی ایل او اے)، پروفیسر ساواس واسیلیڈیس (یونیورسٹی آف ویسٹ اٹیکا، یونان)، اور پروفیسر ڈاکٹر یاسر نواب (وائس چیئرمین، کامل یونیورسٹی) شامل تھے۔ یو این ڈی پی، ایف اے او اور ڈپٹی ڈچ سفیر نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ آئی سی کے ٹی 2025 میں دو ہائی پروفائل پینل مباحثے پیش کیے گئے: عالمی ٹیکسٹائل ٹریڈز جس کو مجیب اللہ خان نے ماڈریٹ کیا، جس میں پاکستان، جرمنی، اٹلی اور یوکے کے صنعتی رہنماؤں کے ساتھ، اور ایکسپلورنگ ڈاکٹر حفصہ جمشید کی قیادت میں نئے افق، پاکستان، کینیا اور جرمنی کے سابق مہاجرین کو پیش کرتے ہوئے 100 سے زائد مقررین بشمول نارتھ امبریا یونیورسٹی پوترا ملائیشیا کے ماہرین تعلیم اور لاسی کی ٹیکنیکل یونیورسٹی نے ٹیکسٹائل کی پائیداری، سرکلریٹی، ڈیجیٹل تبدیلی پر سیشن پیش کیے اور ری سائیکلنگ کی ترقی۔ کانفرنس میں ڈاکٹر شاہد رسول (نارتھمبریا یونیورسٹی یوکے) اور پروفیسر جوسفیٹ، لیگادوا (موئی یونیورسٹی، کینیا) سمیت ماہر جیوری کے ساتھ ایک پوسٹر مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ نمائشوں میں ٹیکسٹائل کی جدید اختراعات کی نمائش کی گئی، جس سے شرکاء نے خاصی دلچسپی لی، اختتامی تقریب میں، ڈاکٹر یاسر نواب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

پتوکی ریسکیو 1122 اور نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس جمبر بیٹ 13 کیجانب سے موک ایکسر سائز کا انعقاد

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ریسکیو 1122 اور نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس جمبر بیٹ 13 کیجانب سے موک ایکسر سائز کا انعقاد ایکسر سائز کا مقصد دونوں اداروں کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینا ہے ذرائع تفصیل کے مطابق گزشتہ روز ریسکیو 1122 تحصیل پتوکی اور نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس بیٹ 13 کیجانب سے روڈ سیفٹی اور بڑھتے ہوئے حادثات کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے مشترکہ موک ایکسر سائز کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں عاطف شہزاد گجر ایس پی (سیکٹر کمانڈر) نے خصوصی شرکت کی اسکے علاوہ ریسکیو اینڈ سیفٹی آفیسر تحصیل پتوکی میڈم رابعہ خلیل، ڈی ایس پی جمبر بیٹ 13 افضل مجید سمیت ریسکیو اور موٹر وے پولیس کے اہلکاروں نے بھی حصہ لیا۔

قومی اسمبلی کے رکن رانا محمد حیات خاں نے پتوکی کا دورہ کیا

ملک میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں

پتوکی (نامہ نگار) قومی اسمبلی کے رکن رانا محمد حیات خاں نے پتوکی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی باؤ شیخ محمد ایوب کی وفات پر ان کے صاحبزادگان خرم ایوب، حیدر ایوب اور عمر ایوب سے اظہار تعزیت کیا۔ انہوں نے مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا کی اور اہل خانہ کو صبر و استقامت کی تلقین کی۔ اس موقع پر بیرسٹر رانا خضر حیات خاں، سابق چیئرمین بلدیہ پتوکی شاہد عمران بٹ، میاں شیخ عبدالرزاق، حاجی خالد محمود، عبدالرزاق چاند اور علاقے کی ممتاز شخصیات، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے بھی مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا محمد حیات خاں نے ملکی سلامتی، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر اور دہشت گردوں کے خلاف حکومت پوری قوت کے ساتھ کھڑی ہے اور کسی بھی قسم کی دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک کی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، اور جو بھی عناصر ملک میں انتشار پھیلانے کی کوشش کریں گے ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ رانا محمد حیات خاں نے کہا کہ ملک میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ حکومت نے سیکیورٹی اداروں کو مکمل اختیار دے رکھا ہے کہ وہ دشمن عناصر کا قلع قمع کریں اور قوم کو امن و امان کی فضا فراہم کریں۔

گڈ گورننس انیشیٹیوز کے تحت ڈپٹی کمشنر/ چیئرمین جی ڈبلیو ایم سی نوید احمد کا اعوان چوک، نوشہرہ روڈ کا دورہ کیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس انیشیٹیوز کے تحت ڈپٹی کمشنر/ چیئرمین جی ڈبلیو ایم سی نوید احمد کا اعوان چوک، نوشہرہ روڈ کا دورہ کیا اور صفائی امور کا جائزہ لیا، مختلف مقامات پر صفائی امور کو بہتر بنانے کے حوالے سے گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور بی جی سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ہدایات جاری کیں، ڈپٹی کمشنر نے نوشہرہ روڈ کا دورہ کیا اور اس دوران مختلف مقامات پر فیکٹریوں کی طرف سے آلودہ پانی روڈ پر پھینکا گیا تھا جس پر ڈپٹی کمشنر نے نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ ذمہ داران کیخلاف کاروائی کی ہدایات جاری کیں۔ فیکٹریوں اور سیوریج کا پانی پھینکنے والی فیکٹریوں کی انتظامیہ کے خلاف فوری سخت ایکشن لیا جائے اس سلسلہ میں اسسٹنٹ کمشنر (صدر) ناصر شہزاد کو ہدایات جاری کیں اور کہا کہ شہر کو گندا کرنے اور روڈز کو نقصان پہنچانے والوں سے سختی نمٹا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ ضلعی انتظامیہ کے افسران دن رات شہر کو صاف ستھرا رکھنے اور خوبصورت بنانے کے لئے کوشاں ہیں لہذا ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور علاقوں میں گندگی پھیلانے سے باز رہیں بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ایجوکیشن ریفارمز پروگرام کے تحت سرکاری سکولوں کو معیاری سکولوں میں تبدیل کرنے کیلئے عملی اقدامات جاری ہے۔

ڈی پی او نارووال کی زیر قیادت نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

کریک ڈاؤن میں بدنام زمانہ منشیات فروش وحید ارشد کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کر لی

شکر گڑھ (عمران عارف سے) ڈی پی او نارووال کی زیر قیادت نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری۔ ڈی ایس پی شکر گڑھ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ کوٹ نیناں نے منشیات فروشوں اور مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں بدنام زمانہ منشیات فروش وحید ارشد کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کرلی جبکہ مجرمان اشتہاری کیٹگری A منصور عرف مٹھو اور عامر رشید کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ ایس ایچ او تھانہ نورکوٹ نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں منشیات فروش انور کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 520 گرام چرس برآمد کرلی جبکہ دوسری کاروائی میں ناجائز اسلحہ ہولڈر حسنین کو گرفتار کر کے رائفل ریپیٹر 12 بور برآمد کرلی۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی شکر گڑھ نے مجرمان اشتہاریوں اور ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں 05 مجرمان اشتہاری کیٹگری B عثمان، عتیق رضا، طلحہ، علی رضا اور رضا لطیف کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا جبکہ دوسری کاروائی میں ناجائز اسلحہ ہولڈر علی جعفر کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے رائفل ایم 16 منی سیمی آٹو سپیشل برآمد کرلی۔ ایس ایچ او تھانہ شاہ غریب نے ناجائز اسلحہ ہولڈر عمر کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔ ڈی پی او نارووال نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ضلع نارووال سے سماج دشمن عناصر کا خاتمہ کرنا میرا مشن ہے اور اس مشن کی تکمیل میں نارووال پولیس کے تمام آفیسران و ملازمان ہمہ تن کوشاں ہیں۔

گیمبر تھانہ نور شاہ کے علاقے میں ڈکیتیوں کا نان سٹاف سلسلہ جاری

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر تھانہ نور شاہ کے علاقے میں ڈکیتیوں کا نان سٹاف سلسلہ جاری ڈاکو سر عام دن دہاڑے گن پوائنٹ پر شہریوں کی جمع پونجی لوٹنے لگے ڈاکو گن پوائنٹ پر دو شہریوں سے 2 موٹر سائیکل موبائل اور ہزاروں روپے نقدی لوٹ کر فرار پولیس تھانہ نور شاہ نیند خرگوش کے مزے میں آئی جی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نور شاہ کا علاقہ کچے کا علاقہ بن گیا پولیس تھانہ نور شاہ ڈکیت گینگ پکڑنے میں مکمل طور پر ناکام ڈاکو سر عام دندناتے لگے ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر دو شہریوں کو لوٹ لیا تھانہ نور شاہ کے علاقے نواحی گاؤں چک 65 جی ڈی یارے والا میں جاوید اقبال زمیندار سے چار ڈاکو اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل نمبر 6712 اے ایم کے اور نقدی سات ہزار روپے اور مستان شاہ دربار کے قریب محمد آصف ٹیلر ماسٹر سے موٹر سائیکل نمبر 4895 ٹی ایس ایل چھین کر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے رمضان سہولت بازار کا اچانک دورہ کیا

مختلف سٹالز کا دورہ کرتے ہوئے اشیائے خوردونوش کی دستیابی اور کوالٹی کا جائزہ لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے رمضان سہولت بازار کا اچانک دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے مختلف سٹالز کا دورہ کرتے ہوئے اشیائے خوردونوش کی دستیابی اور کوالٹی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اچانک رمضان سہولت بازار پہنچے جہاں انہوں نے سبزیوں، پھلوں، آٹا، چینی، کریانہ، چکن سمیت دیگر سٹالز کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں پر تمام اشیاء کی وافر دستیابی، کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مارکیٹ کمیٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ رمضان سہولت بازار میں تمام اشیائے ضروریہ کی ہمہ وقت اور وافر دستیابی کو یقینی ہونا چاہیے تاکہ یہاں آنے والے لوگوں کو سستی اشیاء کی خریداری میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ رمضان سہولت بازار میں جہاں دیگر اشیاء عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں دستیاب ہیں تو وہی چینی، آٹا اور مرغی کا گوشت بھی عام مارکیٹ سے کم نرخوں پر دستیاب ہے اور عوام کی ایک بڑی تعداد اس رمضان سہولت بازار سے معیاری اور سستی اشیاء خرید رہی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے خریداری کے لیے آنے والے شہریوں سے چیزوں کی قیمتوں اور کوالٹی کے حوالے سے فیڈ بیک بھی لیا۔

مصطفیٰ آباد میں صفائی کے ناقص انتظامات، حکام نوٹس لیں

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفیٰ آباد میں صفائی کے ناقص انتظامات، حکام نوٹس لیں، ایل ڈبلیو ایم سی کی طرف سے عملہ صفائی زیادہ ہونے اور مشینری کے باوجود صفائی کی شکایات ختم نہ ہوسکی، تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی مصطفیٰ آباد میں ایل ڈبلیو ایم سی کی کاوشوں کے باوجود صفائی کے ناقص انتظامات، عملہ صفائی کی بھرتی اور مشینری ملنے کے باوجود مصطفیٰ آباد کے گلی محلوں، خالی پلاٹوں سے گندگی کے ڈھیر نہ اٹھائے جاسکے مصطفیٰ آباد شہر سے نکلتے ہی سروس روڈ پر گندگی کے ڈھیروں سے آگ کا سلگنا معمول بن چکا ہے، جبکہ گلی محلوں میں بھی اکثر مقامات پر آگ لگانے کی وجہ سے اہل علاقہ خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور صفائی کے انتظامات کو مزید بہتر کرنے اور گندگی کے ڈھیروں کے خاتمہ اور آگ لگانے کے واقعات کو روکنے کا مطالبہ۔

جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے ناپاک حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، چوہدری مستقیم مہار

وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ قومی ایکشن پلان کی از سر نو تشکیل کے لیے قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے، بیان

مٹھی بھر گروہ حکومت وقت پر بھاری ہو چکا حکومت کی رٹ ناکام ہو چکی ہے، رہنما پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104

سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے ناپاک حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ قومی ایکشن پلان کی از سر نو تشکیل کے لیے قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے تاکہ ملک میں ہر سطح پر شکوک و شبہات کا ازالہ ہو اور عوام کی جان مال عزت کو تحفظ حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ مٹھی بھر گروہ حکومت وقت پر بھاری ہو چکا ہے۔ حکومت کی رٹ ناکام ہو چکی ہے اور شہری اپنے ہی ملک میں غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے شہداء کیلئے مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر و استقامت کی دعا کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ شہید ہونیوالوں کیلئے مالی امداد کا اعلان کیا جائے اور مجرمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ آئندہ کسی کو ایسی گھناؤنی حرکت کرنے کی جرأت نہ ہوسکے۔

تیز رفتار ٹریلر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، 2 جاں بحق

جاں بحق ہونے والے لڑکوں کی شناخت عبدالرحمن اور اویس کے ناموں سے ہوئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار ٹریلر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، 2 جاں بحق جبکہ 2 زخمی، جاں بحق ہونے والے لڑکوں کی شناخت عبدالرحمن اور اویس کے ناموں سے ہوئی، تفصیلات کے مطابق قومی شاہراہ نزد 12 ون اے ایل کے قریب تیز رفتار ٹریلر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا جس کی زد میں آکر 2 نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے اور 2 زخمی ہو گئے، حادثے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیمیں اور مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ جاں بحق نوجوانوں کی نعشیں بھی ضروری کاروائی کے بعد ہسپتال منتقل کر دی گئی، حادثے میں جاں بحق ہونے والے نوجوانوں کی شناخت عبدالرحمن ولد عباس بعمر تقریباً 20 سال اور محمد اویس ولد غلام یاسین بعمر تقریباً 18 سال جبکہ زخمی ہونے والے نوجوانوں کی شناخت عبدالرحمن ولد محمد یونس بعمر تقریباً 18 سال اور محمد اعجاز ولد محمد اکرم بعمر تقریباً 17 سال سکنائے چکنمبر 12 ون اے ایل کے ناموں سے ہوئی، دوسری جانب حادثے کا باعث بننے والے ٹریلر کو مقامی پولیس نے حراست میں لے کر کاروائی کا آغاز کر دیا۔

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت 19 ہزار ار مستحق افراد نے بلاسود قرضہ حاصل کیا ہے، ڈی جی فاٹا پنجاب خواجہ سکندر ذیشان مرزا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) اپنا گھر اپنی چھت کیلئے پنجاب بھر میں اٹھارہ ارب سے زائد رقم تقسیم ہو چکی ہے۔ 18 ہزار حق افراد نے بلاسود قرضہ حاصل کیا ہے ساڑھے 13 ہزار گھر زیر تعمیر ہیں جبکہ 117 گھر مکمل ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب کی مانیٹرنگ اور ہماری ٹیموں کے چیک اینڈ بیلنس سے پورے صوبے سے کرپشن کی ایک بھی شکایات سامنے نہیں آئی ہے ان خیالات کا اظہار ڈی جی فاٹا پنجاب خواجہ سکندر مرزا نے اوکاڑہ میں اپنا گھر اپنی چھت کے تحت عمل ہونے والے گھر کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ہے انہوں مزید کہا کہ چیکنگ کا مقصد ہے کہ گھر بنانے کیلئے بلا سود قرضہ لینے والے اس کا استعمال درست کر رہیں ہیں اس پروگرام کو شفاف بنانے کیلئے انسانی مداخلت ختم کر دی گئی ہے آن لائن اپلائی کے بعد سکروٹنی کی جاتی ہے قرضہ منظور ہونے کے بعد جو بینک ادارے ہیں قرضہ دیتے ہیں ان کی ٹیم ہمارے ڈائریکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹرز کے ساتھ ملکر تعمیر مکانوں کو چیک کرتی ہیں، خواجہ سکندر ذیشان مرزا نے مزید کہا کہ بہت جلد اپنی زمین اپنا گھر سکیم شروع کی جا رہی ہے جس کے ذریعہ حق دار افراد کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں تین مرلہ مفت پلاٹ دیئے جائیں گے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پارلیمنٹ سے صدر مملکت کا خطاب قومی مفاہمت اور جمہوری استحکام کی ضرورت

صدر مملکت آصف علی زرداری نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قومی اتحاد، جمہوری استحکام اور اقتصادی ترقی پر زور دیا۔ ان کا خطاب جمہوری روایات، سیاسی ہم آہنگی، اور معیشت کی بہتری کے عزم کا مظہر ہے۔ صدر کی طرف سے حکومت کو ملکی اور قومی بہتری کے لیے قابل عمل روڈ میپ دیا گیا ہے۔ تاہم، اپوزیشن کی جانب سے روایتی احتجاج اور شور شرابے نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان میں سیاسی تقسیم بدستور گہری ہے۔ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں اس امر پر روشنی ڈالی کہ جمہوریت کا حسن باہمی تعاون، مفاہمت، اور اتفاق رائے سے فیصلے کرنے میں مضمر ہے۔ انہوں نے پارلیمنٹ سے اپیل کی کہ وہ عوام کو بااختیار بنانے اور قومی اہمیت کے فیصلے اتفاق رائے سے کرنے پر توجہ دے۔ ان کا یہ بیان جمہوری اصولوں کو مضبوط کرنے کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے مگر بدقسمتی سے اپوزیشن کی طرف سے ہنگامہ آرائی نے ایک بار پھر پارلیمانی روایات کو نقصان پہنچایا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ اس ایوان سے بطور سویلین صدر 8 ویں بار خطاب کرنا میرا واحد اعزاز ہے، یہ لمحہ ہمارے جمہوری سفر کے تسلسل کا عکاس ہے۔ یہ جمہوریت کا حسن ہے کہ ایک جمہوری صدر نے آٹھویں بار پارلیمان کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ جنرل پرویز مشرف نے اپنی آمریت کے دوران مرضی سے پارلیمنٹ بنائی مگر اس میں بھی کسی حد تک جمہوری علامات اور رویے موجود تھے یہی وجہ ہے کہ ایک دوبار کے سوا پرویز مشرف پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب نہ کر سکے تھے۔ وہ پارلیمنٹ میں احتجاج سے خائف ہونے لگے تھے۔ پاکستان میں حکومت سے شدید اختلاف رکھنے والی اپوزیشن کی طرف سے صدر کی تقریر کے دوران شور شرابہ اور خلل ڈالنے کی روایت چلی آ رہی ہے۔ پی ٹی آئی کے تحفظات اپنی جگہ، آپ علامتی احتجاج کر سکتے تھے۔ وہ ریکارڈ ہونے کے بعد اجلاس پرامن طریقے سے چلتا تو بہتر تھا۔ اجلاس کو بدنظمی کی نذر کرنا ایک غیر جمہوری رویہ ہے جو طالع آزماؤں کے لیے مہم جوئی کی راہ ہموار کر سکتا ہے۔ صدر مملکت نے اقتصادی ترقی کو مستحکم کرنے کے لیے حکومتی کوششوں کو سراہا اور دعویٰ کیا کہ زرمبادلہ کے ذخائر، غیر ملکی سرمایہ کاری، اور اسٹاک مارکیٹ میں بہتری آئی ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے تجویز دی کہ آئندہ بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ کیا جائے، انکم ٹیکس کی شرح کم کی جائے، اور توانائی کے نرخوں میں کمی کی جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ تاہم، زمینی حقائق اس بات کے متقاضی ہیں کہ حکومت صرف معاشی اشاریوں کے بہتر ہونے پر مطمئن نہ ہو بلکہ مہنگائی اور بیروزگاری جیسے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے۔ صدر مملکت کا ڈیجیٹل معیشت، آئی ٹی پارکس، اور کاروباری آسانیوں پر زور دینا ایک مثبت پیغام ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME) کے فروغ، آسان قرضہ اسکیموں، اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے سے معیشت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، ان اعلانات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے حکومت کو واضح اور مؤثر حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ صدر مملکت نے ملک کو درپیش اندرونی اور بیرونی سکیورٹی چیلنجز پر روشنی ڈالتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کے مطابق، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قومی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، اور اپوزیشن کو اس یک نکاتی ایجنڈے پر حکومت کا ساتھ دینا چاہیے۔ پاکستان میں دہشت گردی تقریباً ختم ہو چکی تھی، مگر حالیہ واقعات سے یہ مسئلہ دوبارہ سر اٹھا رہا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں غیر ملکی مداخلت کا ذکر کرتے ہوئے صدر نے بجا طور پر کہا کہ اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے ہمیں وسیع تر قومی اتحاد کی ضرورت ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کو اس محاذ پر اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ایک مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے۔ صدر زرداری نے اپنے خطاب میں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم اور فلسطین میں اسرائیلی جارحیت کو اجاگر کیا۔ پاکستان کا ہمیشہ سے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت میں اصولی مو?قف رہا ہے، اور صدر کا بیان اسی پالیسی کا تسلسل ہے۔ اسی طرح، فلسطینی عوام کے لیے پاکستانی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے القدس کو فلسطین کا دارالحکومت بنانے پر زور دیا۔ یہ حقیقت ہے کہ عالمی برادری کشمیر اور فلسطین کے مظلوم عوام کی تکالیف کو نظرانداز کر رہی ہے۔ پاکستان کو نہ صرف سفارتی سطح پر اپنی کوششیں تیز کرنی چاہئیں بلکہ اسلامی دنیا کو بھی ایک مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے کے لیے متحرک کرنا چاہیے۔ صدر زرداری نے خبردار کیا کہ بعض حکومتی پالیسیاں وفاق پر شدید دباؤ کا باعث بن سکتی ہیں۔ انہوں نے دریائے سندھ سے مزید نہریں نکالنے کی تجویز کی مخالفت کی اور حکومت کو مشورہ دیا کہ وہ اتفاق رائے کے بغیر ایسے اقدامات نہ کرے جو صوبائی اکائیوں کے درمیان تنازعات کو جنم دیں۔ نئی نہروں کے حوالے سے فریقین کے رویوں سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ ایک فریق کہتا ہے ہر صورت نہریں نکالیں گے۔ دوسرا خم ٹھونک کے سامنے آ گیا کہ نہریں نہیں نکلنے دیں گے۔ صدر اور ان کی پارٹی کی طرف سے ان نہروں کے حوالے سے کالا باغ ڈیم کی تعمیر پر اپنے مئوقف ہی کا اعادہ کیا جا رہا ہے۔ پیپلز پارٹی کی ہٹ دھرمی اور خیبر پختونخواہ کے کچھ لوگوں کی ضد کی وجہ سے کالا باغ ڈیم نہیں بن سکا۔ یہ لوگ کالا باغ ڈیم کی تعمیر کے حوالے سے بات ہی سننے کو تیار نہیں ہیں۔ نہروں کے معاملے کو بھی کالا باغ ڈیم کی طرح متنازعہ نہ بنایا جائے۔ صدر آصف علی زرداری کا خطاب ایک اہم موقع پر سامنے آیا، جب پاکستان کو سیاسی محاذ آرائی، معاشی چیلنجز، اور سکیورٹی خطرات کا سامنا ہے۔ ان کے بیانیے میں قومی یکجہتی، معیشت کی بحالی، اور جمہوری تسلسل کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ تاہم، اس خطاب کا اصل فائدہ تب ہی ہوگا جب حکومت اور اپوزیشن دونوں اپنی اپنی ضد چھوڑ کر ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں عملی اقدامات کریں گی۔ پاکستان اس وقت کسی بھی قسم کی سیاسی افراتفری اور غیر ضروری محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ اپوزیشن کے حقیقی خدشات کو سنے، اور اپوزیشن کو بھی چاہیے کہ وہ تعمیری سیاست کو فروغ دے۔ دہشت گردی کے خاتمے، معاشی ترقی، اور قومی اتحاد جیسے مسائل پر سیاست سے بالاتر ہو کر کام کرنا ہوگا۔ یہی جمہوریت کا حسن اور سسٹم کے استحکام کی ضمانت ہے۔

آج کی تراویح میں پڑھے جانے والے قرآن پاک کی تفہیم

نکتہ اعتراض
رانا شفیق پسروری
shafiqpasruri@hotmail.com

بارہویں تراویح

سورۃ الفرقان:25ویں سورت

سورۃ فرقان مکی ہے۔ 77 آیات اور 6 رکوع ہیں۔ اٹھارہویں پارہ کے سترھویں رکوع سے شروع ہو کر انیسویں پارہ کے چوتھے رکوع تک ہے۔ فرقان نام اس لئے رکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور قرآن مجید سے حق اور باطل کے درمیان فرق ہو جاتا ہے۔ سورت میں مخالفین کے اعتراضات، ان کا رد اور پہلے انبیاء کے تذکرہ کے حوالہ سے ان کی قوموں کی تباہی کا ذکر ہے۔ نیز رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے روشن مستقبل کی طرف اشارہ بھی ہے۔

بڑی برکت والا وہ ہے جس نے قرآن نازل کیا اپنے ایسے پیارے بندے پر جو تمام جہانوں کے لئے نذیر ہے۔ اللہ ہی تمام آسمانوں اور زمین کا مالک ہے۔ اس کی کوئی اولاد نہیں اور اس کا کوئی شریک نہیں۔ جب حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن چھوڑنے والوں پر افسوس کرتے ہوئے اللہ سے فریاد کی تو ان کو تسلی دی گئی کہ آپؐ کے لئے آپ کا اللہ کافی ہے اور پہلے کے انبیاء علیہم السلام کو بھی لوگوں نے اسی طرح چھوڑ دیا تھا۔ بعض کفار یہ بھی کہتے ہیں کہ قرآن ایک ساتھ کیوں نہ اتارا گیا؟ یہ لوگ آخر جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کی قوم نے بھی ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ ہلاک ہوئی۔ نوح علیہ السلام کی قوم بھی جھٹلاتی رہی اور غرق کی گئی۔ عاد و ثمود اور اصحاب الرس (جو شعیب علیہ السلام کی قوم تھی) سب تباہ کئے گئے۔ لوط علیہ السلام کی قوم بھی بری طرح تباہ کی گئی اور اب آپؐ کی قوم بھی آپ کا مذاق اڑاتی ہے۔ وہ لوگ اپنی خواہش کے بندے ہیں۔ یہ لوگ چوپائے جیسے ہیں، بلکہ ان سے بھی بدتر گمراہ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رب ہی سایہ پیدا کرتا ہے، سورج کو طلوع کرتا ہے۔ رات کو پردہ کر دیتا ہے، آرام کے لئے نیند دیتا ہے اور اٹھنے کے لئے دن کو بناتا ہے، ہوائیں بھیجتا ہے، پانی برساتا ہے تاکہ مردہ کھیتی زندہ ہو جائے اور چوپائے اور انسان پانی پئیں۔ پھر بھی بہت سے لوگوں نے اللہ کو نہیں پہچانا۔ آپ ان کافروں کی بات نہ مانیں اور ان سے جہاد کریں۔ رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر عاجزی اور وقار کے ساتھ چلتے ہیں، جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ بس سلام۔ یعنی کوئی تلخ بات نہیں کرتے۔ وہ اپنے رب کو رات بھر سجدہ اور قیام میں یاد کرتے ہیں۔ وہ اپنے رب سے جہنم سے بچنے کے لئے دعا کرتے ہیں۔ وہ خرچ کرتے ہیں تو درمیانی طور پر۔ وہ کسی دوسرے معبود کو نہیں پوجتے۔ کسی جان کو ناحق نہیں مارتے۔ بدکاری نہیں کرتے۔ توبہ کرنے والے کی توبہ اللہ سن لیتا ہے۔ وہ لوگ جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔ لغو و باطل سے خود کو ملوث نہیں کرتے۔ اللہ کی آیتوں کو گوشِ ہوش سے سنتے اور غور کرتے ہیں۔ وہ اپنی بیویوں اور اولاد کے متقی بننے کے لئے دعا کرتے ہیں اور خود بھی متقی بننا چاہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو جنت کا سب سے اونچا بالا خانہ ملے گا جس میں ان کی پیشوائی ہوگی۔ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

سورۃ الشعراء:26ویں سورت

سورۃ شعراء مکی سورت ہے، 227 آیات اور 11 رکوع ہیں، انیسویں پارہ کے پانچویں رکوع سے شروع ہو کر پندرھویں رکوع تک ہے۔ سورۃ شعراء ہی سے قرآن پاک کی پانچویں منزل شروع ہوتی ہے۔ سورت کا نام آیت 224 کے فقرہ "والشعراء یتبعھم الغاوون" سے لیا گیا ہے۔ تفسیر کی کتاب (روح المعانی) میں ہے حضرت ابن عباس نے فرمایا پہلے سورۃ طٰہٰ نازل ہوئی، پھر سورہ واقعہ اور پھر سورہ شعراء جبکہ سورۃ طٰہٰ حضرت عمر کے قبول اسلام سے پہلے نازل ہوئی تھی۔ توحید، آخرت اور رسالت کی صداقت وحقیقت سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ (سورہ کے شروع میں حروف مقطعات ہیں۔)

فرمایا۔۔۔۔ یہ آیتیں روشن کتاب کی ہیں۔ اے میرے محبوب ﷺ! اگر اہل مکہ ایمان نہیں لاتے تو آپ اس قدر غم نہ کریں۔ جب موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کی قوم کے لئے بھیجا تو انہوں نے اپنی زبان میں کسی قدر تکلیف ہونے کی وجہ سے اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کیلئے بھی رسالت کی منظوری چاہی۔ موسیٰ علیہ السلام نے کسی قبطی کو مار دیا تھا اس لئے اس قوم کے پاس جانے میں انہیں تامل تھا۔ اللہ پاک نے دونوں بھائیوں کو رسول بنا کر فرعون کے پاس بھیجا اور انہوں نے قوم بنی اسرائیل کے آزاد کرانے کے لئے بھی اس سے کہا۔ اس نے موسیٰ علیہ السلام پر اپنا احسان جتایا کہ ان کی پرورش کی تھی، پھر بھی انہوں نے اس کے ایک آدمی کو مار ڈالا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تیرے پاس ایک روشن چیز (معجزہ) لاتا ہوں۔ انہوں نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ اژدہا بن گیا اور اپنا ید بیضا بھی دکھلایا۔ فرعون اور اس کے سرداروں نے بڑے بڑے جادوگر بلوائے اور انہیں اپنے تقرب کا لالچ دیا۔ ان جادوگروں نے اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو جادو کے اثر سے اژدہا بنا دیا۔ موسیٰ علیہ السلام کا عصا ان کو نگلنے لگا تو وہ سب جادوگر سجدے میں گر پڑے اور ایمان لائے اللہ پر، فرعون نے ان کو دھمکایا کہ تم لوگ میری اجازت کے بغیر اللہ پر ایمان لائے ہو تو میں تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ دوں گا اور سولی پر چڑھا دوں گا۔ ان لوگوں نے کہا کہ کوئی حرج نہیں، اب تو ہم اللہ کی طرف رجوع ہونے والے ہیں اور سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ماننے والوں کا فرعون اور اس کے لشکر نے پیچھا کیا اور انہیں نکال باہر کرنا چاہا۔ تو اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ دریا پر اپنا عصا مارو،، جب ایسا کیا تو دریا پھٹ گیا اور اللہ نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو بچا لیا، لیکن فرعون اور اس کے لشکر کو غرق کر دیا۔ ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ بھی بتایا۔ نوح علیہ السلام کو بھی ان کی قوم نے جھٹلایا تھا۔ قوم ثمود کو صالح علیہ السلام نے اللہ کی عبادت کیلئے کہا تو ان لوگوں نے بھی جھٹلایا۔ لوط علیہ السلام کو بھی ان کی قوم نے جھٹلایا اور ان لوگوں نے برا کام کیا۔ اسی طرح مدین والوں نے بھی شعیب علیہ السلام کو جھٹلایا۔ وہ لوگ ناپ تول میں لوگوں کے حقوق کم کرتے تھے اور زمین میں فساد پھیلاتے تھے۔ (جیسا کہ سورۃ اعراف اور سورۃ ہود میں ذکر آ چکا ہے) یہ قرآن، رب العلمین کا ہے، روح الامین لائے ہیں۔ رحمت للعلمین ﷺ کے پاس آیا ہے۔ اے محبوب ﷺ! اپنے قریب تر رشتہ داروں کو ڈرائیے اور ان کے لئے، نیز مسلمانوں کیلئے شفقت فرمائیے۔

سورۃ النمل:27ویں سورت

سورۃ نمل مکی ہے۔ 93 آیات اور 7 رکوع ہیں۔ انیسویں پارہ کے سولہویں رکوع سے بیسویں پارہ کے تیسرے رکوع تک ہے۔ ترتیب تدوین کے لحاظ سے تو اس کا نمبر 27 ہے مگر نزول کے لحاظ سے اس کا نمبر 48 ہے۔

سورۃ کا نام اٹھارہویں آیت کے الفاظ "وادالنمل" سے لیا گیا ہے۔ مکہ کے قیام کے متوسط دور میں نازل ہوئی۔ حضرت ابن عباس اور جابر بن زید کا کہنا ہے کہ پہلے سورۃ شعراء نازل ہوئی، پھر النمل اور پھر القصص نازل ہوئیں۔ مختلف انبیاء کے واقعات کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ قرآن کی رہنمائی سے وہی فائدہ اٹھاتے ہیں جو اس کی بیان کردہ حقیقتوں کو تسلیم کریں۔ نیز اس سورت میں چند نمایاں کائناتی حقائق بیان کر کے کفار سے پے در پے سوالات کئے گئے ہیں۔ پھر موثر انداز میں توحید و رسالت کی صداقت کی طرف دعوت دی گئی ہے۔

سورت میں ہے کہ "قرآن روشن کتاب ہے، ہدایت اور خوشخبری ہے ایمان والوں کے لئے، جو نماز اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام اپنی اہلیہ کیلئے آگ لینے گئے تو انہوں نے اللہ کی طرف سے خوشخبری سنی، ان کی لاٹھی کو اژدہا بنا دیا گیا اور ان کو ید بیضا اور دوسرے سات معجزے دیئے گئے۔ داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو بڑا علم دیا گیا۔ سلیمان علیہ السلام کو داؤد علیہ السلام کا جانشین بنایا گیا جن کو پرندوں کی بولی سکھائی گئی اور دین و دنیا کی تمام نعمتیں دی گئیں، ان کو جن وانس اور پرندوں پر بھی حکومت دی گئی۔ چیونٹیوں پر سے ان کا گزر ہوا تو ایک چیونٹی بولی کہ اے چیونٹیو! اپنے گھروں کو چلی جاؤ، کہیں کچلی نہ

شرفاء کا جہاں اور غلاموں کا جہاں اور



بلوچستان کے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے چند روز پہلے انکشاف کیا تھا صوبے میں 30 کروڑ روپے زکوٰۃ تقسیم کرنے کے لئے ڈیڑھ ارب سے زائد خرچ ہو جاتے ہیں، تقریباً 80 گاڑیاں اور لاتعداد دفاتر اور سینکڑوں کا عملہ اس کام پر مامور ہے اُن کی تجویز تھی کہ یہ کام تو ڈپٹی کمشنروں اور سکولوں کی انتظامیہ کے ذریعے بغیر کسی خرچ کے کیا جا سکتا ہے۔ میرا خیال تھا اُن کے اِس انکشاف کے بعد باقی تینوں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ بھی ایسے اعداد و شمار سامنے لائیں گے، لیکن ابھی تک ایسی کوئی پیشرفت سامنے نہیں آئی، بات صرف عملے کی نہیں یہاں تو زکوٰۃ و عشر کی باقاعدہ ایک وزارت قائم ہے، جس کے وزیر بھی اتنی ہی مراعات لیتے ہیں جتنی دوسرے وزراء۔ خیال تو بہت اچھا ہے کہ رقم بچا کر مزید مستحقین میں تقسیم کی جائے، مگر عمل کون کرے، یہاں تو مرکز میں نئے شامل ہونے والے وزراء میں پرانی گاڑیوں کی وجہ سے تشویش پائی جا رہی ہے اور حکومت کو 18 نئی گاڑیاں خریدنے کے لئے کمیٹی بنانا پڑی ہے۔ یہ اہلِ اختیار سمجھتے ہیں پاکستان ایک قارون کا خزانہ ہے جتنا چاہو خرچ کرو، ختم نہیں ہوگا۔

مال وزرا ایسے لٹایا جاتا ہے جیسے بارات میں نو دولتیے پیسے لٹاتے ہیں۔ اگر اربابِ اقتدار کو اپنی جیب سے یہ سب کرنا پڑے تو شاید دو آنے بھی خرچ نہ کریں، مگر مالِ مفت دلِ بے رحم کی کیفیت اُس وقت جنم لیتی ہے جب سب کچھ سرکار کے پیسے سے ہوتا ہو۔ پاکستان میں نجانے کتنے ہی محکمے ایسے ہیں جنہیں سفید ہاتھی یا بھرتی کے محکمے کہا جا سکتا ہے۔ سرفراز بگٹی تو زکوٰۃ کے محکمے کو سامنے لے آئے ہیں، حقیقت یہ ہے کوئی اس بارے میں سوچنے کو تیار نہیں، بچت کیسے اور کہاں سے ہو سکتی ہے۔

گرانٹس کی جو بندر بانٹ ہوئی ہے اس کا اندازہ اِس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ پاکستان میں کوئی ایک شعبہ بھی بہتر نہیں ہو سکا۔

سندھ میں پینے کے صاف پانی کے لئے اربوں ڈالرز امداد آتی رہی مجال ہے ایک قطرہ صاف پانی بھی نکلا ہو۔ یہ صورت حال ہماری قومی بے حسی کو ظاہر کرتی ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے دنیا کو تو یہ احساس ہے کہ 25 کروڑ انسانوں کے اس ملک کو غربت، پسماندگی، ناخواندگی اور صحت کی زبوں حال صورت حال کو ختم کرنے کے لئے امداد کی ضرورت ہے، اس لئے دِل کھول کر امداد دی جائے مگر ہمارے حکمران، ہمارے افسر اور ہماری اشرافیہ یہ سمجھتی ہے ایسی گرانٹس پر عوام کا حق کم اور ہمارا زیادہ ہے۔

ایک بار معاشیات پڑھانے والے ایک برطانوی پروفیسر ملتان آئے۔ اُن کے میزبان ایک بڑے صنعتکار تھے جو اُن کے ساتھ زمانہء طالب علمی میں پڑھتے رہے تھے، میرے دوست ہونے کے ناتے انہوں نے مجھے یہ ذمہ داری سونپی کہ میں برطانوی پروفیسر کو ملتان، لاہور اور اسلام آباد کے وزٹ میں کمپنی دوں۔ برطانوی پروفیسر نے اگلے دن اس خواہش کا اظہار کیا کہ انہیں ملتان کا ڈپٹی کمشنر ہاؤس دیکھنا ہے۔ میں حیران ہوا اور پوچھا اس کی وجہ، میں تو آپ کو یونیورسٹی لے جانے کا سوچ رہا تھا۔ انہوں نے کہا ہم نے برطانیہ میں کلونیل نظام کے

جہاں ایک مرلہ زمین کی قیمت بھی ایک کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ ایکڑوں پر پھیلے ہوئے ڈپٹی کمشنر ہاؤس کو دیکھ کر برطانوی پروفیسر نے بے ساختہ کہا یہ ٹین ڈاؤننگ سٹریٹ سے دس گنا زیادہ بڑا ہے اس نے جب ڈپٹی کمشنر سے پوچھا اس گھر میں آپ کی فیملی کے کتنے افراد رہتے ہیں تو انہوں نے ہنس کر کہا میں اکیلا رہتا ہوں، کیونکہ میری فیملی لاہور میں ہے، میرے بچے وہاں پڑھ رہے ہیں، نوکروں، سکیورٹی کے عملے اور مالی وغیرہ کو وہ بڑی تعداد میں اِدھر اُدھر دیکھ چکا تھا۔

اُس نے کہا اب میں کہہ سکتا ہوں، برطانیہ واپس جا کر کہ پاکستان ابھی تک ہمارے کلونیل نظام کے تحت چل رہا ہے۔ افسروں اور عوام میں وہی فاصلہ ہے جو برطانوی تسلط کی بنیادی پالیسی تھی۔ ایک انگریز افسر کے لئے سرکار اس لئے اتنا کچھ خرچ کرتی تھی کہ اُس کے شہریوں کو یہ احساس رہے وہ غلام ہیں اور چھوٹے طبقات سے تعلق رکھتے ہیں۔

ہم نے ان گزرے ہوئے 77 برسوں میں کچھ بھی تو بدلنے کی کوشش نہیں کی۔ وہی انگریزوں کا چھوڑا ہوا پیٹرن برقرار رکھا ہے۔ حاکم اور رعایا میں فرق برقرار رکھنے کی پالیسی آج بھی پوری شدت کے ساتھ نافذ العمل ہے۔ 30 کروڑ کی زکوٰۃ تقسیم کرنے کے لئے ڈیڑھ ارب بھی اسی لئے خرچ کیا جاتا ہے تاکہ محروموں کو یہ احساس ہو سکے وہ ایک غلام ہیں، جنہیں ریاست پال رہی ہے۔

کل صدرِ مملکت آصف علی زرداری پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے تو انہوں نے طبقاتی تقسیم ختم کرنے کی کوئی بات نہیں کی۔ یہ بھی نہیں کہا ہمیں پون صدی کا دقیانوسی اور استحصالی نظام ختم کرنے کے لئے قانون سازی کرنی

تکبر کی بجائے عجز وانکساری اپنائیں خوش رہیں گے۔۔

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

قارئین کرام! فرمان مولائے کائنات حضرت علی ابن ابی طالب ہے کہ انسان پر سب سے زیادہ مصیبتیں اسکی زبان کی وجہ سے آتی ہیں۔ کبھی اس پر تدبر غور وفکر کریں تو بلاشبہ بہت بڑا قول ہے خلیفہ چہارم امیرالمتقین امام علی علیہ السلام کا۔ تکبر غصہ کو جنم دیتا اور غصہ آگ کی پیداوار اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے کہ غصہ آگ سے ہے بس انسان غصے کی حالت میں وضو کرے کہ آگ پانی سے ہی بجھ سکتی ہے۔ تکبر اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کسی کیلئے بھی نہیں ہے۔ انسان کو تو اللہ تعالیٰ خشوع وخضوع کیساتھ عجز وانکساری کا پیکر بننے کا حکم دیتا ہے۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سخت الفاظ لب ولہجے سے منع فرمایا ہے کہ سختی کا نتیجہ کبھی بھی بھلائی پر منتج نہیں ہوتا۔ علماءؒ کا کہنا ہے کہ غصے کا آغاز تکبر اور انجام ندامت کے سوا کچھ نہیں اور تاریخ گواہ ہے کہ جنگیں، لڑائی جھگڑے قتل و غارت وطلاق کی بنیادی وجہ غصہ ہے جس کی زد میں آ کر اشرف المخلوقات انسان مقام اخلاق سے جہالت وپستی کے اندھیروں میں جا گرتا ہے اور دنیا میں ان اندھیروں کا نام جیل وحوالات ہے اس لئے کوشش کیجئے کہ ہمیشہ اچھے الفاظ کی ادائیگی اور غصیلے لہجے کی بجائے زبان سے ہمیشہ نرم وشیریں الفاظ کی ادائیگی کیجئے کہ میٹھا بول بڑا انمول اور آپ اپنے مخالفین ودشمنوں کو بھی اپنے بہتر اخلاق سے زیر کر سکتے ہیں۔ ایک مثال ہے طور پر واقعہ پیش خدمت ہے کہ ایک اسکول نے اپنے نوجوان طلباءؒ کے لیے تفریحی سفر کا انعقاد کیا راستے میں ان کا گزر ایک سرنگ سے ہوا جس کے نیچے سے بس ڈرائیور پہلے بھی گزرتا تھا سرنگ کے دہانے پر پانچ میٹر اونچائی لکھی تھی ڈرائیور نے نہیں روکا کیونکہ بس کی اونچائی بھی پانچ میٹر تھی لیکن اس بار بس سرنگ کی چھت سے رگڑ کر درمیان میں پھنس گئی جس سے بچے خوف و ہراس میں مبتلا ہو گئے بس ڈرائیور کہنے لگا ہر سال میں بغیر کسی پریشانی کے سرنگ عبور کرتا ہوں، مگر اب کیا ہوا؟ ایک آدمی نے جواب دیا سڑک پکی ہو گئی ہے اس لیے سڑک کی سطح تھوڑی بلند ہو گئی ہے وہاں رش لگ گیا ایک شخص نے بس کو باہر نکالنے کے لیے اپنی کار سے باندھنے کی کوشش کی لیکن ہر بار رگڑ کی وجہ سے رسی ٹوٹ جاتی کچھ نے بس کو کھینچنے کے لیے ایک مضبوط کرین لانے کا مشورہ دیا اور کچھ نے کھود کر توڑنے کا مشورہ دیا ان مختلف تجاویز کے درمیان ایک بچہ بھی بس سے اترا اور کہا میرے پاس حل ہے اس نے کہا پروفیسر صاحب نے ہمیں پچھلے سال ایک سبق دیا تھا اور کہا تھا ہمیں اپنے اندر سے غرور و تکبر نفرت، خودغرضی اور لالچ کو نکال دینا چاہیے جن کی وجہ سے ہم لوگوں کے سامنے پھولے ہوئے ہوتے ہیں اگر ہم ان الفاظ کو بس پر لگا دیں اور اس کے ٹائروں سے تھوڑی سی ہوا نکال دیں تو وہ سرنگ کی چھت سے نیچے اترنا شروع کر دے گی اور ہم باحفاظت گزر جائیں گے بچے کے شاندار مشورے سے ہر کوئی حیران رہ گیا اور واقعی بس کے ٹائروں سے ہوا کا دباؤ کم کیا گیا تو بس سرنگ (ٹنل) کی چھت کی سطح سے نیچے گزر گئی اور سب بحفاظت باہر نکل آئے۔ میرے معزز قارئین کرام ہمارے مسائل ہم میں ہیں ہمارے دشمنوں کی طاقت میں نہیں اس لیے اگر ہم اپنے اندر سے غرور اور باطل کی ہوا نکال دیں گے تو دنیا کی اس سرنگ میں سے ہمارا گزر بآسانی ہو جائے گا بس اپنے اندر کی غرور وتکبر وانا اور خودغرضی کی ہوا نکال دیں معاشرہ اچھا ہو جائے گا۔ دشنام طرازی وانگشت نمائی کی بجائے خود احتسابی کا عمل آج سے بلکہ ابھی سے شروع کیجئے رشتے بھی بچ جائیں گے اور لوگوں میں محبتوں کو فروغ بھی حاصل ہوگا زندگی بہت خوب صورت ہے عزیزان من اسے نفرتوں قدورتوں اور حسد وبغض کی نظر مت کیجئے۔ اللہ ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے

بلال بن ثاقب کو موقع ملا ہے خدمت کر گزریں!!!



بلال بن ثاقب کو پاکستان کے وزیر خزانہ کا چیف ایڈوائزر اور پاکستان کرپٹو کونسل کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے۔ یہ اقدام تکنیکی ترقی کو اپنانے اور قومی معیشت، ڈیجیٹل تبدیلی اور ایک محفوظ مالیاتی نظام کو سپورٹ کرنے والے ٹھوس پالیسی اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کو تقویت دیتا ہے۔ ایک مشہور Web3 سرمایہ کار، اسٹریٹجک مشیر، اور بلاک چین اسپیس میں سوچنے والے رہنما کے طور پر بلال بن ثاقب وسیع علم اور تجربے کو میز پر لاتے ہیں۔ پاکستان کے مالیاتی ایکو سسٹم میں کرپٹو کرنسی اور بلاک چین ٹیکنالوجیز کو ضم کرتے، ڈیجیٹل اثاثوں کے لیے ایک مضبوط ریگولیٹری فریم ورک تیار کرنے اور حکومتی کارکردگی کو بڑھانے کے لیے مصنوعی ذہانت کے استعمال کی تلاش میں ان کا کردار اہم ہوگا۔

بلال بن ثاقب کی تقرری کا وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے خیر مقدم کیا ہے، جنہوں نے پاکستان کے کرپٹو سیکٹر کے لیے ایک مضبوط اور موثر ریگولیٹری فریم ورک کی ترقی میں رہنمائی کرنے میں ثاقب کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔

پاکستان کرپٹو کونسل کے چیف ایڈوائزر اور چیئرمین کی حیثیت سے بلال بن ثاقب کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔

ریگولیٹری فریم ورک تیار کرنا: ایسے ضوابط بنانا جو پاکستان میں کرپٹو کرنسی اور بلاک چین ٹیکنالوجیز کی ترقی میں معاونت کریں۔

جدت کو فروغ دینا: کرپٹو سیکٹر میں اختراع اور سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا۔

حکومتی کارکردگی کو بڑھانا: حکومتی کارروائیوں کو بہتر بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت کے استعمال کی تلاش۔

معاشی ترقی کو فروغ دینا: کرپٹو کرنسی اور بلاک چین ٹیکنالوجیز کو اپنانے کے ذریعے معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے حکمت عملی تیار کرنا۔

حالیہ برسوں میں کرپٹو کرنسیوں نے خاصی توجہ حاصل کی ہے۔ یہاں ایک جائزہ ہے۔

کرپٹو کرنسیاں کیا ہیں؟

کرپٹو کرنسی ڈیجیٹل یا ورچوئل کرنسیاں ہیں جو محفوظ مالی لین دین کے لیے کرپٹوگرافی کا استعمال کرتی ہیں۔ وہ وکندریقرت ہیں، یعنی ان پر کسی حکومت یا مالیاتی ادارے کے کنٹرول نہیں ہیں۔

کرپٹو کرنسیوں کی اقسام:

1-Bitcoin (BTC): پہلی اور سب سے مشہور کرپٹو کرنسی۔

2 ایتھریم (ETH): ایک مقبول کرپٹو کرنسی جس میں سمارٹ معاہدوں اور وکندریقرت ایپلی کیشنز پر بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔

3 Altcoins: متبادل کرپٹو کرنسیز، جیسے Litecoin، Dogecoin، اور Monero۔

کرپٹو کرنسی کے ساتھ کام کرنے کا طریقہ:

1 والٹس: آپ کو کرپٹو کرنسیوں کو ذخیرہ کرنے، بھیجنے اور وصول کرنے کے لیے ایک ڈیجیٹل والیٹ کی ضرورت ہے۔ مقبول بٹوے میں Coinbase، MetaMask اور Ledger شامل ہیں۔

2 ایکسچینجز: کرپٹو کرنسی ایکسچینجز، جیسے بائنس، کریکن اور ہوبی، آپ کو کرپٹو کرنسی خریدنے، بیچنے یا تجارت کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

3 کان کنی: آپ ریاضی کے پیچیدہ مسائل کو حل کر کے کرپٹو کرنسیوں کی کان کنی کر سکتے ہیں، لیکن اس کے لیے اہم کمپیوٹیشنل طاقت اور توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

4 ٹریڈنگ: آپ آن لائن ایکسچینجز یا بروکریجز کے ذریعے کرپٹو کرنسیوں کی تجارت کر سکتے ہیں۔

کرپٹو کرنسیوں کی قیمت:

کرپٹو کرنسیوں کی قدر تیزی سے اور غیر متوقع طور پر اتار چڑھاو? آ سکتی ہے۔ یہاں کچھ عمومی قیمت کی حدود ہیں:

1Bitcoin* (BTC): تقریباً 000$60-000$20

2 ایتھریم (ETH): تقریباً 000$1-000$5

3 Altcoins: قیمتیں وسیع پیمانے پر مختلف ہوتی ہیں، چند سینٹ سے لے کر کئی سو ڈالر تک

ذہن میں رکھیں کہ کرپٹو کرنسی کی قیمتیں تیزی سے گر سکتی ہیں یا بڑھ سکتی ہیں اور ان میں سرمایہ کاری اہم خطرات لاحق ہے۔

اہم امور:

1۔ اتار چڑھاو?: کرپٹو کرنسی کی قیمتیں تیزی سے اتار چڑھاو? آ سکتی ہیں۔

2 سکیورٹی: مضبوط پاس ورڈز اور 2 فیکٹر تصدیق کے ساتھ اپنے ڈیجیٹل والیٹ اور ایکسچینج اکاو?نٹس کی حفاظت کریں۔

3 ضابطے: کرپٹو کرنسی کے استعمال سے متعلق مقامی قوانین اور ضوابط سے خود کو واقف کریں۔

4 سرمایہ کاری کے خطرات: کبھی بھی اس سے زیادہ سرمایہ کاری نہ کریں جتنا آپ کھونے کے متحمل ہو سکتے ہیں۔

cryptocurrencies کے ساتھ سرمایہ کاری کرنے یا کام کرنے سے پہلے یقینی بنائیں کہ آپ خطرات اور انعامات کو سمجھتے ہیں۔

پاکستان کو آگے بڑھانا ہے تو پروفیشنلز کو موقع دینا ہوگا دنیا کیساتھ چلنا ہوگا اور قوم کو آگاہی دینی ہوگی بلال بن ثاقب سے اچھی توقعات ملک کی ترقی کی وجہ بنیں ہے کامیابی ہو گی ان کی بھی ملک کی بھی اس ملک میں ہر روز نیا فراڈ ہوتا ہے بروقت آگاہی اور طریقہ کار کا پتہ ہونے سے ڈیجیٹل کرنسی کی افادیت اور استعمال سے ملک قوم کو موقع ملے گا۔

ذِکر سرٹیفائڈ کا!



مسلم لیگ کے سینیٹر پرویز رشید نے کہا ہے کہ اب مہنگائی کم ہونے کا زمانہ شروع ہونے والا ہے۔

یہ بیان خواجہ آصف یا ان جیسی کسی اور عظیم ہستی نے دیا ہوتا تو کس نے پڑھنا یا سننا تھا لیکن بیان پرویز رشید کا ہے جن کی شہرت ہے کہ مسلم لیگ ن کے حامی ہیں لیکن خوشامدی نہیں۔ مطلب یہ کہ امید والے حالات پیدا ہو گئے ہیں جبھی تو انہوں نے یہ بات کی۔ انہیں چاہیے کہ وزیراعظم اور دیگر وزراء کو یہ مشورہ دیں کہ مہنگائی کم ہونے کے بیانات نہ دیا کریں۔ مہنگائی سے مارے ہوئے لوگ چڑ جاتے ہیں۔ مہنگائی کہاں کم ہوئی ہے، وہ تو بدستور بڑھ رہی ہے، جو ہوا ہے وہ یہ ہے کہ مہنگائی بڑھنے کی رفتار کم ہوئی ہے۔ امید کرنی چاہیے، بالخصوص پرویز رشید کے بیان کے بعد، کہ جلد ہی مہنگائی بڑھنے کا سلسلہ رک جائے گا، پھر شاید ریلیف کی صورت ملے۔

ریلیف کی بات صدر آصف زرداری نے بھی پارلیمنٹ سے خطاب میں کہی۔ انہوں نے کم تنخواہ والوں پر ٹیکس کم کرنے کی تجویز دی۔

بظاہر صدر کی بات وفاقی حکومت سے ‘‘پالیسی’’ اختلاف ظاہر کرتی ہے۔ اس لئے کہ وفاقی حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ جس کی آمدنی جتنی کم ہے، اس پر اتنا ہی ٹیکس لگاؤ، اور جو جتنا زیادہ مالدار ہے اس پر اتنا ہی کم ٹیکس لگاؤ، بلکہ آئیڈیل تو یہ ہے کہ سرے سے کوئی ٹیکس مت لگاؤ۔ بلکہ اس کی مراعات اور تنخواہ میں اضافہ کرو۔

ایک ستم ظریف مسلم لیگی دوست سے اس پر بات ہوئی تو اس نے وزیراعظم کا دفاع کیا اور کہا کہ دراصل اس پالیسی کا مقصد عوام کو ‘‘آسانیاں’’ فراہم کرنا ہے۔ حیران ہو کر پوچھا، عوام کی مشکلات بڑھا کر آسانیاں کیسے دی جا سکتی ہیں تو ماتھے پر ہاتھ مار کر مجھ پر اظہار افسوس کیا اور کہا، حد ہے، تم نے مرزا غالب کا ‘‘فارمولا’’ نہیں پڑھا۔ وفاقی حکومت اسی فارمولے کو کامیابی سے نافذ کر رہی ہے۔ حیران ہو کر عرض کیا، میرے علم میں غالب کا ایسا کوئی فارمولا نہیں ہے۔ کہنے لگے وہ شعر یاد کرو

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

فرمایا، وفاقی حکومت اسی فارمولے کے تحت عام آدمی کی مشکلات دور کرنے میں لگی ہے اور تم ایسے نادان لوگ اس نیک کام میں کیڑے نکالنے میں لگے ہوئے ہیں، افسوس!

پٹی پٹائی پارٹی نے مشترکہ اجلاس میں غل غپاڑہ کیا، خوب ڈھول پیپے پیٹے۔ بہرحال دھما چوکڑی اتنی نہیں مچا سکی جتنی کا اندیشہ تھا۔ وجہ یہ ہوئی کہ سارے ارکان حاضر نہیں تھے۔ ایسے غل غپاڑے کی کامیابی کیلئے سو فیصد حاضری ضروری ہوتی ہے۔

پٹی پٹائی پارٹی نے بعدازاں اپنے توپ خانے کا منہ صدر زرداری پر کھول دیا۔ وجہ یہ بنی کہ صدر نے اپنی تقریر میں حکومت کی معاشی کامیابیوں کا ذکر کیا تھا۔ مثلاً یہ کہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ریکارڈ حد تک بڑھی ہے، دوسرے معاشی اشاریئے بھی اچھے ہو رہے ہیں، سود کی شرح لگ بھگ آدھی رہ گئی وغیرہ وغیرہ۔

اچھا ہوا کہ صدر نے اوورسیز سے ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافے کا ذکر نہیں کیا، ورنہ پٹی پٹائی پارٹی کے زخموں پر نمک چھڑکنے والی بات ہو جاتی اور نمک بھی کون سا، کرسٹل وائٹ نہیں، کالا سیاہ نمک جو قبض کی دواؤں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

ویسے پٹی پٹائی پارٹی کا غصہ صرف صدر زرداری پر کیوں؟۔ یہ اعتراف تو سبھی غیر ملکی اداروں نے بھی کیا ہے۔ کیا آئی ایم ایف، کیا ورلڈ بنک، کیا فچ اور کیا اسی طرح کے دوسرے ادارے۔ یعنی ملک کو دیوالیہ ہونے کا جو خدشہ تھا، وہ تو کہیں پیچھے رہ گیا، بات کہاں سے کہاں پہنچ گئی، پٹی پٹائی پارٹی کی امیدوں کی ساری کشتیاں ہی غرق دریا ہو گئیں۔

مزے کی بات ہے، پٹے پٹائے توپ خانے کا رخ اپنے ہی وزیراعلیٰ گنڈاپور کی طرف بھی ہے اور ان پر خوب گولہ باری ہو رہی ہے۔ کل پشاور کی پی ٹی آئی نے بھی گنڈاپور کی حکومت پر چڑھائی کر دی۔ کہنے والے کہتے ہیں کہ اڈیالہ سے اشارے پر پشاور پارٹی نے یہ انگڑائی لی۔

اڈیالہ والے اشارے پر ایک اور ‘‘دردناک سانحہ’’ یاد آیا۔ تین چار دن پہلے اڈیالے سے حکم ہوا کہ اڈیالہ جیل کے باہر احتجاجی کیمپ لگاؤ، خاص طور سے جنوبی پنجاب سے کارکنوں کو لانے کی ذمہ داری کسی عالیہ حمزہ نامی محترمہ کو دی گئی کہ شمالی پنجاب والے تو پہلے ہی سر عام، کھلم کھلا، دن دہاڑے یہ اعلان کر چکے کہ ہماری توبہ، ہم کسی احتجاج میں نہیں آئیں گے۔

پھر اس کے حکم کا کیا بنا۔ پشاور میں ہونے والے پٹے پٹائے اجلاس نے اس ‘‘حکم’’ کو مسترد کر دیا۔ پارٹی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ سے پوچھا گیا تو جواب دیا، کوئی احتجاجی کیمپ نہیں لگا رہے، ہاں احتجاج کرتے رہیں گے۔

عالیہ حمزہ کے ذمے لگائے گئے مشن کا کیا بنا۔ طیور آوارہ نے خبر دی ہے کہ وہاں سے بھی وہی جواب ملا جو شمالی پنجاب والے پہلے ہی دے چکے ہیں۔

تاریخ ہائے انقلابیاں میں یہ پہلی بار ہوا ہے کہ انقلابیوں نے قائد انقلاب کا حکم یوں کھلم کھلا مسترد کیا ہو۔۔۔ تفو بر تو اے چرخ گرداں تفو!

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں پٹی پٹائی پارٹی کے ارکان نے حکمران جماعتوں کے رہنماؤں کا نام لے کر چور چور کے نعرے لگائے۔

ان رہنماو?ں پر چوری کا الزام لگا، مقدمے چلے، الزام جھوٹا ثابت ہوا اور یہ بری ہو گئے لیکن...

لیکن ایک صاحب پر چوری کا الزام لگا، مقدمہ چلا، جرم ثابت ہوا اور 14 سال کی قید ہو گئی۔ چوری بہت بڑی تھی، بڑی سزا ہوئی۔ پٹی پٹائی پارٹی نے اس چور کا تو ذکر ہی نہیں کیا۔۔ کیوں؟۔

شاید سوچا ہو کہ وہ تو سرٹیفائڈ چور ہے، اس کا ذکر کیا کرنا۔

بے چارا پہلے ہی جیل کی کوٹھڑی میں بند ہے۔۔۔ شاید

ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے گاو?ں بھگوانی میں ایک بارہ سالہ بچی کو ونی کر دیا گیا۔ اس کے بدقسمت باپ نے خودکشی کر لی۔ ونی کرنے کا فیصلہ 6 رکنی جرگے نے دیا تھا۔ پولیس نے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔

گرفتار ہو گیا مگر چھوٹ جائے گا اور بری بھی ہو جائے گا اور پھر اگلے جرگے میں بھی بیٹھے گا۔

قانون اور انصاف ہمیشہ ایک پیج پر نہیں ہوتے۔ مثلاً انصاف کہتا ہے ونی کرنے والوں کو سرعام پھانسی دی جائے۔ ملک کے مختلف علاقوں میں شیطان کی مجلس شوریٰ کے جو اجلاس ‘‘جرگوں’’ کے نام پر ہوتے ہیں، ان سب کو بھی اجتماعی صلیب کاری کی نذر کیا جائے لیکن قانون اس کی اجازت نہیں دیتا چنانچہ ثابت ہوا کہ انصاف اور قانون ہمیشہ ایک ہی پیج پر نہیں ہوتے۔ اور پاکستان میں تو شاید کبھی نہیں ہوتے۔

حکومتی بندوبست کے "صدر" کا حکومت پر یکطرفہ فیصلوں کا الزام



دنیا کے لئے ‘‘جمہوری’’ ملک کے طور پر پہچانے جانے کے لئے ہم نے کئی روایتیں محض دکھاوے کے لئے اپنا رکھی ہیں۔ پارلیمان کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت کا ہر پارلیمانی سال کے آغاز کے ساتھ ہوا خطاب بھی ایسی ہی ایک روایت ہے۔ سچ مچ کی پارلیمانی جمہوریت میں سربراہ مملکت جب یہ خطاب کرنے آتا ہے تو اس کا واحد مقصد منتخب حکومت کی کارکردگی اور آئندہ کے عزائم کو ‘‘سب اچھا ہے’’ دکھا کر پیش کرنا ہوتا ہے۔ صدر ہمارے ہاں مگر عموماً فوج یا نوکر شاہی سے آتے رہے ہیں۔ یہ دونوں ادارے جبلی طور پر سیاستدانوں کو نکما اور بدعنوان سمجھتے ہیں۔ ان سے ابھرے صدور لہٰذا ناصح بزرگ کی طرح پارلیمان کے مشترکہ اجلاسوں سے خطاب کرتے رہے۔ اصولی طور پر مذکورہ خطاب کا مسودہ وزیراعظم کے دفتر میں تیار ہونا چاہیے۔ مختلف وزارتوں سے ان کی کارکردگی اور آئندہ کے منصوبوں کی تفصیلات جمع کرنے کے بعد اسے لکھا جاتا ہے۔ ‘‘مادر پارلیمانی جمہوریت’’ برطانیہ میں وزیراعظم کے دفتر سے بھجوائے مسودے میں بادشاہ یا ملکہ کوما اور فل سٹاپ بھی بدل نہیں سکتے۔

میری پارلیمانی رپورٹنگ کا آغاز جنرل ضیاء کے دور میں ہوا تھا۔ آٹھ برس کے سخت گیر مارشل لاء کے بعد موصوف نے 1985 میں ‘‘غیر جماعتی انتخاب’’ کروائے تھے۔ انتخابات کے بعد جو قومی اسمبلی قائم ہوئی اس کے لئے محمد خان جونیجو کو نامزد کرتے ہوئے جنرل ضیاء نے کھل کر آگاہ کیا کہ وہ عوامی نمائندوں کو اقتدار ‘‘منتقل’’ نہیں کر رہے۔ انہیں اقتدار میں شریک کر رہے ہیں۔ شراکت داری میں لیکن ‘‘میں (یعنی جنرل ضیاء) اور میرے رفقاء’’ کلیدی ریاستی فیصلے کریں گے۔ پاکستان کا ایٹمی پروگرام اور ‘‘افغان جہاد’’ اس تناظر میں سرفہرست تھے۔ منتخب لوگوں کا بنیادی فریضہ لوگوں کو نوکریاں دلوانا یا ‘‘اپنے حلقوں’’ میں بجلی اور گیس کی فراہمی پر توجہ دینا تھا۔

‘‘غیر جماعتی’’ بنیادوں پر منتخب ہوئی قومی اسمبلی مگر ‘‘ثانوی کردار’’ ادا کرنے کو تیار نہ ہوئی۔ بتدریج اپنے پر نکالنا اور بعدازاں پھیلانا شروع ہو گئی۔ بالآخر اس کا خالق ہی اسے 1988ء میں برطرف کرنے کو مجبور ہوا۔

جنرل ضیاء کی فضائی حادثے میں ہلاکت کے بعد ریاست کے دائمی اداروں نے باہم مل کر افسر شاہی سے ابھرے غلام اسحاق خان کو ایوان صدر میں بٹھایا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کو مجبور کیا کہ وہ انہیں ‘‘متفقہ’’ طور پر منتخب ہوئے صدر کی صورت قبول کریں۔ آئین میں 8ویں ترمیم کی وجہ سے ان دنوں کا صدر پاکستان درحقیقت منتخب حکومت کا نگران ونگہبان تھا۔ اسے منتخب وزیراعظم اور قومی اسمبلی کو کسی بھی وقت گھر بھیجنے کا اختیار حاصل تھا۔ مذکورہ اختیار کو ضیاء نے جونیجو حکومت کے خلاف استعمال کیا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت دو سال سے کم وقت میں برطرف کر دی گئی۔ نواز شریف کی پہلی اور دوسری حکومتوں کے ساتھ بھی ایسا ہی واقعہ ہوا۔

جمہوری حکومتوں کی بے ثباتی کو بخوبی جانتے ہوئے آصف علی زرداری نے 2008ء میں پاکستان کا صدر منتخب ہونے کے بعد نہایت دیانتداری سے تمام سیاسی جماعتوں کی مشترکہ معاونت سے آئین میں آٹھویں ترمیم متعارف کروائی۔ صدر اس کے بعد پارلیمانی روایات کے مطابق محض ایک علامتی عہدہ رہ گیا۔ حالات مگر اب بدل چکے ہیں 2014ء سے ہمارے ہاں کا سیاسی بندوبست ‘‘ہائی برڈ’’ کہلاتا ہے۔ یہ تیتر ہے نہ بٹیر۔ دکھاوے کی جمہوریت ہے۔ ریاست کے ‘‘کلیدی’’ فیصلے منتخب نمائندے نہیں ریاست ہی کے طاقتور ترین ادارے کرتے ہیں۔ ایسے حکومتی بندوبست کے ہوتے ہوئے کسی بھی صدر کا محض ‘‘علامتی’’ رہنا ناممکن ہے۔ آصف علی زرداری کے لئے ‘‘علامتی صدر’’ ہونا اس لئے بھی بہت مشکل ہے کیونکہ وہ ایک جماعت کے سربراہ بھی ہیں۔ اس جماعت کی ‘‘نظریاتی’’ شناخت بتدریج معدوم ہو چکی ہے۔ سندھ میں لیکن وہ 2008ء سے مسلسل برسراقتدار ہے۔ اپنا ‘‘کلہ’’ مضبوط رکھنے کی خاطر اس کے لئے چند معاملات پر سخت موقف اختیار کرنا ضروری ہے۔

سندھ میں عوامی سطح پر پانی ایک حساس ترین معاملہ ہے۔ دنیا بھر کے کئی ممالک میں ایسے صوبے یا ملک جو پانی کے لئے بالائی خطوں کے محتاج ہوں اس معاملہ پر بہت جذباتی محسوس کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں کی زراعت بنیادی طور پر دریاؤں سے انگریز دور میں نکالی نہروں کے پانی پر کامل انحصار کی عادی ہے۔ ‘‘پانی چوری’’ کا الزام وافر پانی سے مالا مال دیہاتوں میں بھی خاندانی دشمنیوں کی جانب لے جاتا ہے اور سندھ میں برطانوی دور ہی سے یہ تاثر عوام میں مقبول رہا ہے کہ آبادی کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ اس کے حصے کا پانی چوری کرتا ہے۔ وسیع تر حلقوں میں پھیلے اس تصور کی ہمارے ہاں کسی بھی حکومت نے ٹھوس اعداد و شمار اور آسان الفاظ میں تشکیل دیئے بیانیے سے نفی کی کوشش ہی نہیں کی۔ سچ کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں موجود خدشات دور کرنے کے بجائے 1980ء کی دہائی میں کالا باغ ڈیم کا قضیہ کھڑا کر دیا گیا۔

بھاشا جیسے ڈیموں کی تعمیر نے اس قضیے کا خاتمہ کیا تو گزشتہ چند مہینوں سے یہ تاثر عام ہونے لگا کہ چولستان کے ریگستان کو ‘‘کارپوریٹ فارمنگ’’ کے ذریعے گلستان میں بدل دیا جائے گا۔ اتفاقاً گزشتہ دو برسوں کے دوران سندھ طاس معاہدے کے ذریعے بھارت کے حصے میں گئے دریائے ستلج میں سیلاب آتا رہا ہے۔ بھارت کے پاس سیلابی پانی کا رخ پاکستان کی طرف موڑنے کے سوا کوئی راستہ ہی موجود نہیں تھا۔ دریائے ستلج نے بھرنا شروع کیا تو ہمارے فیصلہ سازوں کو خیال آیا کہ سیلابی پانی کو ذخیرہ کرنے اور کاشتکاری کے لئے استعمال کرنے کے لئے نہریں بنائی جائیں۔ اس فیصلے پر عوامی پنچائتوں پر غور کا انتظام نہیں ہوا۔ عوامی سوچ نظرانداز کرنے کی وجہ سے سندھ میں یہ تاثر بہت تیزی سے پھیلنے لگا کہ ‘‘اس کے حصے کا پانی’’ چولستان کو آباد کرنے کے لئے چرا لیا جائے گا۔

گزشتہ 4 مہینوں سے میں نے بارہا اس کالم اور ٹی وی سکرینوں کے ذریعے حکمرانوں کو متنبہ کرنے کی کوشش کی کہ چولستان کو آباد کرنے کے لئے نئی نہریں کھودنے کا خیال سندھ میں اضطراب پھیلا رہا ہے۔ طوطی کی آواز نقار خانے میں کسی نے سنی نہیں۔ پیر کی سہ پہر مگر پاکستان کے صدر آصف علی زرداری نے پارلیمان کے مشترکہ اجلاس میں کھڑے ہو کر ‘‘بطور صدر پاکستان اور محب وطن پاکستانی’’ حکومتی بندوبست پر الزام لگایا کہ اس نے چولستان آباد کرنے کی خاطر نئی نہریں کھودنے کا فیصلہ ‘‘یکطرفہ’’ طور پر کیا ہے۔ اس فیصلے سے فقط سندھ ہی نہیں دیگر چھوٹے صوبوں میں بھی بدگمانیاں پیدا ہوں گی۔ صدر پاکستان کے خطاب کے دوران اسلام آباد میں تعینات سفارتی نمائندوں کے لئے مختص گیلری میں ایک بھی نشست خالی نہیں تھی۔ پریس گیلری میں بیٹھ کر آپ اپوزیشن کے شور شرابے کی وجہ سے صدر کی تقریر کا ایک لفظ بھی نہیں سن سکتے تھے۔ سفارت کاروں کی نشستوں کے ساتھ مگر مائیک لگے ہوتے ہیں۔ دنیا کو پیر کے روز لہٰذا پیغام یہ گیا ہے کے موجودہ حکومتی بندوبست کا ‘‘صدر’’ حکومت پر ‘‘یک طرفہ فیصلوں’’ کا الزام لگاتے ہوئے انہیں ملکی یکجہتی کے لئے خطرہ قرار دے رہا ہے۔

نامہ نگاری کرنیوالے رسول بخش نسیم کی 25ویں برسی

نعیم احمد ناز

کئی بار قلم اٹھایا اور رکھ دیا، آنکھیں دھندلا جائیں تو لکھنا مشکل ہو جاتا ہے، کوئی زندگی کی رعنائیوں کا مرثیہ بے نم آنکھوں سے لکھ کر دکھائے تو مانوں، آخری قدم قبرستان سے باہر رکھنے لگا تو ایک بار پھر مڑ کر دیکھا، مٹی کا ایک ڈھیر سامنے تھا۔ تو کیا وہ رعنائی خیال، وہ تبسم، وہ تکلم، وہ علم، وہ بصیرت، وہ حسن خلق، سب پیوند خاک ہو گئے؟ کیا ان سے دائمی محرومی ہی انسان کا مقدر ہے؟ لگا دل اچھل کر سامنے آ گیا۔ جی چاہا کہ میں اس خاک سے مخاطب ہو کر غالب کے الفاظ میں شکوہ کروں کہ تو نے ’یہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے؟ اداسی نے پاؤں جکڑ لیے۔ اللہ کا شکر کہ مرشد اقبالؒ آ گئے اور میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ میں سنبھل گیا، جکڑے ہوئے قدم اٹھنے لگے۔ انہوں نے سرگوشی کی:

فرشتہ موت کا چھوتا ہے گو بدن تیرا
ترے وجود کے مرکز سے دور رہتا ہے

اوچ شریف میں صحافت کی باوقار شخصیت رسول بخش نسیم، جنہیں دنیا نسیم صاحب کے نام سے جانتی رہے گی، میرے والد تو تھے ہی، بہترین دوست اور استاد بھی تھے، مربی اور محسن بھی تھے۔ 21 رمضان المبارک 1421ھ (بمطابق 9 دسمبر 2000ء) کو جب آفتاب مشرق سے مغرب کی طرف گامزن تھا، آسمان صحافت کا یہ درخشاں ستارہ ٹوٹ کر دور کہیں خلاؤں میں گم ہو گیا۔ شمع صحافت کو خون جگر سے جلائے رکھنے کے فن سے آشنا رسول بخش نسیم کی پیدائش یکم اکتوبر 1932ء کو پانچ دریاؤں کے حسین سنگم میں واقع تحصیل علی پور کے ایک دور افتادہ گاؤں ٹبہ برڑہ سرکی میں ہوئی۔ بچپن یتیمی میں گزرا۔ غربت کی وجہ سے زیادہ تعلیم حاصل نہ کر سکے البتہ زمانے کی ٹھوکروں نے انہیں بہت کچھ پڑھا دیا۔ نسیم صاحب جیسا وسیع المطالعہ اور متنوع ذوق رکھنے والا میں نے زندگی بھر نہیں دیکھا۔ مذہب، سیاست، سماج، ادب، فلسفہ، فنون لطیفہ۔۔۔ زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جس میں ان کی معلومات بے پناہ اور تجزیہ انتہائی گہرا نہ ہو۔ جوانی میں قدم رکھتے ہی پاک فوج میں بحیثیت سپاہی بھرتی ہو گئے۔ فوج میں ان کی صلاحیتیں نکھریں، اس لیے فوج میں انہوں نے تیزی سے ترقی کی۔ ادب اور شاعری سے انہیں بچپن ہی سے لگاؤ تھا، چنانچہ وقتاً فوقتاً افواج پاکستان کے ماہنامہ جریدے ’ہلال‘ میں لکھنے لگے۔ ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور سیالکوٹ کے محاذ پر دشمن کی گولہ باری سے زخمی ہوئے۔ ان کی فوجی خدمات کے اعتراف میں حکومت کی طرف سے انہیں میڈل بھی عطا کیا گیا۔ 1970ء کی دہائی میں بطور صوبیدار انہوں نے پاک فوج سے ریٹائرمنٹ لے لی اور اپنے آبائی گاؤں کو خیر باد کہہ کر اوچ شریف کو اپنا مسکن بنا لیا۔

فوج سے ریٹائرمنٹ کے بعد آپ نے کچھ عرصہ سیت پور، خان پور نہڑ کا اور بنڈہ اسحاق کے سرکاری سکولوں میں بطور فزیکل ایجوکیشن ٹیچر کے طور پر خدمات سرانجام دیں۔ درس و تدریس کا شغل اختیار کیا اور حکمت کا کام بھی کرتے رہے۔ (آپ پاک فوج کی میڈیکل کور سے سند یافتہ مستند حکیم تھے) اس دوران اپنے پیرومرشد ولی عہد درگاہ جلالیہ عالیہ مخدوم سید غلام اکبر بخاری کے حکم پر فتح پور کمال ضلع رحیم یار خان کے موضع کوٹ شاہاں میں منتقل ہو گئے، یہاں صوفی بزرگ حضرت جتی سلطان کے مزار پر خلیفہ اور متولی کے طور پر کئی سال گزارے، یہاں قیام کے دوران آپ نے ایک مسجد اور مدرسہ قائم کیا جہاں اس دور میں بچوں کو قرآن پاک کے علاوہ اردو، ریاضی، انگریزی اور جغرافیہ کے مضامین کی مفت تعلیم مہیا کی جاتی۔

اس دوران رسول بخش نسیم مسلسل اخبارات و رسائل میں کہانیاں اور مختلف موضوعات پر مضامین لکھتے رہے۔ اوچ شریف منتقل ہونے کے بعد انہوں نے تمام کشتیاں جلا کر صحافت اور ادب کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا۔ اسّی اور نوّے کی دہائیوں کا دور رسول بخش نسیم کی صحافتی زندگی کا اہم دور رہا ہے، اس دور میں انہوں نے اپنی صحافتی تحریروں سے اوچ شریف کی سیاسی، سماجی و ادبی سطح پر اپنے گہرے نقوش مرتب کیے۔ اوچ شریف سے انہوں نے امروز، مغربی پاکستان، نوائے وقت، دی نیشن، لیل ونہار اور انقلاس سمیت کئی قومی و مقامی اخبارات و جرائد کی نمائندگی کی۔ آپ نے روزنامہ ’نوائے وقت‘ کی مسلسل بیس سال تک نمائندگی کی۔ آپ نے اوچ پریس کلب کی بنیاد رکھی اور اس کے پہلے صدر منتخب ہوئے۔

رسول بخش نسیم اصلاً علم اور تحقیق کی دنیا کے آدمی تھے اور ان کا شمار اردو کے سرکردہ ادباء اور صحافیوں میں ہوتا تھا لیکن مقامی صحافت کو انہوں نے جو معیار، مزاج اور حسن دیا، انہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا، ان کی صحافتی تحریروں میں ایک خاص قسم کی سنجیدگی، متانت اور اعتدال تھا، وہ اپنی صحافت سے سماجی و معاشرتی اصلاح اور عوامی بیداری کے ہمیشہ خواہاں رہے۔ اوچ شریف کی تاریخی حیثیت کے حوالے سے ان کی لکھی گئی تحقیقی کتاب ’روحانیت اوچ‘ کو صدر جنرل محمد ضیاء الحق کی طرف سے خصوصی انعام سے نوازا گیا تھا۔ ان کی خودنوشت داستان حیات ’پردے میں رہنے دو‘ کے نام سے منصہ شہود پر آ چکی ہے، ’سندر سی لڑکی‘ کے نام سے اپنی زندگی کی حقیقی داستان کے موضوع پر ایک ناول بھی لکھا۔ دیگر کئی کتابیں، اور افسانے ان کے قلم کی جولانیوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

ادب اور صحافت کی خدمت کرتے کرتے آپ دل کے مریض بن گئے۔ دمہ کی تکلیف انہیں پہلے سے ہی تھی مگر انہوں نے لکھنا نہ چھوڑا، بعدازاں ان کی آنکھوں نے بھی جواب دے دیا، آپریشن وغیرہ کے ذریعے تھوڑی سی بینائی بحال ہوئی لیکن زیادہ لکھنے سے قاصر ہو گئے۔ مئی 2000ء میں ان کی شریک حیات فوت ہوئیں تو دنیا کی بے ثباتی پر ان کا یقین پختہ ہو گیا، اپنی شریک حیات کی وفات کے سات ماہ بعد رمضان المبارک کی مقدس و معطر ساعتوں میں وہ بھی اپنے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

یہ جھلک ہے اس آدمی کی جسے 13 رمضان المبارک کو ان کے آبائی قبرستان ٹبہ برڑہ تحصیل علی پور میں اپنے والدین کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

لندن: چیمپئنز لیگ میچ کے دوران آرسنل F C کے گیبریل P S V کے درران میچ کا منظر

علاج میں غفلت برتنے کا الزام، میراڈونا کی موت پر طبی عملے کیخلاف مقدمے کی سماعت شروع

وہ میراڈونا کی زندگی کے آخری دنوں میں علاج معالجے میں غفلت برتنے کے مرتکب ہوئے، الزام

بیونس آئیرس (زیڈ این این) ارجنٹائن کے لیجنڈری فٹبالر ڈیا گو میراڈونا کی موت کے معاملے پر ان کے طبی عملے کے 7 اراکین کے خلاف مقدمے کی سماعت کا آغاز ہوگیا۔ ان پر الزام ہے کہ وہ میراڈونا کی زندگی کے آخری دنوں میں علاج معالجے میں غفلت برتنے کے مرتکب ہوئے۔ استغاثہ کے مطابق، ملزمان پر ممکنہ ارادے سے قتل کرنے کا الزام ہے، جس کے تحت انہیں 8 سے 25 سال قید کی سزا ہوسکتی ہے۔ استغاثہ نے اپنے ابتدائی بیان میں کہا اس حوالے سے ٹھوس شواہد پیش کیے جائیں گے کہ طبی عملے کے کسی بھی فرد نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تھی۔ مقدمے کی سماعت میں 100 سے زائد گواہان بشمول میراڈونا کے اہل خانہ اور ان کے سابقہ معالجین پیش ہوں گے، یہ سماعت جولائی تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ مقدمے کا سامنا کرنے والے ملزمان میں ایک نیوروسرجن، ایک سائیکاٹرسٹ، ایک سائیکالوجسٹ، ایک میڈیکل کوآرڈینیٹر، ایک نرسنگ کوآرڈینیٹر، ایک ڈاکٹر اور نائٹ نرس شامل ہیں، جبکہ دن کے وقت کی نرس، جس نے میراڈونا کو مردہ حالت میں پایا تھا، کو ایک علیحدہ مقدمے کا سامنا کرنا ہوگا۔ 2021 میں بننے والے 20 طبی ماہرین کے پینل نے کا کہنا تھا کہ اگر میراڈونا کو مناسب طبی سہولیات دی جاتیں تو ان کی جان بچ سکتی تھی۔ خیال رہے کہ لیجنڈری فٹبالر میراڈونا 25 نومبر 2020 کو 60 سال کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔ وہ دماغ کی ایک سرجری کے بعد روبہ صحت ہورہے تھے اور اسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد ایک کرائے کے گھر میں قیام پذیر تھے، جہاں وہ بستر پر مردہ حالت میں پائے گئے، بعدازاں ان کی موت کی وجہ دل کا دورہ قرار دی گئی۔ وہ میراڈونا کی زندگی کے آخری دنوں میں علاج معالجے میں غفلت برتنے کے مرتکب ہوئے، الزام

گلاسگو: گلاسگو، اسکاٹ لینڈ میں رینجرز کے تربیتی مرکز میں رینجرز کے تربیتی سیشن کر رہے ہیں

ممبئی انڈینز اور گجرات جائنٹس کے درمیان ویمنز پریمیئر لیگ کا ایلیمینیٹر میچ آج کھیلا جائے گا

نئی دہلی (زیڈ این این) بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کے زیر اہتمام ویمنز پریمیئر لیگ (ڈبلیو پی ایل) کا تیسرا ایڈیشن بھارت میں جاری ہے، جو اپنے اختتامی مرحلے کی طرف گامزن ہے۔ ٹی ٹوئنٹی لیگ میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ ویمنز پریمیئر لیگ میں کل (جمعرات کو) فائنل میچ سے قبل ایلیمینیٹر میچ کھیلا جائے گا جس میں گجرات جائنٹس اور ممبئی انڈینز کی خواتین ٹیمیں بریبورن سٹیڈیم، ممبئی کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی۔ یہ میچ انتہائی اہم ہے جو ٹیم جیتے گی وہ 15 مارچ کو ویمنز پریمیئر لیگ کے فائنل میچ میں دہلی کیپٹلز سے ٹکرائے گی۔ دہلی کیپٹلز کی ٹیم پہلے ہی فائنل میں پہنچ چکی ہے۔ گجرات جائنٹس کی ویمنز ٹیم کو مایہ ناز بلے باز ایشلی گارڈنر لیڈ کریں گی جبکہ ممبئی انڈینز کی ویمنز ٹیم کی قیادت مایہ ناز آل راؤنڈر ہرمن پریت کور کریں گی۔ ویمنز پریمیئر لیگ میں 5 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں تھیں جن میں رائل چیلنجرز بنگلور کی ویمنز ٹیم لیگ میں ٹائٹل کے دفاع کے لئے کوشاں تھی جو فائنل کے لئے کوالیفائی نہیں کر پائی ہے۔ ویمنز پریمیئر لیگ خواتین کا ایک پیشہ ورانہ ٹی ٹوئنٹی ڈومیسٹک کرکٹ ٹورنامنٹ ہے جس میں شامل 5 ٹیموں میں دہلی کیپٹلز، گجرات جائنٹس، ممبئی انڈینز، دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرز بنگلور اور یوپی واریرز تھی۔ ٹورنامنٹ ڈبل راؤنڈ روبن اور پلے آف سسٹم پر کھیلا جا رہا ہے۔ ٹورنامنٹ میں فائنل سمیت کل 22 میچز کھیلے جائیں گے۔

اے ٹی پی انڈین ویلز اوپن ٹینس مینز سنگلز، ہولگر رونے اور ٹیلون گریکسپور کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

کیلیفورنیا (زیڈ این این) ڈنمارک کے ٹینس سٹار ہولگر رونے اور نیدرلینڈز کے ٹینس کھلاڑی ٹیلون گریکسپور اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت اے ٹی پی انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے جبکہ یونان کے نامور ٹینس سٹار سٹیفانوس سیٹسیپاس مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں شکست کے بعد ایونٹ سے باہر ہوگئے۔ امریکا کی مشہور ریاست کیلیفورنیا کے انڈین ویلز ٹینس گارڈن میں جاری اے ٹی پی ایونٹ میں سنسنی خیز مقابلے جاری ہیں۔ بدھ کو کھیلے گئے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں 21 سالہ ڈنمارک کے ٹینس سٹار ہولگر رونے نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف یونان کے نامور ٹینس سٹار سٹیفانوس سیٹسیپاس کو سٹریٹ سیٹس میں 4-6 اور 4-6 سے شکست دے کر ایونٹ کے کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کر لیا۔ ایک اور میچ میں نیدرلینڈز کے 28 سالہ ٹینس کھلاڑی ٹیلون گریکسپور نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے حریف جاپانی کھلاڑی یوسوکے وتانوکی کو ٹائی بریک پر سٹریٹ سیٹس میں 6-7(4-7) اور 1-6 سے مات دے کر نہ صرف چوتھی رکاوٹ عبور کر لی بلکہ کوارٹر فائنل کے لئے بھی کوالیفائی کر لیا۔

آیگا سویٹیک ڈبلیو ٹی اے انڈین ویلز اوپن ٹینس ویمنز سنگلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں

کیلیفورنیا (زیڈ این این) پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، سابق عالمی نمبرون اور ایونٹ کی سیکنڈ سیڈڈ آیگا سویٹیک اور یوکرین کی ٹینس سٹار ایلینا سویتولینا ڈبلیو ٹی اے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ 23 سالہ پولینڈ کی ٹینس کھلاڑی آیگا سویٹیک نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے میچ میں جمہوریہ چیک کی حریف ٹینس سٹار کیرولینا موچووا کو شکست دے کر نہ صرف ڈبلیو ٹی اے ایونٹ سے باہر کر دیا بلکہ ٹاپ 8 راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کر لیا۔ یوکرین کی ایلینا سویتولینا نے ٹاپ 16 راؤنڈ میچ میں امریکا کی ٹینس کھلاڑی جیسیکا پیگولا کو مات دے کر کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ ڈبلیو ٹی اے کے زیر اہتمام ویمنز ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے امریکا کی ریاست کیلیفورنیا میں جاری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں 23 سالہ پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، سابق عالمی نمبرون اور ایونٹ کی سیکنڈ سیڈڈ آیگا سویٹیک نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جمہوریہ چیک کی حریف ٹینس سٹار کیرولینا موچووا کو سٹریٹ سیٹس میں 1-6 اور 1-6 سے شکست دے کر ایونٹ کے کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کر لیا۔

بھارت نے چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے بعد وننگ پریڈ کا اہتمام کیوں نہیں کیا؟

وجہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کا 22 مارچ سے آغاز اور کھلاڑیوں کی تھکن ہے، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (زیڈ این این) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ٹائٹل جیتنے کے باوجود بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کی جانب سے وننگ پریڈ کا اہتمام نہ کیے جانے کی وجہ سامنے آگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کپتان روہت شرما کی قیادت میں میگا ایونٹ کا ٹائٹل جیتنے کے باوجود کھلاڑی ٹکڑوں میں اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے، بورڈ کی جانب سے پلیئرز کیساتھ وننگ پریڈ کا اہتمام نہیں کیا گیا تھا۔ قبل ازیں ٹی 20 ورلڈکپ 2024 میں تاریخی فتح کے بعد بھارتی کرکٹ بورڈ نے کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا تھا اور بعد ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم تقریب منعقد کی تھی جبکہ پریڈ کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس میں ہزاروں فینز نے شرکت کی تھی اور اپنے کھلاڑیوں کو داد دی تھی۔ وجہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کا 22 مارچ سے آغاز اور کھلاڑیوں کی تھکن ہے، بھارتی میڈیا تاہم چیمپئنز ٹرافی ٹائٹل کی جیت بعد ایسا نہیں ہوا، جس کی وجہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کا 22 مارچ سے آغاز اور کھلاڑیوں کی تھکن ہے۔ وجہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کا 22 مارچ سے آغاز اور کھلاڑیوں کی تھکن ہے، بھارتی میڈیا

بھارتی کرکٹر چہل کی خاتون دوست کے ساتھ تصاویر پر سابقہ اہلیہ چپ نہ رہ سکیں

پرسٹبری پارک میں چیلٹنہم ریسنگ فیسٹیول کے دوسرے دن میرین نیشنل کے ساتھ بیٹ ایم جی ایم کوئین مدر چیمپئن اسٹیپل چیس جیتنے کے بعد، ٹرینرز اور مالک بیری کونیل سمیت جیتنے والے کنکشنز کے ساتھ جشن منا رہے ہیں

کرکٹر کی سابقہ اہلیہ دھناشری نے بھی انسٹاگرام پوسٹ شیئر کرتے ہوئے اپنی بھڑاس نکال دی

نئی دہلی (زیڈ این این) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں بھارتی کرکٹر یوزویندر چہل اور ان کی دوست آر جے مہوش کی تصاویر وائرل ہونے کے بعد سابقہ اہلیہ دھناشری ورما کی پوسٹ نے ہلچل مچادی۔ چہل اور ڈانسر دھناشری ورما 2020 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے لیکن گزشتہ دنوں ہی دونوں کے درمیان باقاعدہ علیحدگی دیکھنے میں آئی۔ اس کے بعد بھارتی کرکٹر یوزویندر چہل کو مشہور خاتون ریڈیو جوکی (آر جے) مہوش کے ساتھ دیکھا گیا۔ یہ پہلا موقع نہیں جب چہل اور مہوش کو ایک ساتھ دیکھا گیا ہو، اس سے قبل کرسمس کے موقع پر بھارتی کرکٹر اور مہوش کی تصاویر منظر عام پر آئی تھیں جس نے دونوں کے درمیان ڈیٹنگ کی افواہوں کو جنم دیا تھا، اگرچہ مہوش نے اس وقت افواہوں کو ’بے بنیاد‘ قرار دیا تھا لیکن حالیہ وائرل تصاویر نے ایک بار پھر ان کے مبینہ تعلقات پر کی جانیوالی بحث کو ہوا دی ہے۔ دوسری جانب کرکٹر کی سابقہ اہلیہ دھناشری نے بھی انسٹاگرام پوسٹ شیئر کرتے ہوئے اپنی بھڑاس نکال دی۔ دھناشری ورما نے گزشتہ روز انسٹاگرام پر ایک اسٹوری شیئر کی جس میں درج تھا کہ ’عورت کو الزام دینا ہمیشہ فیشن رہا ہے‘۔ بھارتی کرکٹر کی سابقہ اہلیہ کی اسٹوری نے مداحوں کے غصے کو مزید بھڑکا دیا جس کے بعد سے کرکٹر اور ان کی مبینہ گرل فرینڈ کو مزید تنقید کا سامنا ہے۔ یہی نہیں اس سے چند ہفتے قبل بھی دھناشری کی ایک اور پوسٹ سامنے آئی جس میں درج تھا

میلبورن: گرینڈ فائنل سیریز کے دو گیم کے دوران یونائیٹڈ (R) کے ٹیئر کربیس کے دباؤ میں ٹوکری کی طرف لے جا رہے ہیں

قوت
SHOWBIZ

فیشل ایپ نے ایشوریا رائے کے چہرے کو نسوانی قرار دیدیا

اداکارہ اور مس ورلڈ 1994 ایشوریا رائے دنیا کی حسین ترین خواتین میں شمار کی جاتی ہیں

ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ اور مس ورلڈ 1994 ایشوریا رائے دنیا کی حسین ترین خواتین میں شمار کی جاتی ہیں۔ حال ہی میں چہرے کا تجزیہ کرنے والے ایک ٹول نے ان کی خوبصورتی کا تجزیہ کیا اور ان کے چہرے کی نسوانی خصوصیات کو ان کی غیر معمولی کشش کی بنیادی وجہ قرار دیا۔ آسٹریلوی ادارے Qoves Studio کے تازہ ترین پوسٹ میں ایک ویڈیو میں ایشوریا کے چہرے کی تفصیلات بیان کی گئیں۔ ویڈیو کے وائس اوور میں بتایا گیا کہ ان کے چہرے کی خوبصورتی کا معیار فیس ایستھیٹک لٹریچر میں اچھی طرح سے بیان کیا گیا

کسی کو یہ حق نہیں مجھے ہراساں کرے، صحیفہ جبار



کراچی (شوبز رپورٹر) اداکارہ صحیفہ جبار نے اپنی ملازمہ کے سبب ملنے والی تنقید کے بعد وضاحتی بیان جاری کردیا۔ اداکارہ نے اپنی پوسٹ میں بتایا تھا کہ انہوں نے ملازمہ کو 50 ہزار روپے بطور خیرات ادا کیے لیکن اس نے ضرورت پوری کرنے کے بجائے مہنگی ترین خریداری اور عید کی شاپنگ پر خرچ کردیے۔ تاہم اداکارہ کو ملازمہ کے بارے میں یہ بات سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کے بعد خاصا تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ صارفین کا کہنا تھا کہ اداکارہ کو اس معاملے پر کوئی پوسٹ نہیں کرنی چاہیے تھی اور انہیں چاہیے تھا کہ وہ اس عورت اور اس کے بچوں کو خوش ہونے دیتیں۔ اس تنقید کے بعد اداکارہ نے انسٹاگرام پر طویل نوٹ جاری کرتے ہوئے صحیفہ جبار نے ناقدین کو خبردار کرتے ہوئے لکھا کہ، اس سے پہلے کہ آپ مجھ پر تنقید کریں، الزامات لگائیں یا میرے الفاظ کو توڑ مروڑ کر اپنے مفاد میں استعمال کریں

زارا نور عباس کو پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری پر تنقید کرنا مہنگا پڑ گیا

صارفین کی جانب سے اداکارہ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے

لاہور (این این آئی) اداکارہ زارا نور عباس کو پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری پر تنقید کرنے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حال ہی میں ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے زارا نور عباس نے کہا کہ پاکستان شوبز انڈسٹری اتنی چھوٹی ہے کہ اسے انڈسٹری نہیں کمیونٹی کہنا چاہیے۔ اداکارہ انڈسٹری کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مزید کہا کہ اس انڈسٹری میں 4 لوگ مل کر بیٹھتے ہیں اور کہتے آؤ ڈرامہ بناتے ہیں، زارا نے کہا کہ اصل انڈسٹری وہ ہوتی ہے جہاں اس کے فنکاروں کو عزت دی جائے اور ان کے کام کی تعریف کی جائے۔ تاہم اس پروگرام کے میزبان دانش تیمور نے زارا کی اس بات پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے انڈسٹری کی تعریف کی

سلمان خان سخت سیکیورٹی میں عامر خان سے ملنے پہنچ گئے



ممبئی (آئی این پی) بالی وڈ کے میگا اسٹار سلمان خان 14 مارچ کو مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کی 60 ویں سالگرہ سے قبل ملنے کیلئے ان کے گھر پہنچ گئے۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سلمان خان سخت سیکیورٹی میں اپنی گاڑی میں عامر کی رہائش گاہ کے احاطے میں داخل ہو رہے ہیں، اس موقع پر انکے ساتھ ایک پولیس وین اور 2 کاریں بھی دکھائی دے رہی ہیں۔ یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہورہی ہے

ادیتی شرما کے شوہر کا اداکارہ پر دھوکا دہی کا الزام

ممبئی (آئی این پی) بھارتی ٹیلی ویژن اداکارہ ادیتی شرما پر شوہر ابھینیت کوشک نے شادی کے چند ماہ بعد ہی دھوکا دینے کا الزام لگادیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 28 سالہ ادیتی شرما کے شوہر ابھینیت کوشک نے دعوی کیا کہ اداکارہ نے مجھ سے 2024 میں خفیہ شادی کی۔ انہوں نے مزید دعوی کیا کہ شادی کے چند ماہ بعد ہی اس نے ساتھی اداکار سمارتھ گپتا سے مراسم قائم کیے اور اب وہ مجھ سے طلاق کیلئے 25 لاکھ مانگ رہی ہے۔

اداکارہ زینب رضا نے پہلی بار عمرے کی سعادت حاصل کرلی

کراچی (شوبز رپورٹر) اداکارہ زینب رضا نے پہلی بار عمرے کی سعادت حاصل کرلی۔ حال ہی میں زینب رضا نے اپنے انسٹاگرام ہینڈل پر ایک پوسٹ شیئر کی جس میں انہیں سیاہ عبایا میں ملبوس خانہ کعبہ کے سامنے کھڑے دیکھا گیا۔ زینب رضا نے خانہ کعبہ پر پڑنے والی پہلی جھلک کے بعد دلی کیفیت بیان کرتے ہوئے لکھا کہ، الحمدللہ، میں نے اپنا پہلا عمرہ مکمل کرلیا اور اپنے مرحوم دادا کے لیے بھی ایک عمرہ ادا کیا۔ لیکن جب میں نے پہلی بار نگاہ اٹھا کر خانہ کعبہ کو دیکھا تو میں اپنی زندگی کے بارے میں سب کچھ بھول گئی۔ اللہ نے مجھے میری سمجھ سے بھی بڑھ کر نوازا ہے

مادھوری کی خوبصورت بہنیں فلم انڈسٹری سے دور رہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مشہور اور باصلاحیت اداکارہ مادھوری ڈکشٹ کا شمار ان اداکاراؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی خوبصورتی، شاندار اداکاری اور رقص کے ذریعے کروڑوں دلوں پر راج کیا۔ 90 کی دہائی میں مادھوری ڈکشٹ کا جادو ایسا تھا کہ ہر فلم ساز انہیں اپنی فلم میں کاسٹ کرنا چاہتا تھا۔ لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ مادھوری ڈکشٹ کی دو بہنیں، روپہ ڈکشٹ اور بھارتی ڈکشٹ بھی کتھک رقص میں ماہر ہیں؟ اس کے باوجود انہوں نے فلمی دنیا میں قدم نہیں رکھا۔ مادھوری ڈکشٹ کی بڑی بہن روپہ ڈکشٹ نے فلمی دنیا کے بجائے ٹیکنالوجی کے میدان میں قدم رکھا

پریانکا کے پاس والدین کی سپورٹ تھی، لارا اور میں خالی جیب تھے، دیا مرزا

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ اداکارہ دیا مرزا نے ایک حالیہ انٹرویو میں اپنی جدوجہد کا ایسا انکشاف کیا کہ سب حیران رہ گئے۔ دیا مرزا نے انٹرویو میں بتایا کہ جب پریانکا کے والدین نے ان کا ساتھ دیا، تو وہ اور لارا دتہ خود اپنے بل بوتے پر زندگی گزار رہی تھیں۔ دونوں نے ممبئی میں ایک چھوٹے سے فلیٹ میں رہنا شروع کیا، جو دیا مرزا کے بقول ماچس کے ڈبے جتنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم دونوں کے پاس کھانے کے بھی پیسے نہیں ہوتے تھے، دیا نے انکشاف کیا کہ وہ اور لارا دتہ نوڈلز بانٹ کر کھاتے تھے کیونکہ اور کچھ خریدنے کے پیسے نہیں تھے۔

پاکستانی فیشن ڈیزائنر و اداکار ایچ ایس وائے نے بالی ووڈ میں قدم رکھ دیا

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی شہرت یافتہ فیشن ڈیزائنر و اداکار حسن شہریار یاسین عرف ایچ ایس وائے نے پاکستان کے بعد اب بالی ووڈ میں بھی اپنے فن کا لوہا منوانے کے لیے کمر کس لی۔ حسن شہریار نے ڈزنی پلس کے پلیٹ فارم سے ریلیز ہونے والی سیریز ڈیلی بوائز میں نا صرف بالی ووڈ پروڈکشن کے لیے ملبوسات ڈیزائن کیے ہیں

قیصر کو ہر وقت اپنا پیچھا کرنے پر رشتہ بھیجنے کا کہا تھا، فضیلہ قاضی

کراچی (شوبز رپورٹر) معروف اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا کہ قیصر کو ہر وقت اپنا پیچھا کرنے پر رشتہ بھیجنے کا کہا تھا فضیلہ قاضی نے بتایا کہ شوبز میں ان کے کیریئر کی شروعات کے دنوں میں ہی قیصر خان ان کی محبت میں مبتلا ہو گئے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ جہاں بھی شوٹنگ پر جاتیں قیصر خان ان کے پیچھے پیچھے پہنچ جاتے تھے

کیریئر کے آغاز میں غیر اخلاقی آفرز کا سامنا کرنا پڑا، انکیتا لوکھنڈے



ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ اداکارہ انکیتا لوکھنڈے نے انڈسٹری میں کاسٹنگ کاؤچ اور خود کو ہونے والی غیر اخلاقی آفر سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا ہے کہ مجھے کردار دینے کے بدلے میں سمجھوتہ کرنے کو کہا گیا تھا لیکن میں اِن آفرز کا سختی سے انکار کرتے ہوئے کاسٹنگ ایجنسی کے دفتر سے واک آؤٹ کرگئی تھی۔ اداکارہ انکیتا لوکھنڈے نے بتایا کہ مجھے اپنے ابتدائی کیریئر کے دوران کاسٹنگ کاؤچ اور نامناسب آفرز کے تجربے سے گزرنا پڑا۔ انہوں نے نام لیے بغیر بتایا کہ مجھے نامور اور بڑے ہدایت کار نے یہ غیر اخلاقی آفرز کی تھیں۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ ایک بار صرف نامور، بڑے اداکار کے ساتھ مصافحہ کرنے پر مجھے بہت برا محسوس ہوا تھا، میں پریشان ہوگئی تھی، مجھے اس اداکار کے آس پاس کچھ اچھا محسوس نہیں ہورہا تھا۔ انکیتا لوکھنڈے نے بالی ووڈ انڈسٹری میں ریگ اینڈ ٹیک کی تلخ حقیقت پر بات کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ میں نے پھر بھی ان چیلنجز کے باوجود اپنی طاقت اور عزت نفس کو قائم رکھتے ہوئے اپنا ایک علیحدہ مقام بنایا جو کہ ایک بہت مشکل کام تھا۔

کون بنے گا کروڑپتی، امیتابھ کی کرسی پر اب کون بیٹھے گا؟



ممبئی (آئی این پی) بھارتی لیجنڈ اداکار امیتابھ بچن کے مشہور زمانہ شو کون بنے گا کروڑپتی کی میزبانی کے حوالے سے چند سپر اسٹارز کے نام گردش کرنے لگے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 82 سالہ بالی وڈ کے شہنشاہ امیتابھ بچن نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے مشہور ٹی وی شو کون بنے گا کروڑپتی کی میزبانی سے دستبردار ہو جائیں گے۔ اب ان کی جگہ نیا ہوسٹ لانے پر غور کیا جارہا ہے اور اس کیلئے شاہ رخ خان، ایشوریا رائے بچن اور مہندر سنگھ دھونی کو ممکنہ امیدوار کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ حالیہ ایک سروے میں شاہ رخ خان کو امیتابھ بچن کے جانشین کے طور پر سب سے اوپر قرار دیا گیا ہے۔

اذان سمیع خان بھی سائبر کرائم کا شکار ہوگئے



کراچی (آئی این پی) نوجوان اداکار و گلوکار اذان سمیع خان بھی سائبر کرائم کا شکار ہوگئے۔ حال ہی میں سائبر کرائم کا شکار ہونے والوں میں نیا نام اذان سمیع خان کا ہے، جنہوں نے اپنے انسٹاگرام ہینڈل کے ذریعے اس کی اطلاع دی۔ معروف گلوکار اذان سمیع خان کا کہنا تھا کہ میں یہ بات میری توجہ میں پچھلے کچھ مہینوں سے آرہی ہے کہ کچھ لوگ مختلف نمبروں کے ذریعے میرے نام سے فراڈ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

دیپکا پڈوکون نے رنویر سنگھ سے متعلق دلچسپ میم شیئر کردی

ممبئی (آئی این پی) دیپکا پڈوکون اور رنویر سنگھ بالی وڈ کی سب سے پسندیدہ جوڑیوں میں سے ایک ہیں، ان کی سوشل میڈیا پر رومانوی پوسٹس اکثر مداحوں کو دیوانہ بنادیتی ہیں۔ اب حال ہی میں دیپکا پادوکون نے اپنی انسٹاگرام اسٹوریز پر ایک مزاحیہ میم پوسٹ کی، جس میں ایک کبوتر اِدھر اُدھر گھومتا دکھائی دے رہا ہے، میم کے کیپشن میں لکھا تھا کہ جب میرا شوہر کسی سے فون پر بات کر رہا ہوتا ہے۔

اشنا شاہ کاسمیٹک سرجری کروانے سے کیوں ڈرتی ہیں؟ اداکارہ کا بڑا انکشاف

کراچی (این این آئی) خوبرو اداکارہ اشنا شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ کس طرح ایک کاسمیٹک سرجری کی وجہ سے ان کا چہرہ بگڑ گیا تھا۔ ایک نجی ٹی وی پروگرام میں کاسمیٹک پروسیجرز پر بات کرتے ہوئے اشنا شاہ کا کہنا تھا کہ وہ اب کاسمیٹک سرجری کروانے سے بہت ڈرتی ہیں کیونکہ ایک بار انہوں نے فلرز کروائے تھے جو چہرہ خراب ہونے پر نکلوانے پڑ گئے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہیں نیند کے مسائل کا سامنا رہتا ہے، جس کی وجہ سے انکی آنکھوں کے گرد حلقے ہیں، ایک ڈاکٹر نے انہیں بتایا کہ فلرز سے یہ مسئلہ ٹھیک ہوسکتا ہے اس لئے انہوں نے فلرز کروا لئے اور اس سے آنکھوں کے گرد موجود حلقے ختم بھی ہوگئے۔

اروشی نے مہنگی گاڑی خرید کر بھارتی اداکاراؤں کو پیچھے چھوڑ دیا

ممبئی (نیٹ نیوز) بھارتی اداکارہ اروشی روٹیلا نے مہنگی ترین گاڑی خرید کر تمام بھارتی اداکاراؤں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اروشی روٹیلا نے رولز رائس کلینن خریدی ہے جس کی مالیت 12 کروڑ بھارتی روپے (41 کروڑ پاکستانی روپے سے زائد) ہے۔ یہ گاڑی مکیش امبانی، شاہ رخ خان، الو ارجن اور اجے دیوگن سمیت دیگر مرد سلیبریٹیز کے پاس ہے۔ اروشی رولز رائس کلینن خریدنے والی پہلی بھارتی اداکارہ ہیں اور اس سے قبل کروڑوں کا معاوضہ لینے والی کوئی بھی اداکارہ نہیں لے سکی ہیں۔ بھارتی اداکارہ نے اپنی گاڑی کی ویڈیو بھی انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کی جس میں انہیں گاڑی سے اترتے اور واپس بیٹھتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔

ڈراموں میں رونے کا کردار مشکل ہوتا ہے، سارہ خان

کراچی (این این آئی) اداکارہ سارہ خان نے اپنے مختلف ڈراموں میں رونے والے کرداروں پر بات کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ ان کے لئے رونا بہت مشکل ہے۔ حال ہی میں اداکارہ سارہ خان نے برطانیہ میں ایک تقریب کے دوران ڈراموں میں اپنے رونے والے سین سے متعلق بات کی، انہوں نے کہا کہ میں زیادہ تر اداس کردار ادا کرتی ہوں لیکن مناظر کے دوران رو نہیں سکتی، میں دکھی مناظر میں بھی بمشکل ہی رو پاتی ہوں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ میری زندگی میں بہت سے افسوسناک واقعات رونما ہوئے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ملک علی ڈگیہ، قاسم گجر اور ڈگیہ برادران کی جانب سے وکلا کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا

افطاری ڈنر میں صدر لاہور بار ایسوسی ایشن مبشر رحمان گجر، ہمایوں ظہیر بھٹی، اظفر کمال، ثاقب گوندل صدر ہائیکورٹ، ادیب بھنڈر اور دیگر نے شرکت کی

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) ملک علی ڈگیہ، قاسم گجر اور ڈگیہ برادران کی جانب سے وکلا کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں صدر لاہور بار ایسوسی ایشن مبشر رحمان گجر، ہمایوں ظہیر بھٹی، اظفر کمال، ثاقب گوندل صدر ہائیکورٹ، ادیب بھنڈر اور دیگر نے شرکت کی۔ افطار ڈنر میں وکلاء نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کا مہینہ مسلمانوں کیلئے اللہ کی طرف سے ایک عظیم نعمت ہے، جس میں روحانیت میں اضافے کے ساتھ ساتھ اجتماعی سطح پر خیرات اور عبادات کا اہتمام کیا جاتا ہے، رمضان کی یہ بابرکت سعادتیں ہمیں اپنے رب کے قریب جانے کا بہترین موقع فراہم کرتی ہیں۔ اس مہینے میں ہمارے دلوں میں احساس پیدا ہوتا ہے، کہ ہم اپنے نیک اعمال کے ذریعے اللہ کی رضا کو حاصل کریں، اور اپنے گناہوں کی معافی طلب کریں۔ رمضان کا مقصد صرف روزہ رکھنا نہیں بلکہ اس مہینے میں ہمیں اپنی روح کی صفائی کے ساتھ ساتھ اپنے معاشرتی تعلقات میں بہتری لانے کی بہت ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان میں صرف اپنا روزہ رکھنا ہی نہیں بلکہ اس مہینے میں غریبوں اور مسکینوں کی مدد کرنا، پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا اور اپنی عبادات میں اضافے کی کوشش کرنا بھی ضروری ہے۔ اس مہینے میں ہم سب کو اپنی زندگیوں کا محاسبہ کرنا چاہیے اور اپنی معاشرتی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ رمضان کے دوران دعا اور خیرات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس مہینے میں ہم اپنے ارد گرد کے لوگوں کی مدد کر کے اس دنیا میں بہتر معاشرتی ماحول قائم کر سکتے۔

کوئٹہ واقعے میں پاک فوج نے مثالی کردار ادا کیا: علی شہزاد اسلم

ہمارے بہادر جوانوں نے مختصر وقت میں دہشتگردوں کو ٹھکانے لگایا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بولان واقعے میں پاک فوج نے مثالی کردار ادا کیا ایک بار پھر سے دہشتگردی کے خلاف موثر اور سخت حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت ہے ملک دشمنوں کیلئے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے قوم پاک فوج کے ساتھ ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ جعفر ایکسپریس کو ہائی جیک کرنا بہت پریشان کن تھا کسی کو بھی ریاست کے اندر ریاست بنانے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے پاک فوج کے جوانوں نے جرآتمند قدم اٹھایا اور مختصر وقت میں دہشتگردوں کو ٹھکانے لگایا۔

پوری قوم دہشتگردی کے خلاف ایک پیج پر ہے: رمضان مصطفی سیہول

ملک دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں: گلفام سیہول



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جعفر ایکسپریس واقعے نے وزارت داخلہ پر سوالات کھڑے کر دیے ہیں دہشتگردوں کیلئے وطن عزیز میں کوئی جگہ نہیں ہے انہیں سخت جواب دیا جائے پوری قوم دہشتگردی کے خلاف ایک پیج پر ہے ملک دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفی سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام مصطفی سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں بلوچ لبریشن آرمی کو کس نے جرآت دلائی کہ پوری ٹرین کو قبضے میں لے لیا جائے ہم پاک فوج اور اداروں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے دشمن کے ارادوں کو خاک میں ملایا اور یرغمال مسافروں کو رہائی دلائی۔

نیویارک امریکہ کی تنظیم گریٹر پنجاب آرگنائزیشن کی طرف سے دنیا بھر میں پنجاب کا دن منایا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) نیویارک امریکہ کی تنظیم گریٹر پنجاب ارگنائزیشن کی طرف سے دنیا بھر میں پنجاب کا دن منایا گیا۔ اس موقع پر پاکستان کمبوجا قبائل کے مرکزی صدر چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ ”کمبوجا“ اور پنجاب کے صدر چوہدری عثمان فاروق جوئن کمبوہ سمیت مرکزی اور صوبائی قیادت کے علاوہ مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان کے کارکنوں نے تقریب میں بھرپور شرکت کی۔ جبکہ مذکورہ تقریب اور افطار ڈنر کا اہتمام انجمن کمبوہاں پاکستان کے صوبائی صدر چوہدری عثمان فاروق جوئن کمبوہ نے کیا جس میں مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان کی قیادت اور کارکنوں کے علاوہ انجینئرز اور بزنس مین شخصیات سمیت ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر گریٹر پنجاب فاؤنڈیشن نیویارک امریکہ کی طرف سے کیک بھی کاٹا گیا۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مذکورہ دن کے حوالے سے سانحہ جلیاں والا باغ میں انگریز جنرل اوڈائر کے حکم پر گولیاں چلا کر لوگوں کو موت کے گھاٹ اتارا گیا تھا اس کا 21 سال کے بعد جو بدلہ سردار اودھم سنگھ جموں کمبوج نے اوڈائر کو کرسٹل ہال انگلینڈ میں گولیاں مار کر ہلاک کیا۔

حافظ آباد پولیس میں کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کے تمام مراحل کو میرٹ اور شفافیت کی روشن مثال بنانے کے لیے پرعزم ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد پولیس میں کانسٹیبلان و لیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کے تمام مراحل کو میرٹ اور شفافیت کی روشن مثال بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ کامیابی انہی کے قدم چومتی ہے جو انتھک محنت، ایمانداری اور صبر سے اپنی منزل کی طرف بڑھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی، ڈی آئی جی عثمان اکرم گوندل اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر نے پولیس میں کانسٹیبلان و لیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کے لیے تحریری امتحان میں کامیاب ہونے والے 160 اُمیدواروں کے انٹرویوز لیتے ہوئے کیا۔ چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی، ڈی آئی جی عثمان اکرم گوندل کا کہنا تھا کہ یہ فائنل مرحلہ ہے، جہاں ہر اُمیدوار کے پاس مساوی موقع تھا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو ثابت کریں۔ یہاں صرف میرٹ کی حکمرانی ہوگی اور وہی نوجوان محکمہ پولیس کا حصہ بنیں گے جو اپنی محنت اور لگن سے اس اعزاز کے مستحق ہوں گے۔ ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر کا کہنا تھا کہ جو اُمیدوار اس بار کامیابی حاصل نہیں کر سکیں، انہیں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ ہر کامیابی کے پیچھے ایک جدوجہد ہوتی ہے اور اللہ نے ہر شخص کے لیے بہترین راستے چن رکھے ہیں۔

کمشنر ساہیوال کی زیر صدارت ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو فعال بنانے بارے اجلاس کا انعقاد

صفائی کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کو فوری حل کیا جائے

ساہیوال (مہر اے ڈی کیسم پیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی زیر صدارت ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو فعال بنانے بارے اجلاس کا انعقاد، کنٹریکٹرز سے افرادی قوت اور مشینری کی خریداری بارے پلان طلب کرنے کی ہدایت، کنٹریکٹرز سے افرادی قوت اور مشینری بارے اب تک کی پیش رفت بارے تفصیلات بھی کی جائیں، بھرتی کا عمل تیز کیا جائے تاکہ صفائی کا کام شروع کیا جا سکے۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو فنکشنل کرنے کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کے ساتھ ایک خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود، سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا کہ ویسٹ سائنس کا بھی جلد از جلد تعین کیا جائے اور اس سلسلہ میں اے ڈی ایل جیز کی خدمات بھی حاصل کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صفائی کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کو فوری حل کیا جائے۔ انہوں نے تینوں اضلاع میں کنٹریکٹرز کے مسائل فوری حل کرنے اور انتظامیہ سے رابطہ کار بہتر بنانے کے لئے اے ڈی ایل جی کو فوکل پرسن نامزد کرتے ہوئے کہا کہ افرادی قوت کی بھرتی کے سلسلہ میں کمپنیوں کی معاونت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام کنٹریکٹرز کے ساتھ میٹنگز کی جائیں۔

ڈینگی نما بڑے مچھروں نے شہریوں کو پریشان کر دیا

انتظامیہ مچھر مار اسپرے نہ کر سکی X شہریوں کو مشکلات کا سامنا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گرمیوں کی آمد کے ساتھ ہی موٹے مچھروں نے نیند حرام کر دی بڑے مچھر خوف وہراس پھیلا رہے ہیں سرکاری سطح پر مچھروں کو تلف کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے تفصیل کے مطابق گرمی کی آمد سے قبل ہی موٹے موٹے مچھروں نے عوام کیلئے مشکلات پیدا کر دی ہیں ڈینگی سے ڈرے سہمے شہری خوف وہراس کا شکار ہیں مساجد میں نماز پڑھنا بھی مشکل ہے سرکاری سطح پر نہ ہی مچھر مار اسپرے کا چھڑکاؤ کیا گیا ہے اور نہ ہی اس کی افزائش کو ختم کرنے کیلئے کوئی اقدامات کیے گئے ہیں اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر میں مچھر مار اسپرے کی جائے تاکہ مچھروں کی افزائش کو روکا جا سکے۔

لالیاں: منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ”ڈرگ فری پنجاب“ کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تفصیلات کے مطابق رگنائزڈ کرائم یونٹ سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر نصر اللہ خان کی ٹیم کے ہمراہ تھانہ چناب نگر کے علاقہ میں کاروائی کرتے ہوئے پولیس ٹیم نے کالووال موڑ احمد نگر سے منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر لیا گرفتار منشیات فروش ملزم کے قبضہ سے 1250 گرام ہیروئن برآمد ہوئی۔ ملزم کیخلاف تھانہ چناب نگر میں منشیات کی دفعات کے تحت مقدمہ درج، مزید تفتیش کا عمل جاری۔ جبکہ اس موقع پر ڈی او چنیوٹ عبداللہ احمد کا کہنا ہے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کیخلاف سپیشل مہم کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے۔

ڈیوائیڈر لائن سے ماڈل ٹاؤن اینٹرنس پر ٹریفک کا بہاؤ بہتر ہوگا: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن اگوکی فیز 1 میں بلیوارڈ اینٹرنس ریلوے کراسنگ تا مین جی ٹی روڈ اینٹری پوائنٹس پر رمضان المبارک و پیک آورز خصوصاً افطار سے قبل معزز ممبران سوسائٹی کیجانب سے شکایات تھیں کہ بے ہنگم ٹریفک کیوجہ سے روڈ بلاکیج سے ٹریفک کا بہاؤ انتہائی سست ہونے اور بسا اوقات ٹریفک بلاک ہو رہا ہے جس پر فوری ایکشن لیتے ہوئے صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے ڈائیریکٹرز پر مشتمل کمیٹی بنائی جنہوں نے فوری سروے کے بعد کنوینئر اتحاد گروپ کو رپورٹ پیش کی جس کے پیش نظر میں اینٹرنس پر ڈیوائیڈر کا کام آج فوری طور پر صبح سے شروع کیا گیا اور ابھی یہ مکمل ہو چکا ہے۔ سابق صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی سجاول علی وسیم ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ انشاء اللہ آج سے ٹریفک بلاکیج جیسے مسائل کا تدارک ہو گا۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ موقع پر ٹریفک ریگولیٹ کرنے والے آن ڈیوٹی سیکیورٹی گارڈز کیساتھ تعاون کیجیے کہ یہ آپ کی ہی سہولت کے پیش نظر تعینات ہیں گاڑیاں دوکانوں کے سامنے پوری کرنے سے اجتناب برتیں۔ اپنے ماڈل ٹاؤن کی خوبصورتی و انفرااسٹرکچر کی بہتری و پارکس کی تزئین و آرائش کیلئے بروقت واجبات سوسائٹی ادا کیجیے تاکہ آپکی بہتر خدمت کا یہ سفر جاری رہے۔ آپ کے تعاون و محبتوں کے شہر گزار، صدر و انتظامیہ دی ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی اگوکی ماڈل ٹاؤن فیز 1، ماڈل ٹاؤن گنہ کلاں فیز ٹو پسرور روڈ شامل ہیں۔

ماہ مقدس میں محفوظ خوراک کی فراہمی کا مشن لئے پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی بھرپور کاروائیاں جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ماہ مقدس میں محفوظ خوراک کی فراہمی کا مشن لئے پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی بھرپور کاروائیاں جاری ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر قاسم رضا نے بتایا کہ سحر و افطار پوائنٹس کی کڑی نگرانی کی جاری ہیاور صفائی ستھرائی کے ناقص، خوراک سٹور کرنے کے نامناسب انتظامات اور دودھ کی ناقص کوالٹی پر 31000 روپے کے جرمانے کے علاوہ کریانہ سٹورز کی انسپکشنز کے دوران ڈسپلے میں ایکسپائرڈ مصنوعات کی موجودگی پر 29000 روپے کے جرمانے اور 7 لیٹر ایکسپائرڈ کولڈ ڈرنکس اور 6 کلو مختلف ایکسپائرڈ مصنوعات موقع پر تلف کرائی گئی ہیں۔

پتوکی دوران چیکنگ منشیات فروش گرفتار، 5 کلو چرس برآمد

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی دوران چیکنگ منشیات فروش گرفتار، 5 کلو چرس برآمد۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ صدر پتوکی پولیس کی ایس ایچ او میاں محمد امین کی سربراہی میں کاروائی کے دوران پتوکی ونواح میں منشیات سپلائی کیلئے آنیوالا روسہ ٹبہ کا رہائشی ملزم شاہد منظور گرفتار ہو گیا۔ پولیس نے بدنام زمانہ منشیات فروش کے قبضہ سے 5 کلوگرام سے زائد چرس برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق تھانہ صدر پتوکی پولیس نے لنڈا پھاٹک کے قریب ملزم کو دوران چیکنگ گرفتار کیا ہے ملزم ریکارڈ یافتہ ہے جو پتوکی اور اسکے گردونواح میں منشیات سپلائی کرتا تھا تھانہ صدر پتوکی پولیس نے ملزم کے خلاف امتناع منشیات کی دفعات کے مقدمہ درج کر لیا۔

چوری ڈکیتی کی 10 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز، ودیگر قیمتی اشیاء سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چوری ڈکیتی کی 10 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز، ودیگر قیمتی اشیاء سے محروم تفصیلات کے مطابق محلہ حاجی پورہ محمد زکریا چیمہ کا گیس کا میٹر چوری رحم کالونی جان بہادر کے نقدی ایک لاکھ روپے چوری رکشہ ڈرائیور محمد ارشد کا جیب سے موبائل چوری گلشن کالونی کے احتشام کا ایک عورت ہمراہ بچہ گھر سے موبائل چوری کر کے لے گئی کالج روڈ پر محمد وقار سے نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی ایک لاکھ 25 ہزار چھین لئے

پاکستان ٹورزم پرموٹر نے قصور سمیت دنیا بھر سے آئے سیاحوں کا میلہ سجا دیا

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) شہباز بہاولپوری معروف ساؤتھ پنجاب پاکستان ٹورزم پرموٹر نے قصور سمیت دنیا بھر سے آئے سیاحوں کا میلہ سجا دیا۔ سیاحت۔ پاکستان کی سیاحت کے بغیر نامکمل ہے؛ اور اسی طرح پاکستان کی سیاحت۔ چولستان کے رنگوں کے بغیر نامکمل ہے۔ اسکا جیتا جاگتا ثبوت چولستان جیپ ریلی فیسٹیول پر شہباز بہاولپوری نے دنیا بھر سے آئے سیاحوں کو ساؤتھ پنجاب پاکستان کی خوبصورتی سے روشناس کرایا اور سب مہمانوں نے شہباز بہاولپوری اور انکے گروپ کی میزبانی اور انکی اس خطے کی سیاحت کے لئے کوششوں کو سراہا۔

صارفین کو اشیائے ضروریہ کی درست قیمتوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے

ڈپٹی کمشنر نے رمضان ریلیف پروگرام کے تحت قائم کیے گئے سہولت رمضان بازار کا معائنہ کیا

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) رمضان المبارک میں صارفین کو اشیائے ضروریہ کی درست قیمتوں پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد متحرک انہوں نے ماڈل بازار پیپلز کالونی میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے رمضان ریلیف پروگرام کے تحت قائم کیے گئے سہولت رمضان بازار کا معائنہ کیا اشیائے خوردونوش کی قیمتوں معیار اور سٹاک کا بھی جائزہ لیا ماڈل بازار انتظامیہ، مارکیٹ کمیٹی، ای اے ڈی اے محکمہ خوراک لائیو سٹاک اور انڈسٹریز کے افسران کو بازار بند ہونے تک تمام سٹالز پر پھلوں سبزیوں دالوں، کھجور، چینی و دیگر اشیائے ضروریہ کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی ڈپٹی کمشنر کا سہولت رمضان بازار میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور دستیابی پر اطمینان کا اظہار انہوں نے مزید کہا کہ تمام سٹالز پر اشیائے خوردونوش کا وافر سٹاک اور معیاری اشیاء کی فروخت یقینی بنائیں اور تمام سٹالز پر متعلقہ اشیاء کے نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کیے جائیں اور اس امر کو بھی یقینی بنایا جائے کسی بھی سٹال پر ناقص اور غیر معیاری اشیاء فروخت نہ کی جائیں اور متعلقہ محکموں کے نمائندوں کو سٹالز پر خود موجود رہنے اور اشیاء کے معیار و مقدار پر ہمہ وقت نظر رکھنے کی بھی ہدایت انہوں نے سہولت رمضان بازار میں تمام سٹالز کا معائنہ کیا اس موقع پر منیجر ماڈل بازار عادل سجاد بھی انکے ہمراہ تھے انہوں نے دوکانداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ رمضان المبارک کے دوران جائز منافع میں بھی کمی کرتے ہوئے صارفین کو اشیائے ضروریہ سستے داموں فروخت کریں۔

پاکستانی امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی، ملک شاہد

جعفر ایکسپریس حملے میں سکیورٹی فورسز نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے دہشت گردوں

کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا، پوری قوم انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ رہنما مسلم لیگ ن

سمندری (تحصیل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ڈاکٹر ملک شاہد جاوید نے کہا ہے کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، کسی بھی گروہ کو پاکستان کے امن و استحکام میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، افغان سرزمین سے پاکستان کیخلاف دہشت گردانہ کارروائیاں جاری ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، جعفر ایکسپریس حملے میں سکیورٹی فورسز نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا، پوری قوم اپنے سکیورٹی اداروں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ خواتین، بچوں اور بزرگوں کو نشانہ بنانا خوارج کی اسلام دشمنی کا ثبوت ہے۔

واربرٹن روڈ پر قائم تجاوزات کے خاتمے کا مطالبہ کر دیا

اہل محلہ کے بار بار منع کرنے کے باوجود دکاندار اپنی سرگرمیوں سے باز نہیں آیا



Administrator Baldia
Warburton, Nankana Sahib

Subject: Complaint Regarding Illegal Occupation of Public Room by Idrees Karyana Store, Mohallah Makkah Colony

Respected Madam,

Sincerely,
Dr. Ghulam Nabi Shakir
Resident Makkah Colony
Warburton
4/3/25

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) پی ایچ ڈی ڈاکٹر شیخ غلام نبی شاکر نے ڈپٹی کمشنر ننکانہ کو مکہ کالونی واربرٹن روڈ پر قائم تجاوزات کے خاتمے کا مطالبہ کر دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ تجاوزات کے باعث مسجد اور تعلیمی اداروں کو جانے والے طلباء، طالبات، اساتذہ، معلمات اور نمازیوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ شریف گھروں کی خواتین کو متبادل راستے اختیار کرنا پڑتے ہیں۔ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول کے پرنسپل اور مکہ کالونی واربرٹن کے رہائشی ڈاکٹر غلام نبی شاکر نے ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ کو دی گئی تحریری درخواستوں میں الزام عائد کیا ہے کہ مکہ کالونی ڈاکخانہ چوک واربرٹن میں ایک دکاندار محمد ادریس نے تجاوزات قائم کر رکھی ہیں۔ انہوں نے دکان کے سامنے کرسیاں اور حقہ رکھ کر بیٹھک بنا لی ہے، جس کی وجہ سے گزرگاہ میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے۔ اہل محلہ کے بار بار منع کرنے کے باوجود دکاندار اپنی سرگرمیوں سے باز نہیں آیا۔ ڈاکٹر غلام نبی شاکر کے روکنے پر دکاندار نے ناپسندیدہ رویہ اختیار کیا۔ ڈاکٹر غلام نبی شاکر نے تھانہ واربرٹن، ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ کو تحریری شکایات میں تجاوزات کے خاتمے اور عوام کو درپیش مشکلات کے حل کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ مکہ کالونی چوک سے مدینہ مسجد اور اسکولوں کو جانے والے راستے میں قائم تجاوزات ختم کر کے عوام کو سہولت فراہم کی جائے۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

موضع ہندل کے سکول میں پرنسپل کا روزہ دار بچے پر بہیمانہ تشدد

معہد اسلم 6 کلاس سٹوڈنٹ پرانسپائر ایکسیلنس گرائمر سکول پرنسپل نے لاٹھیاں برسائیں



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کے نواحی علاقے موضع ہندل میں پرائیویٹ سکول کی پرنسپل طاہرہ شاہد نے سبق یاد نہ کرنے کی پاداش میں چھٹی کلاس کے بچے معہد اسلم کو روزہ کی حالت میں چھڑی کیساتھ اندھا دھند مارا جس سے بچہ بیہوش ہو گیا بعد ازاں تشدد کی وجہ سے بیہوش بچہ کے والدین کو آگاہ کیا گیا جنہوں نے آ کر فوری طور پر بچہ سکول سے ڈاکٹر کلینک لیجا کر اس کو طبی امداد دی۔ بچے نے والدین کو بتایا کہ میرے سر میں درد تھا سبق ٹھیک سے نہ سنانے کی پاداش میں پرنسپل صاحبہ نے مجھے ٹیچر و دوسرے کلاس فیلوز کے سامنے پہلے چانٹے و مکوں سے بعد ازاں چھڑی سے بہت زیادہ مارا جس سے میں رونے لگا پرنسپل مارتی رہیں تو میں مجھے بیہوش ہو گیا۔ دوسری جانب ڈر و خوف سے سہمے دوسرے بچوں نے اپنا نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا کہ پرنسپل طاہرہ شاہد پہلے بھی بچوں کو بہت زیادہ مارتی پیٹتی اور گالیاں بھی دیتی ہیں اور جو بچہ گھر والدین کو بتائے اسکو اور بھی سزا ملتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آج کے جدید دور میں ایسے بے حس و ظالم اساتذہ کا محاسبہ اشد ضروری ہے وزیر اعلیٰ پنجاب و ارباب اختیار سے متشدد رویوں کے حامل اساتذہ کیخلاف محکمانہ کاروائی کی اپیل ہے۔

جہلم: چینی کی قیمت میں اچانک غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ملک کے مختلف شہروں میں ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشی کے باعث جہلم ضلع بھر میں چینی کی قیمت میں اچانک غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مضافاتی علاقوں میں چینی 160 سے 165 روپے فی کلو گرام کے حساب سے فروخت ہو رہی ہے جبکہ شہر میں 140 سے 150 روپے فی کلو کے حساب سے دیدہ دلیری کے ساتھ فروخت کی جا رہی ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ یوٹیلیٹی سٹورز پر چینی کی قیمت 153 روپے فی کلو گرام کے حساب سے مقرر کی گئی ہے لیکن یوٹیلیٹی سٹورز پر گھی اور چینی نہیں ہے جبکہ حکومت کے زیر انتظام بازاروں میں چینی کی قیمت 130 روپے مقرر ہے لیکن ایک شخص کو صرف ایک کلو چینی دفتری اوقات میں مہیا کی جاتی ہے جو کہ شہریوں کے ساتھ سخت زیادتی کے مترادف ہے شہریوں نے ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

پنجاب پولیس کے جوانوں اور سینیئر افیسروں کی پرموشن کا سلسلہ جاری

ایس پی پیر ریاض احمد کو ترقی دے کر ایس پی (SP) کے عہدہ پر پرموٹ کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) پنجاب بھر میں آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور کا پنجاب پولیس کے جوانوں اور سینیئر افیسروں کی پرموشن کا سلسلہ جاری ضلع پاک پتن سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں تعینات ہونے والے ہونہار، ایماندار اور فرض شناس ڈی ایس پی پیر ریاض احمد کو ترقی دے کر ایس پی (SP) کے عہدہ پر پرموٹ کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ڈی ایس پی ایس پی کے عہدہ پر ترقی پانے والے پیر ریاض احمد کو عزیز و اقارب میڈیا وکلا اور عوامی حلقوں سمیت محکمہ کے ملازمین کی جانب سے مبارک بادوں کا سلسلہ جاری جبکہ ایس پی (SP) ریاض احمد کی مزید ترقی و کامیابی کے لیے دعائے خیر اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار۔۔

”ڈرگ فری پنجاب“ کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

پولیس ٹیموں نے مختلف علاقوں سے 4650 گرام چرس، ہیروئن برآمد ہونے پر تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن XX ڈرگ فری پنجاب XX کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس ٹیموں نے مختلف علاقوں سے 4650 گرام چرس، ہیروئن برآمد ہونے پر تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ سٹی انسپکٹر یوسف شہزاد سب انسپکٹر طارق محمود نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش لیاقت کو 14 سو گرام چرس برآمد ہونے پر گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او تھانہ رجوعہ سب انسپکٹر قمر زمان، اے ایس آئی وقاص احمد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے 2 کلو چرس برآمد ہونے پر منشیات فروش مظاہر کو گرفتار کر لیا۔ آرگنائزڈ کرائم یونٹ سے اے ایس آئی نصر اللہ خان نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش فرمان کو 1250 گرام ہیروئن برآمد ہونے پر گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کیخلاف منشیات کی دفعات کے تحت مقدمات درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

چنیوٹ پولیس کی بہتر انوسٹی گیشن کی بدولت خاتون کو بیدردی سے قتل کرنے والے مجرم کو سزا سنا دی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ پولیس کی بہتر انوسٹی گیشن کی بدولت خاتون کو بیدردی سے قتل کرنے والے مجرم کو سزا سنا دی گئی۔ ایڈیشنل سیشن جج چنیوٹ امتیاز ندیم نے تھانہ کوٹ وساوا کے قتل کیس کا فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے جرم ثابت ہونے پر قاتل شمشیر علی کو سزائے موت اور چھ لاکھ روپے جرمانہ کی سزاء سنا دی۔ مجرم شمشیر علی نے تھانہ کوٹ وساوا کے علاقہ میں کلہاڑیوں کے وار کر کے (س (نامی خاتون کو بیدردی سے قتل کر دیا تھا۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن Never Again کے تحت چنیوٹ پولیس کی جانب سے عملی اقدامات جاری ہیں۔ قتل کیسز میں معیاری تفتیش کیساتھ ثبوتوں کو بہترین انداز میں عدالت کے سامنے پیش کر کے ملزمان کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔ خواتین کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے آگاہی مہم کیساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ایسے واقعات میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

نگران میٹرک کے امتحان میں نقل کرواتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) کنٹرولر لاہور بورڈ میاں زاہد کاڈی ای او رانا بختیار کے ہمراہ کریسنٹ گرائمر سکول میں چھاپہ نگران میٹرک کے امتحان میں نقل کرواتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا جس پر سخت کاروائی کرتے ہوئے نگران علی رضا پر مقدمہ درج کر کے جیل بھجوا دیا گیا ہے اور محکمانہ طور پر بھی معطل کر دیا گیا ہے اس موقع پر کنٹرولر امتحانات لاہور بورڈ میاں زاہد نے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ بوٹی مافیا کے خاتمے کیلئے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں کسی کو محنتی طلباء کا حق مارنے کی اجازت نہیں دیں گے جو خلاف ورزی کرے گا سیدھا جیل جائے گا نگران علی رضا کو نقل کرواتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ کر جیل بھجوا دیا اور معطل بھی کر دیا گیا ہے اس دفعہ لاہور بورڈ کے تمام سنٹرز پر سخت نگرانی کی جا رہی ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایات پر سختی سے عمل درآمد جاری ہے بوٹی مافیا کا خاتمہ ہر صورت ممکن بنائیں گے

پولیس نے واردات کی منصوبہ بندی ناکام بنا دی

ایس پی صدر کی متحرک سٹریٹ کریمنل کی گرفتاری پر ایس ایچ او رائیونڈ اور ٹیم کو شاباش

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) پولیس نے واردات کی منصوبہ بندی ناکام بناتے ہوئے دولہ مولہ قبرستان رائیونڈ کے قریب سے دو رکنی ریکارڈ یافتہ موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ برآمد ملزمان سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھے پولیس ریکارڈ کے مطابق ملزمان رائیونڈ، مانگا منڈی اور سندر لاہور کے مختلف مقامات پر وارداتیں کرتے تھے گرفتار ملزمان میں سرغنہ محمد سہیل اور ملک تنویر شامل ہیں پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ایس پی صدر کی متحرک سٹریٹ کریمنل کی گرفتاری پر ایس ایچ او رائیونڈ اور ٹیم کو شاباش، ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں نے کہا ہے کہ جرائم کو کنٹرول کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

ضلع کونسل سیالکوٹ کیجانب سے بیگووالہ ڈیوائڈر پر پھولدار پودے لگائے جا رہے ہیں

ڈہ بیگووالہ، بھوپال وآلہ، اگوکی مین ڈیوائیڈرز گرین بیلٹس قائم کر رہے ہیں۔ فدا افتخار میر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف آفیسر ضلع کونسل ڈسٹرکٹ سیالکوٹ فدا افتخار میر نے کہا کہ سیالکوٹ کی تمام چاروں تحصیلوں میں شجر کاری مہم زور شور سے جاری ہے۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں ضلع سیالکوٹ بھر میں ناجائز تجاوزات و تعمیرات کیخلاف آپریشن شد و مد سے جاری اور بڑے پیمانے پر اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کے دوران ناجائز تجاوزات و تعمیرات مسمار کر دی گئی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر نے پکی کوٹلی میں جاری انکروچمنٹ آپریشن و سیوریج سسٹم کی بحالی کے عمل کی نگرانی کے دوران میڈیا نمائندگان کی آمد کے موقع پر کیا۔ میڈیا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلاشبہ پنجاب بھر کی طرح ضلع سیالکوٹ میں بھی حکومت پنجاب کیجانب سے تاریخی اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کیا جا رہا ہے اس کے علاوہ ہم شہر کے داخلی خارجی و وسطی روڈز اور میں ڈیوائیڈرز پر گرین بیلٹس کیساتھ خوشنما پھولدار پودے لگا رہے ہیں

پیشہ ور گداگروں کی حوصلہ افزائی کا ذریعہ مت بنیں، صحافی وقاص ساحل کمبوہ

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) نواب کے لاج میں پیشہ ور گداگروں کی حوصلہ افزائی کا ذریعہ مت بنیں، صحافی وقاص ساحل کمبوہ۔ پیشہ ور بھکاری سفید پوش لوگوں کا حق مار لیتے ہیں امداد صحیح حقدار تک پہنچانا ضروری ہے، گفتگو نواب کے لاج میں پیشہ ور گداگروں کی حوصلہ افزائی کا ذریعہ مت بنیں، پیشہ ور بھکاری سفید پوش لوگوں کا حق مار لیتے ہیں امداد صحیح حقدار تک پہنچانا ضروری ہے معاشرے کے کچھ خود دار مستحق افراد ہاتھ پھیلانا مناسب نہیں سمجھتے ان خیالات کا اظہار کوٹ رادھا کشن کے باسی انفارمیشن سیکرٹری پریس کلب کوٹ رادھا کشن وقاص ساحل کمبوہ نے، میڈیا نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پیشہ ور گداگری ایک معاشرتی و سماجی برائی ہے ماہ رمضان المبارک کے دوران لوگ عام دنوں کی نسبت کہیں زیادہ صدقہ خیرات کرتے ہیں تاہم اس سلسلے میں کچھ احتیاطی تدابیر کو ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے، پیشہ ور بھکاری نہ صرف ملکی معیشت پر ایک بوجھ ہے بلکہ ان کی وجہ سے اکثر حقیقی حقدار بھی امداد سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں گداگری کا پیشہ ایک مافیا میں بدل چکا ہے۔ صحافی وقاص ساحل کمبوہ نے مزید کہا کہ گداگری کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ غیر مستحق لوگوں کو بھیک دینا بالکل روک دینا چاہیے۔

تھانہ روڈ اور پھاٹک کے ساتھ تجاوزات مافیا کا قبضہ

سڑکیں سکڑ کر چند فٹ رہ گئیں ٹریفک جام سے برا حال

رکشہ اور گاڑیاں کھڑی کرنے والے ٹریفک کیلئے وبال جان بن گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) تھانہ روڈ خرم گلفام پارک ریلوے پھاٹک کے قریب تجاوزات مافیا نے پنجے گاڑھ لیے گزرنا محال انتظامیہ نام کی کوئی چیز نہیں تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی میں تجاوزات کی بھرمار نے شہریوں کا گزرنا محال کر دیا ہے تھانہ روڈ ریلوے پھاٹک اور حیدری چوک پر سڑک کے دونوں اطراف رکشہ والوں نے قبضہ جما رکھا ہے جس سے ہر وقت ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے سڑک سکڑ کر چند فٹ رہ گئی ہیں ایسا لگتا ہے انتظامیہ نے تجاوزات مافیا کو کھلی چھٹی دے رکھی ہے تجاوزات کی بار بار نشاندہی کرنے پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کیا جا رہا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ انتظامیہ شہر کی بہتری اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے سنجیدہ نہیں ہے ایک طرف وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز پنجاب کو تجاوزات فری بنا رہی ہیں تو دوسری طرف نارنگ منڈی تجاوزات کی شکنجے میں ہے اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ سے مطالبہ کیا ہے کہ نارنگ منڈی کو تجاوزات مافیا کے چنگل سے آزاد کروایا جائے۔

پریس کلب ڈی سی آفس کے سپرنٹنڈنٹ حامد کمال مدت پوری ہونے پر ملازمت سے ریٹائرڈ ہو گئے

سپرنٹنڈنٹ حامد کمال نے عرصہ 40 سال تک سرکاری فرائض سرانجام دیئے: حامد کمال ایک فرض شناس افسر تھے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حامد کمال ایک فرض شناس افسر تھے ان کی خدمات کو حافظ آباد کی عوام کبھی نہیں بھول پائے گی ملک حامد رضا سابق جنرل سیکرٹری پریس کلب ڈی سی آفس کے سپرنٹنڈنٹ حامد کمال مدت پوری ہونے پر ملازمت سے ریٹائرڈ ہو گئے۔ سپرنٹنڈنٹ حامد کمال نے عرصہ 40 سال تک سرکاری فرائض سرانجام دیئے۔ انہوں نے اپنے دور ملازمت کے دوران ڈی سی آفس کی مختلف برانچ میں انتہائی فرض شناسی، ایمانداری اور خوش اسلوبی سے اپنے فرائض سرانجام دیے۔ سرکاری فرائض کی بہتر اور ایمانداری سے بجا آوری پر کئی ڈپٹی کمشنرز اور دیگر افسران کی جانب سے انہیں تعریفی سرٹیفکیٹس سے بھی نوازا گیا۔ مدت ملازمت پوری ہونے پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر، پی ایس او ٹو ڈی سی ملک عبدالقدوس اعوان، ڈسٹرکٹ ناظر ملک شعیب اسلم اعوان محمد ندیم، رائے حسین علی محمد کو بیدنون، ماجد حسین، اعجاز بشیر، تنویر حسین محمد بلال، سید عامر شاہ، محمد عمران، ایپکا رہنماؤں اور دیگر ملازمین نے سپرنٹنڈنٹ حامد کمال کو پھولوں کے ہار پہنائے اور گلدستے پیش کیے۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران اور ایپکا رہنماؤں نے سپرنٹنڈنٹ حامد کمال کی خدمات پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی ملازمت کے دوران جہاں حکومتی ہدایات اور پالیسیوں کے مطابق اپنے سرکاری فرائض کو احسن طریقے سے سرانجام دیا تو وہی دفتر آنے والے سائلین اور شہریوں سے حسن سلوک اور خوش اسلوبی سے پیش آتے ہوئے انکے مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیا۔ اس موقع پر ریٹائرڈ ہونے والے سپرنٹنڈنٹ حامد کمال نے تمام ضلعی افسران، ایپکا رہنماؤں اور دیگر ملازمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ایک ٹیم بن کر اپنے فرائض کو سرانجام دیا۔ ڈی سی آفس اور دیگر تمام دفاتر و برانچز کے ملازمین نے سرکاری فرائض کی بروقت ادائیگی میں ان کے ساتھ بھرپور معاونت کی۔

چکن گوشت فروٹ اور سبزی کی قیمتیں آؤٹ آف کنٹرول

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ ناجائز منافہ خوروں کو لگام دینے میں مکمل طور پر ناکام گیمبر قادرآباد چکن گوشت فروٹ اور سبزی کی قیمتیں آؤٹ آف کنٹرول انتظامیہ کی جاری کردہ ریٹ لسٹ ردی کی ٹوکری میں وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ ناجائز منافہ خوروں کو لگام دینے میں مکمل طور پر ناکام گیمبر قادرآباد نور شاہ یوسف والا بگڑی پل اور دیگر دیہاتی علاقہ جات میں چکن گوشت فروٹ اور سبزی کی قیمتیں آؤٹ آف انتظامیہ کی جاری کردہ ریٹ لسٹ پر کوئی بھی چیز دستیاب نہیں گیمبر قادرآباد کی عوام ناجائز منافہ خوروں کے رحم و کرم پر۔ اور بدقسمتی سے ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ شہری علاقہ جات تک محدود گیمبر قادرآباد میں ناجائز منافہ خوروں کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں۔

جہلم ضلع بھر میں مقیم غیر قانونی افغانیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا سگنل

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں مقیم غیر قانونی افغانیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا سگنل۔ ضلع جہلم پولیس کے خفیہ اداروں نے غیر قانونی مقیم افغانیوں کی فہرستیں مرتب کرنی شروع کر دیں ہیں اگلے مرحلہ غیر قانونی رہائش پزیر افغانیوں کے خلاف فارن ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے جائیں گے اور واپس بھجوایا جائے گا

جہلم پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے 24/7 مصروف عمل ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کا احسن اقدام 10 لاکھ تک بینکوں سے رقوم نکلوانے والے شہریوں کو باحفاظت گھر تک پہنچانے کے لیے سیف ٹریول کیش سکواڈ قائم کر دیا گیا جہلم پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے 24/7 مصروف عمل ہے تفصیلات کے مطابق پولیس کا شہر میں سیف ٹریول کیش سکواڈ کا آغاز کر دیا گیا ریجنل پولیس افیسر راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کے ہمراہ سیف ٹریول کیش سکواڈ کا آغاز کر دیا، اگر کوئی شہری بینک سے 10 لاکھ یا اس سے زائد کی رقم وصول کرے تو وہ اپنی حفاظت کے لیے 15 پر کال کر کے جہلم پولیس کی مدد لے سکتا جہلم پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے

گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص شدید زخمی جبکہ 22 سالہ لڑکی اغوا

سیالکوٹ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص شدید زخمی جبکہ 22 سالہ لڑکی اغوا۔ کھوکھی اور ستی جیدر اور موترہ کی حدود سے 5 موٹر سائیکلیں چوری۔ تفصیلات کے مطابق پھلی بازار سے خریداری کیلئے آنے والے محمد اعظم کی موٹر سائیکل چوری، ماڈل ٹاؤن جم کے باہر سے عابد حسین کی موٹر سائیکل چوری، کاشف محمود کی جی فوم فیکٹری سے افطاری کے دوران موٹر سائیکل چوری جلیسر والا سے فیاض احمد کی جنازہ پڑھتے جنازگاہ کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، جامکے چیمہ کے محمد یوسف کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری اور گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص شدید زخمی جبکہ 22 سالہ لڑکی اغوا۔ کھوکھی چوک محمد عثمان کا تایا زاد ڈاکٹر فاروق کو ٹرن لیتے ہوئے نامعلوم گاڑی نے ٹکر مار دی۔

والدین کا گستاخ اور بے ادب ونافرمان ہے: حافظ عباس صمدانی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) نوجوان عالم دین صاحبزادہ حافظ محمد عباس صمدانی شیخوپوری نے کہا ہے کہ قرآن و حدیث میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کے بعد والدین کی خدمت اور انکے ساتھ احسان کرنے کا حکم دیا گیا ہے والدین کی خدمت و اطاعت اور فرمانبرداری کے بغیر جملہ عبادات کی قبولیت کی گارنٹی نہیں دی جا سکتی بلکہ ایسے انسان کیلئے لعنت اور ہلاکت قرار دی گئی ہے جو اپنے والدین کا گستاخ اور بے ادب و نافرمان ہے رمضان المبارک جہاں ہمیں جملہ عبادات کی ادائیگی پر ہمیشگی کا پیغام دیتا ہے وہاں پر بوڑھے والدین کی خدمت و احسان کا بھی حکم دیتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی جامع مسجد مقدس اہلحدیث مسلم گنج میں خطبہ جمعہ کے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا صاحبزادہ حافظ محمد عباس صمدانی شیخوپوری نے کہا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے اپنی توحید بیان کرنے کے بعد شرک سے بچنے اور والدین کی خدمت کرنے کا حکم دیا ہے کیونکہ والدین کی خدمت کے بغیر خدا کے حضور ہماری جملہ عبادات کی کوئی قبولیت نہ ہے، انہوں نے کہا کہ حضرت اویس قرنی علیہ رحمۃ کی شہرت و عزت کی بنیادی وجہ اپنی والدہ کی خدمت کرنا ہے، جس کی وجہ سے نبی کریم ﷺ نے اپنے دور نبوت میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ کو حضرت اویس قرنی سے دعا کروانے کا حکم دیا تھا انہوں نے کہا کہ والدین کی خدمت میں کسی قسم کی کوتاہی خود انسان کیلئے تباہی و بربادی کا ذریعہ بن سکتی ہے

شہید سپاہی محمد نعیم کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) دیپالپور حجرہ شاہ مقیم کے نواحی علاقے حکیم امام دین میں جعفر ایکسپریس سانحے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے سپاہی محمد نعیم کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی شہید کی نماز جنازہ میں پاک فوج اور سول افسران سمیت اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق جعفر ایکسپریس ٹرین سانحہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے سپاہی محمد نعیم کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی شہید کا جسد خاکی انکے آبائی گاؤں حکیم امام دین پہنچا تو لوگوں نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا نماز جنازہ میں پاک فوج اور سول افسران سمیت بڑی تعداد میں اہل علاقہ نے شرکت کی پاک فوج کے سپاہی شہید محمد نعیم نے سوگواران میں دو بھائی اور ضعیف العمر والدین چھوڑے ہیں جبکہ عیدالفطر کے بعد شہید شادی طے کی جا چکی تھی جو کہ اب حسرت و یاس میں بدل گئی شہید کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جنازہ و تدفین کے دوران پاک فوج کے افسران سول سرونٹس علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد شامل رہی انکی ملک و قوم کیلئے دی گئی۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ نمبر 1

تمام دیگر صوبوں کی نسبت نرسوں کو زیادہ سٹائپنڈ فراہم کر رہی ہے۔ میڈیکل ایجوکیشن اور نرسنگ شعبہ میں بہتری لانے کیلئے پاکستان نرسنگ کونسل کے ساتھ محکمہ صحت جلد ایک نشست رکھے گا۔ حکومت پنجاب اس حوالے سے وفاقی حکومت کے ساتھ مکمل کوارڈی نیشن کرے گی۔ اجلاس میں وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر احسن وحید راٹھور، پرو وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمد معین، ڈی جی نرسنگ، ڈین انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ پروفیسر سائرہ افضل و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایم ڈی پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن جواد اکرم، ایڈیشنل سیکرٹری امیر محمد، ایڈیشنل سیکرٹری سدرہ سلیم، ڈپٹی سیکرٹری بجٹ حماد الرب و دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمد عمر، وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ظفر چوہدری اور وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر مہناز خاکوانی شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 2

جس کلمہ طیبہ کی بدولت رمضان المبارک میں ہمیں پاکستان ملا ہے۔ قیام پاکستان کے بعد اگر اس کلمہ طیبہ کے عملی تقاضے پورے ہوجاتے تو آج پاکستان کتنا مضبوط اور طاقت ور ہوجاتا ہے۔ مگر آج افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے اہل حکمرانوں نے پاکستان کے قیام کا مقصد پورا نہیں ہونے دیا۔ عبدالعزیز عابد اور علی ارتضیٰ حسنی نے خطاب کرتےہوئے کہا کہ جماعت اسلامی قیام پاکستان کے اصل مقصد اسلامی پاکستان اور خوشحال پاکستان کی جدوجہد کررہی ہے۔ دشمن پاکستان پر دانت جمائے بیٹھے ہیں۔ ان حالات میں ہماری بقا، سلامتی اور تحفظ کا راستہ صرف ایک ہے کہ ہم قرآن مجید سے اپنا تعلق مضبوط کریں۔ رمضان المبارک میں پاکستان کا قیام اس بات کا متقاضی ہے کہ اسے نور الٰہی کے نور سے منور کر کے پوری دنیا کے مسلمانوں کے لئے مینارہ نور بنادیں۔ قائدین نے مزید کہا کہ پاکستان کے اندر ترقی خوشحالی کے خلاف ہندوستان ہمیشہ سے سازشوں کا مرکز رہا ہے۔ پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے۔ پوری قوم دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ایک پیج پر کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 3

کے افسران و اہلکاروں نے بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کو بروئے کارلاتے ہوئے اپنا کردارادا کیا انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچی، پنجابی کی لڑائی نہیں بلکہ ہم سب ایک ہیں، ہماری جنگ وطن دشمنوں کے ساتھ ہے، دہشتگرد اسلام و پاکستان کے دشمن ہیں جو کہ ہمسایہ ممالک کی آشیر باد اور چند سکوں کے لالچ میں امن وسکون کو تباہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، فتنۃ الخوارج کے خاتمے تک آپریشن جاری وساری رہنا چاہئے، پاکستانی قوم ملک پاکستان میں حالیہ دہشتگردی کیخلاف پاک افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کیساتھ مکمل تعاون کرے گی۔ مسلم لیگی رہنما ساجد عباسی نے کہا کہ دہشتگردی ایک ناسور ہے اور دہشتگرد کا کوئی مذہب اور کوئی دین نہیں ہوتا، پاکستان دشمن عناصر ہمیشہ سے ہمارے امن واستحکام کے خلاف سازشوں میں مصروف رہے ہیں لیکن قوم اور سیکورٹی ادارے ان مذموم عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، اس واقعے کی مکمل تحقیقات بھی ہونی چاہئیے اور ملوث عناصر کو سخت ترین سزا دی جانی چاہئے تا کہ آئندہ اس طرح کے دہشتگرد حملوں کا سدباب کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 4

بات کا واضح ثبوت ہے کہ دہشتگردوں کا دین اسلام اور پاکستان سے کوئی تعلق نہ ہے اور یہ دہشتگرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین مسافروں کی بازیابی اور بروقت آپریشن میں سیکورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں نے بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کو بروئے کارلاتے ہوئے اپنا اہم کردارادا کیا انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور آئندہ بھی ہماری بہادر سیکورٹی فورسز ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ مسلم لیگی رہنما ذیشان نقوی نے کہا کہ نہتے شہریوں اور مسافروں پر حملے غیر انسانی اور مذموم عمل ہے۔

بقیہ نمبر 5

دیگر بیماریوں میں مبتلا مریض شامل تھے۔ اس موقع پر ترجمان پنجاب ایمرجنسی سروس نے کہا کہ پنجاب میں ایئر ایمبولینس سروس کا آغاز ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا۔ ایک ایسی قابل اعتماد ایئر سروس تلاش کرنا ضروری تھا جو محض 30 منٹ کے نوٹس پر ایئر ایمبولینس فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو، تاکہ شدید بیمار اور زخمی مریضوں کو فوری طور پر جدید طبی سہولیات سے آراستہ اسپتالوں میں منتقل کیا جا سکے۔ ابتدا میں کچھ ایئر ایجنسیز کو کئی مواقع دینے کے باوجود وہ ایمرجنسی صورت حال میں فوری مریض منتقلی کی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں ناکام رہیں، جس کی وجہ سے ایک موزوں سروس فراہم کنندہ کی تلاش ایک بڑا چیلنج بن گئی۔ تاہم، اب پنجاب میں ایک مکمل فعال ایئر ایمبولینس سروس موجود ہے، جس نے اب تک 70 شدید زخمی و بیمار مریضوں کو کامیابی سے منتقل کیا ہے۔ پنجاب ایئر ایمبولینس سروس خاص طور پر دور دراز علاقوں کے مریضوں، خصوصاً بہاولنگر اور میانوالی کے مریضوں کے لیے امید کی کرن بن چکی ہے، انہیں خصوصی علاج تک فوری رسائی فراہم کر رہی ہے اور زندگیاں بچانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 6

دیگر غیر قانونی ترمیمات کروا کرانہیں کلاشنکوف اور گولیوں کی آواز جیسی شدت دے رہے ہیں۔ یہ عمل نہ صرف شہریوں کے لیے پریشانی کا سبب بن رہا ہے بلکہ امن وامان کی صورتحال پر بھی منفی اثر ڈال رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس غیر قانونی رجحان کو روکنے کے لیے سخت کارروائی کی ضرورت ہے۔ شہریوں کا مطالبہ ہیکہ ایسی موٹرسائیکلوں کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے اور ان میں غیر قانونی تبدیلیاں کرنے والے مکینکوں کو پکڑا جائے۔ ایسے نوجوانوں کے والدین کو تھانوں میں طلب کیا جائے تا کہ انہیں اپنے بچوں کی حرکات کا احساس ہو۔ قانونی پابندی اور جرمانے عائد کیے جائیں تا کہ دوبارہ کوئی اس طرح کی غیر قانونی تبدیلیاں نہ کرے۔ پولیس اور ٹریفک حکام ایک ہیلپ لائن جاری کریں تا کہ شہری فوری طور پر ان کے خلاف ورزیوں کی اطلاع دے سکیں۔ اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بروقت ایکشن نہ لیں تو اس طرح کی غیر قانونی سرگرمیاں کسی بڑے حادثے کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ متعلقہ حکام کو فوری کارروائی کرنی چاہیے تاکہ عوامی سکون بحال ہوسکے۔

بقیہ نمبر 7

اسلامی تعلیمات کو زندگی میں مشعل راہ بنانے اور اس پر کاربند ہونے کے عزم کا اظہار کیا جن کو اسلام میں داخل ہونے پر اہل اسلام نے خوش آمدید کہتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر علماو مشائخ کا کہنا تھا کہ ختم نبوت کا پیغام گھر گھر پہنچانے کا کام دنیا میں آخرت تک جاری رہے گا۔ آج ہم سرخرو ہوئے ہیں اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری وساری رہے گا اور امید ظاہر کی کہ ختم نبوت کی تبلیغ کا کام سے خوشگوار نتائج برآمد ہورہے ہیں۔

بقیہ نمبر 8

کیکس اور بیکری اشیا کی تیاری میں استعمال کیے جانے تھے۔ فنگس زدہ بدبودار فریزر میں اشیا کی سٹوریج، ٹوٹے فرش پر آلودہ پانی موجود پایا گیا، ناقص انتظامات اور استعمال شدہ آئل کی موجودگی پر معروف ریسٹورنٹ کو بند کیا گیا۔ انتہائی لازم خرید و آئل تبدیلی ریکارڈ بھی عدم موجود پایا گیا، ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس کی عدم دستیابی پر بھاری جرمانے بھی کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ خوراک کا کاروبار کرنے کے لیے میڈیکل سرٹیفکیٹ اور فوڈسیفٹی ٹریننگ لازم ہے، غذائیت سے بھرپور خوراک کی یقینی فراہمی کے لیے فوڈ بزنس آپریٹرز قوانین پر عمل کریں، پنجاب میں قوانین کے خلاف کاروبار کرنے والوں کے گرد شکنجہ سخت کررہے ہیں، رمضان المبارک میں معیار پر نو کمپرومائز پالیسی؛ شہری شکایت کے لیے 1223 پر اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 9

گیا تھا جو میں نے منظور نہیں کیا، ملازمین دل لگا کر سپورٹس کی ترقی کیلئے کام کریں، ہاکی ترقی کیلئے ایمرجنسی ڈیکلیئر کرتے ہیں، قومی کھیل کی بحالی کے لئے ہرممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، سکولز میں سپورٹس پیریڈ کی بحالی کیلئے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے مل کر کوشش کر رہے ہیں، سپورٹس پیریڈ کی بحالی سپورٹس کی ترقی کیلئے اہم ہے، سپورٹس میں حصہ لینے والے بچوں کو سپورٹس کے مارکس دینے کی سفارش کی جائے گی، سپورٹس کی ترقی کیلئے ایمرجنگ پلیئر کارڈ متعارف کرائے جارہے ہیں، صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے مزید کہا ہے کہ پنجاب کی تمام سپورٹس سہولیات کھلاڑیوں، سپورٹس فیڈریشن اور ایسوسی ایشنز کیلئے فری ہوں گی، سپورٹس سہولیات میں پرائیویٹ ایونٹس پر 10 فیصد ریٹس بڑھائے جائیں گے، سپورٹس سہولیات کے نام تبدیل کرنے کے حوالے سے سیکرٹری سپورٹس کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی ہے، سپورٹس بورڈ پنجاب کے سپورٹس کنسلٹنٹ اور ٹیکنیکل سٹاف کی سروس کے حوالے سے فنانس ڈیپارٹمنٹ اور ریگولیشن ڈیپارٹمنٹ کے ارکان پر مشتمل کمیٹی بنادی گئی، سوئمنگ میں بچوں اور بڑوں کیلئے علیحدہ علیحدہ کوچز تعینات ہوں گے۔ اجلاس میں کھیلوں کی سہولتوں کی بہتری، کھیلوں کے پروگرامز کو مزید فعال بنانے پر زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 10

پتے برآمد ہوئے۔

بقیہ نمبر 11

مہنگائی کے خلاف عیدالفطر کے بعد بھرپور احتجاجی تحریک شروع کرے گی۔ کارکن تیاری کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں فارم 47 کے ذریعے بدترین حکومت اور گورننس کو قائم کیا گیا ہے، ان ظالموں سے خیر کی توقع نہیں، عوام کو ان سے اپنا حق چھیننا پڑے گا۔ اب قوم ان کی ڈنگ ٹپاؤ پالیسیوں پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں۔ حکمران اتحادی جماعتیں ملک کو بند گلی کی طرف دھکیل رہی ہیں۔ آئین سے متصادم اقدامات اور ذاتی مفادات کی خاطر پارلیمنٹ کا استعمال قابل مذمت ہے۔ فارم 47 کی جعلی حکومت ملک و قوم پر بھاری ہو چکی ہے۔ بدقسمتی سے پی ڈی ایم ٹو کی حکومت کے پاس بھی کسی قسم کا کوئی معاشی ایجنڈا نہیں ہے، عوام کو ریلیف کے نام پر لالی پاپ دیا جا رہا ہے، چکن کینٹ کے فیصلے اشرافیہ کے مفادات کو تحفظ فراہم کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 12

تیزی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے ان ممالک کے شہریوں کو ترجیحی ویزے جاری کیے جائیں گے، ان منصوبوں کا دائرہ کار ایس آئی ایف سی کے ترجیحی شعبوں یعنی خوراک، زراعت، آئی ٹی، معدنیات، پیٹرولیم اور توانائی پر محیط ہے۔ ایس آئی ایف سی کے منظور شدہ منصوبوں کے لیے ایکویٹی سرمایہ فراہم کرنے کے لیے ''پاکستان سوورن ویلتھ فنڈ'' متعارف کروانے پر مشاورت کی گئی۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے موثر پالیسی سازی کے باعث ان منصوبوں کی تکمیل ملک کی معاشی بحالی اور سرمایہ کاری کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 13

کا اظہار کیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت اب تک 212 عارضی کولیکشن پوائنٹس اور 903 ویسٹ انکلوژرز بن چکے ہیں۔ اس وقت پنجاب بھر میں 15 ہزار 742 گاڑیاں صفائی کا کام کر رہی ہیں جبکہ ایک لاکھ 45 ہزار آلات استعمال ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زیر التوا شکایات پر بروقت کارروائی کی جائے۔ وزیر بلدیات نے گوجرانوالہ اور ڈی جی خان میں کنٹینرز کی تعداد کم ہونے کا نوٹس لیتے ہوئے دونوں ویسٹ منیجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کو جلد کنٹینرز پورے کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سختی کے ساتھ کہا کہ سی ای اوز دفاتر میں نہ بیٹھے رہیں بلکہ فیلڈ کے روزانہ دورے کریں۔ کنٹریکٹرز کی مانیٹرنگ کا ڈیٹا بروقت اپ لوڈ نہ کرنے پر کارروائی کی جائے گی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کا ستھرا پنجاب پروگرام مکمل ڈیجیٹل ہے۔ اگر کسی جگہ ڈیٹا اپ لوڈ کرنے میں چیلنجز درپیش ہیں تو پی آئی ٹی بی کے تعاون سے ان کا حل نکالا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عارضی کولیکشن پوائنٹس سے ہفتے میں کم از کم دو دفعہ لازمی کوڑا اٹھایا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کنٹریکٹرز کی استعداد کار میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ طے شدہ کے پی آئیز کے مطابق کام کیا جائے

بقیہ نمبر 14

، خودکش بمباروں کی وجہ سے محتاط انداز میں آپریشن کیا گیا، پاکستان میں خارجیوں سمیت افغانی بھی دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر ہونے والا حملہ پاکستان میں بھارت کی دہشت گرد ذہنیت کا تسلسل ہے، جعفر ایکسپریس پر حملہ کرنے والے دہشت گرد افغانستان میں اپنے ہینڈلر کے ساتھ رابطے میں تھے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشت گردی کیلئے انتہائی دشوار گزار علاقے کا انتخاب کیا گیا،

بقیہ نمبر 15

سامنے علیمہ خان ذاتی مصروفیات کی وجہ سے پیش نہ ہوئیں۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان لاہور میں ذاتی مصروفیات کے باعث پیش نہ ہوئیں۔ علیمہ خان کی جانب سے ان کے وکیل خالد یوسف چوہدری جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہوئے۔ ذرائع کے مطابق وکیل نے استدعا کی کہ جے آئی ٹی میں پیشی کے لیے آئندہ مناسب تاریخ دی جائے۔ ذرائع کے مطابق جے آئی ٹی کی سربراہی آئی جی اسلام آباد نے کی، علیمہ خان کو 19 مارچ کو دن 12 بجے طلب کر لیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 16

پاکستان کو گھمبیر مسائل کی دلدل سے باہر نکالنے کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، موجودہ حکمرانوں میں مسائل اور مشکلات سے نمٹنے کی اہلیت نہیں ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ملک کے حالات میں سدھار لانے کیلئے ہمیشہ مثبت پیشرفت کی ہے لیکن ہماری مخالف نام نہاد سیاسی جماعتیں عمران خان اور پی ٹی آئی کی مقبولیت سے خوفزدہ ہیں اس لئے ہر معاملے میں منفی پراپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین سے لے کر ایک عام کارکن تک قانون کا سامنا کر رہا ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ انصاف کے تقاضے پورے کئے جائیں، پی ٹی آئی ملک کی خاطر مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا چاہتی ہے اور رکاوٹوں کے باوجود یہ سفر جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ناسور پر قابو پانے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کی اے پی سی بلائی جائے۔

بقیہ نمبر 17

کے والد عرفان شریف اور سوتیلی ماں بینش بتول کی عمر قید کی سزا برقرار رکھتے ہوئے ان کی اپیل مسترد کر دی۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق 43 سالہ عرفان، 30 سالہ بینش اور مقتولہ کے 29 سالہ چچا فیصل ملک کی جانب سے سزا میں نرمی کی درخواستوں کو بھی عدالت نے رد کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ سارہ کے والد کی 40 سال، سوتیلی ماں کی 33 سال اور چچا فیصل ملک کی 16 سال قید کی سزا برقرار رہے گی۔ واضح رہے کہ سارہ شریف اگست 2023 میں اپنے بستر پر مردہ پائی گئی تھی، اس کے جسم پر 100 سے زائد زخموں کے نشانات، ٹوٹی ہوئی ہڈیاں اور جلنے کے آثار پائے گئے تھے۔ مقدمے کے دوران انکشاف ہوا کہ عرفان شریف نے کرکٹ بیٹ سے اپنی بیٹی کو بری طرح مارا، ننگے ہاتھوں سے اس کا گلا گھونٹا اور اس کی گردن کی ہڈی توڑ دی۔ قتل کے بعد تینوں ملزمان پانچ دیگر بچوں کے ساتھ پاکستان فرار ہوگئے تھے لیکن بعد میں انہیں واپس برطانیہ لاکر مقدمہ چلایا گیا۔ عدالتی فیصلے کے بعد انسانی حقوق کے اداروں نے مطالبہ کیا ہے کہ بچوں کے تحفظ کے لیے مزید سخت قوانین بنائے جائیں تا کہ ایسے واقعات دوبارہ نہ ہوں۔

بقیہ نمبر 18

لانے کا فیصلہ کر لیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے پروگرام 'دنیا مہر بخاری کے ساتھ' میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افغان سرزمین سے دہشت گردی ایکسپورٹ کرنے پر بھارت کیخلاف اقوام متحدہ میں قرارداد لائیں گے، ہمارا اگلا قدم اقوام متحدہ میں بھارت کی دہشت گردی میں معاونت کو ایکسپوز کرنا ہے۔ منیر اکرم کا مزید کہنا تھا کہ اقوام متحدہ میں بھارت کیخلاف کام اب مزید تیز کردیں گے، بھارت پر پابندیاں لگانے میں اس کے دوست آڑے آجاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ 15 مارچ کو ہم عالمی برادری کے ساتھ مل کر اسلاموفوبیا سے نمٹنے کا عالمی دن منا رہے ہیں، تین سال قبل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اس دن کو منانے کا تاریخی فیصلہ منظور کیا تھا جس میں بڑھتے ہوئے تعصب، نفرت، امتیازی سلوک اور مسلم کمیونٹیز کے ساتھ ساتھ ان کی مقدس علامتوں اور عبادت گاہوں کے خلاف حملوں کے تناظر میں، یہ دن دنیا بھر میں مسلمانوں کو درپیش چیلنجز کی سنگینی کی ایک واضح یاد دہانی ہے، یہ دن بھرپور انداز سے متحرک عملدرآمد کی پکار کے طور پر کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ عالمی برادری کی ٹھوس قانون سازی اور پالیسی اقدامات کے ذریعے اسلاموفوبیا کا مقابلہ کرنے کی اجتماعی خواہش کی عکاسی بھی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اقوام متحدہ میں اس اہم اقدام کی قیادت کرنے پر بے حد فخر ہے

بقیہ نمبر 20

کے انتظام سے متعلق اجلاس ہوا۔ اجلاس سپریم کورٹ کے 2018 کے سوموٹو ایکشن، مشترکہ مفادات کونسل کی سفارشات کے پس منظر میں ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری وزارت صحت، ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ونگ اور وزارت صحت کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آبادی پر قومی ایکشن پلان کا کامیابی سے نفاذ ناگزیر ہے، بڑھتی آبادی کنٹرول کرنے کیلئے مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ قائمقام صدر یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آبادی پر آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان سمیت صوبائی حکومتوں کی مشاورت ضروری ہے۔ قائمقام صدر مملکت نے کہا کہ بڑھتی آبادی کے چیلنج کیلئے اجتماعی کوششوں بالخصوص صوبوں کے تعاون کی ضرورت ہے۔ یوسف رضا گیلانی نے آبادی میں اضافے کی شرح کم کرنے، آبادی کے دیگر متعلقہ اشاریوں کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آبادی کے چیلنج بارے آگاہی پیدا کرنے کیلئے صوبائی حکومتوں اور نجی شعبے سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ یوسف رضا گیلانی نے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک لوگوں کی رسائی بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں صدر یوسف رضا گیلانی کو آبادی کے حوالے سے نیشنل ایکشن پلان پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ 2019 سے 2024 تک آبادی کے حوالے سے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کیا گیا، 2025 سے 2030 تک آبادی کے حوالے سے نظرثانی شدہ نیشنل ایکشن پلان صوبوں کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے، نیا منصوبہ منظوری کا منتظر، آبادی سے متعلق وفاقی ٹاسک فورس کے آئندہ اجلاس میں غور کیا جائیگا۔

بقیہ نمبر 21

کردار اور عمل سے اس کا جواب دینا ہوگا، ہمیں خود کو اتنا طاقتور کرنا ہوگا کہ کوئی بھی اسلام کے خلاف بات کرنے کی جرات نہ کرسکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج ہم نام کے مسلمان رہ گئے ہیں جبکہ عملی طور پر دین کی تعلیمات سے دور ہو چکے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ دنیا میں وہی قومیں غالب آتی ہیں جو علم اور انصاف میں آگے ہوتی ہیں۔

بقیہ نمبر 22

ہوں، یہ تہوار جو بہار کی آمد کا اعلان اور محبت اور اچھائی کی فتح کی علامت ہے، ایک متحرک توانائی کا احساس دلاتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نئی شروعات اور تجدید تعلقات کی مضبوطی کا جشن مناتے ہوئے، یہ دن ایک مضبوط، زیادہ متحد قوم کی تعمیر کی اہمیت اور تمام شہریوں کی شمولیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رنگوں کا یہ تہوار آپ کی زندگیوں کو خوشیوں، صحت کی کامیابیوں اور خوشحالی سے بھر دے۔

بقیہ نمبر 23

ڈیجیٹل آئی کے نام سے سافٹ ویئر نصب کیا جائے گا۔ ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز دو ہزار چھ میں ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صنعتی اشیاء کی پیداوار کی الیکٹرانک ویڈیو نگرانی ہوگی، اس کیلئے سافٹ ویئر نصب کیا جائے گا۔ سینٹرل کنٹرول یونٹ قائم ہوگا جو ایف بی آر کو پیداوار کے بارے میں ریئل ٹائم ڈیٹا فراہم کرے گا، پیداواری ریکارڈ کا تجزیہ کرکے قانونی کارروائی کی جاسکے گی۔ ایف بی آر کے مطابق مانیٹرنگ کے بغیر مال فیکٹری سے نہیں نکل سکے گا، کاروباری احاطے میں پروڈکشن مانیٹرنگ کے آلات لائسنس یافتہ وینڈر کے ذریعے نصب ہوں گے، مجاز وینڈر ٹیکنالوجی کو وقتاً فوقتاً اپ گریڈ بھی کرے گا۔

بقیہ نمبر 24

چوہدری نے کہا کہ جب ہاؤس میں فلور پر بات کریں تو بنیادی حقائق پتہ ہونے چاہئیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے میں کوئی فرق نہیں، دونوں کالعدم تنظیموں کے ہینڈلرز ہمسایہ ملک میں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں میں فرق صرف یہ ہے کہ ایک کی داڑھی ہے اور دوسرے کی داڑھی نہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ جس بہترین انداز میں سکیورٹی فورسز نے آپریشن کیا اس کی مثال نہیں ملتی۔ بعدازاں اسپیکر نے قومی اسمبلی کا اجلاس پیر دوپہر 2 بجے تک ملتوی کر دیا۔

بقیہ نمبر 25

پر پھنسے ہوئے تمام کنٹینرز کی ریلیز کے احکامات جاری کر دیے۔ اس کے ساتھ ساتھ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ تمام پورٹس اتوار کے روز بھی کھلی رہیں گی تا کہ کاروباری برادری کو درپیش مشکلات کم کی جا سکیں۔ خصوصی ملاقات کے دوران صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے وزیراعظم کے سامنے اس سنگین مسئلے کو اجاگر کیا کہ ہزاروں کنٹینرز کلیئرنس میں تاخیر کی وجہ سے پورٹس پر پھنسے ہوئے ہیں جو نہ صرف سپلائی چین میں رکاوٹیں پیدا کر رہے ہیں بلکہ کاروباری لاگت میں بھی غیر ضروری اضافہ اور ملکی صنعتوں کو خام مال کی قلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس اہم مسئلے کو فوری حل کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے احکامات دیے کہ تمام رُکے ہوئے کنٹینرز کو فوری طور پر ریلیز کیا جائے تا کہ تجارت کا پہیہ بغیر کسی رکاوٹ کے چلتا رہے اور اقتصادی سرگرمیوں میں تسلسل برقرار رہے۔

بقیہ نمبر 26

دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے 3 جون 2024 کو بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی سزا کالعدم قرار دی تھی۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ریکارڈ ظاہر کرتا ہے کہ ٹرائل غیر ضروری جلد بازی میں چلایا گیا۔ ملزمان کے وکلا کے التوا مانگنے پر سرکاری وکیل تعینات کر دیا گیا، جسے تیاری کے لیے محض ایک دن دیا گیا۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ سرکاری وکیل کی جرح ان کی ناتجربہ کاری اور وقت کی کمی ظاہر کرتی ہے۔ یہ کیس ٹرائل کورٹ کو ریمانڈ بیک کرنے کی نوعیت کا ہے۔ عدالت اس کیس کو میرٹ پر سن رہی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ جرح کو ایک طرف رکھ دیا جائے تو بھی استغاثہ کے شواہد کیس ثابت کرنے کے لیے ناکافی ہیں۔ استغاثہ اپنا کیس ثابت کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے سابق چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے عمران خان اور شاہ محمود قریشی کی بریت کی درخواستوں پر اپنا فیصلہ سنایا تھا۔

بقیہ نمبر 27

سندھ حکومت کے پبلک پرائیویٹ کیریئر پورٹل اور ایپلی کیشن آئی ورک فورسندھ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کی مذمت سے اپنی تقریر کا آغاز کرنا چاہتا ہوں، مسلح افواج کی شجاعت اور بہادری کو سلام پیش کرتے ہیں، جنہوں نے نہ صرف مغوی بازیاب کرائے بلکہ دہشتگردوں کا قلع قمع بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ اتنے مشکل علاقے میں آپریشن بہت مشکل لگ رہا تھا، صوبائی حکومت اور مسلح افواج کے اہلکاروں کو سلام پیش کرتے ہیں، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مذہبی دہشت گردی ہو یا مسلح دہشتگردی سب کی مذمت کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ کو ایک سالہ کارکردگی پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، جس تفصیلات اور انداز کے ساتھ وزیراعلیٰ نے بریف کیا وہ قابل تعریف ہے، چیف ایگزیکٹو کو پتہ ہونا چاہیے کہ اس کے صوبے میں کیا ہورہا ہے، میڈیا کو بھی یہ بتانا چاہیے ایسا وزیراعلیٰ ہے جو نہ صرف پرفارم کرتا ہے بلکہ اس کا وژن بھی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ گزشتہ روز صوبائی اسمبلی نے پانی کے مسئلے پر ایک واضح پیغام دیا، کچھ لوگوں کو اس معاملے کی سنگینی کا احساس ہوا یہ اچھی بات ہے، حقیقت میں یہ نیا مسئلہ نہیں ہے، وزیراعلیٰ سندھ اور ان کی ٹیم ہر دور میں یہ مقدمہ لڑتے آرہے ہیں، اسلام آباد میں شکلیں تبدیل ہوئیں لیکن ہر حکومت میں یہی ایشو رہا ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پی ٹی آئی نے 2 کینالز بنانی چاہیں جام خان شورو اور نثار کھوڑو نے ان کا مقابلہ کیا، شہباز حکومت میں جب بھی کوئی ایسا منصوبہ آیا تو وزیراعلیٰ صوبے کی آواز بنے، ہم مخالفت برائے مخالفت نہیں کرتے، ہم سمجھتے ہیں کہ مسائل کا حل سیاسی انداز میں ہی نکل سکتا ہے، اس جدوجہد میں بھی سندھ کے عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مجھ سے اس صوبے کے عوام کا سب سے بڑا مطالبہ روزگار کا رہا ہے، مطالبات اتنے ہیں کہ حکومت سندھ کے پاس انہیں پورا کرنے کی گنجائش نہیں ہے، صوبائی حکومت سے ہمیشہ شکایت رہتی ہے کہ وہ بروقت ملازمتیں نہیں دیتی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے گھروں کا منصوبہ خواتین کو بااختیار بنانے کا منصوبہ بھی بنا، ہم نے اس منصوبے کے ذریعے کئی لاکھ ملازمتیں بھی پیدا کیں، سندھ میں ایک طرف صوبائی حکومت ملازمتیں پیدا کرتی ہے، دوسری طرف نجی شعبہ ملازمتیں پیدا کرتا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ہم حکومت اور نجی شعبے کے درمیان پارٹنرشپ چاہتے ہیں، اس حوالے سے ڈیجیٹل پلیٹ فارم آئی ورک فار سندھ کی ایپ شروع کی ہے، نوجوانوں اور ملازمتیں دینے والوں کو اس پلیٹ فارم پر رجسٹر ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے لوگ بہت محنتی ہیں، کامیابی تب ہوگی جب سب لوگ مل کر کامیاب ہوں گے، پارٹی کے لوگ اور نجی شعبہ اس پلیٹ فارم کی تشہیر کرے، نجی شعبہ اس پورٹل پر رجسٹر ہوکر سندھ کے ٹیلنٹ سے فائدہ اٹھائے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کے خیر مقدم کرتے ہیں، مہنگائی میں اضافہ نہ ہونے کے ساتھ ساتھ پیداوار میں اضافہ بھی ضروری ہے، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی میں سندھ حکومت اپنا کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 28

اور ریئل اسٹیٹ سمیت کئی شعبوں میں ٹیکس وصولی بہتر بنانے پر زور دیا جبکہ ایف بی آر نے ریئل اسٹیٹ اور پراپرٹی سیکٹر کے لیے ٹیکس ریٹ میں کمی کی تجویز دی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے آئی ایم ایف کو تاجروں کی رجسٹریشن کے لیے مہم جاری رکھنے کی تحریری یقین دہانی کرادی جبکہ آئی ایم ایف نے پوائنٹ آف سیل، ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم موثر بنا کر ٹیکس چوری روکنے پر اصرار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف ذرعی انکم ٹیکس کی وصولی کیلئے قانون سازی سے مطمئن ہے جب کہ آئی ایم ایف نے قومی ایئرلائن اور بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری جون تک کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مذاکرات کے خاتمے پر بیان جاری کرے گا۔

بقیہ نمبر 29

عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ عدالت نے واسا کی جانب سے واٹر میٹرز کی تنصیب نہ کرنے پر بھی عدم اطمینان ظاہر کیا۔ عدالت نے واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی نافذ کرنے کا عندیہ دیا۔ عدالت نے گرین بلڈنگز بنانے والوں کو ٹیکس میں ریلیف دینے کی بھی تجویز پیش کی۔ عدالت نے ڈی ایچ اے اور ایل ڈی اے کو تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز میں میاواکی فارسٹ بنانے کی تجویز دی۔ سماعت کے دوران پی ایچ اے، ایل ڈی اے اور ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹس عدالت میں جمع کرائی گئیں، جبکہ عدالت نے واٹر میٹرز اور ٹرانسپورٹ کی مکمل رپورٹ اگلی سماعت پر جمع کروانے کا حکم دیا۔ واسا کی جانب سے عدالت میں جمع کروائی گئی رپورٹ کے مطابق پہلے فیز میں 1000 واٹر میٹرز لگائے جا رہے ہیں۔ عدالت نے ہدایت دی کہ واٹر میٹرز لگانے کے لیے حکومت فوری ایکشن لے اور اس عمل کو تیز کرے۔ ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے لوڈر رکشہ اور آٹو رکشہ سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کروائی گئی۔ اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو آگاہ کیا کہ اٹھارہ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے ساتھ میٹنگ ہوئی ہے اور انہیں مراعات دینے کے حوالے سے پالیسی بنانے پر کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 18 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو لائسنس جاری کیے جا چکے ہیں جو آٹو اور لوڈر رکشہ تیار کرتی ہیں۔ اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو آگاہ کیا کہ سیکرٹری ٹرانسپورٹ سے میٹنگ کی گئی ہے تا کہ لوڈر رکشہ کو الیکٹرک پر منتقل کیا جاسکے۔ عدالت کو یہ بھی بتایا گیا کہ ایک کمپنی نے تجویز دی ہے کہ میٹرو اسٹیشنز کو چارجنگ پوائنٹس میں تبدیل کر دیا جائے۔ ممبران جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرمنٹ کمیشن نے کہا کہ پبلک سول آفیسر میس میں سپرنکلرز لگانے کی ضرورت ہے تا کہ پانی کی بچت کی جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لوگ درخت لگانے کے لیے ڈونیشن دینے کو تیار ہیں، لیکن انہیں جگہ درکار ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ لاہور کو باغوں کا شہر کہا جاتا ہے لہٰذا پی ایچ اے کو تمام پارکس فعال کرنے کی ضرورت ہے۔ کمیشن کے ممبران نے آگاہ کیا کہ ایمپوریم مال کے قریب 32 کنال زمین پر عدالت کے حکم پر میاواکی فارسٹ بنایا گیا ہے، میٹرو اسٹیشنز کے ساتھ چارجنگ پوائنٹس بنانے کی ضرورت ہے، عدالت نے کہا اس پر دھیان کریں ورنہ لوگ اسے کاروبار بنالیں گے۔

بقیہ نمبر 30

سابق چیف جسٹس عامر فاروق اور سابق جج جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے 3 جون 2024 کو عمران خان اور شاہ محمود قریشی کی سائفر کیس میں سزا کے خلاف اپیل منظور کرتے ہوئے مختصر فیصلہ جاری کیا تھا۔ سائفر کیس کا تفصیلی فیصلہ 24 صفحات پر مشتمل ہے جس میں کہا گیا کہ استغاثہ عمران خان اور شاہ محمود قریشی کیخلاف کیس ثابت کرنے میں ناکام رہا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ریکارڈ ظاہر کرتا ہے کہ ٹرائل غیر ضروری جلد بازی میں چلایا گیا، ملزمان کے وکلا کے التوا مانگنے پر سرکاری وکیل تعینات کردیا گیا، سرکاری وکیل کو تیاری کے لیے محض ایک دن دیا گیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سرکاری وکیل کی جرح ان کی ناتجربہ کاری اور وقت کی کمی ظاہر کرتی ہے، یہ کیس ٹرائل کورٹ کو ریمانڈ بیک کرنے کی نوعیت کا ہے، عدالت اس کیس کو میرٹ پر سن رہی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ جرح کو ایک طرف رکھ دیا جائے تو بھی استغاثہ کے شواہد کیس ثابت کرنے کے لیے ناکافی ہیں، استغاثہ اپنا کیس ثابت کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے۔

بقیہ نمبر 31

اہم تجاویز پیش کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ نظام صحت کی بہتری کیلئے میڈیکل ایجوکیشن سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ نرسنگ شعبہ کو نظام صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق نرسنگ شعبہ میں جدید ٹریننگ ماڈیولز کو متعارف کروایا جائے گا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب الحمدللہ تمام دیگر صوبوں کی نسبت نرسوں کو زیادہ سٹائپنڈ فراہم کر رہی ہے۔ میڈیکل ایجوکیشن اور نرسنگ شعبہ میں بہتری لانے کیلئے پاکستان نرسنگ کونسل کے ساتھ محکمہ صحت جلد ایک نشست رکھے گا۔ حکومت پنجاب اس حوالے سے وفاقی حکومت کے ساتھ مکمل کوارڈی نیشن کرے گی۔

بقیہ نمبر 32

ہے، اس پر کوئی دورائے نہیں۔ وزیر مذہبی امور نے کہا کہ مذہب کے معاملے پر کوئی جبر نہیں، پاکستان میں سب کو اپنے عقائد پر عمل کرنے کی آزادی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں اقلیت کا احترام ہے وہیں اکثریت کا بھی احترام کیا جائے، توہین صحابہ و اہل بیت بل دونوں ایوانوں سے منظور ہوا تھا لیکن معلوم نہیں وہ اس وقت کہاں ہے۔ سردار یوسف نے کہا کہ اگر وہ بل واپس آئے گا تو مشترکہ اجلاس سے منظور ہوگا لیکن تاحال یہ علم نہیں ہے کہ وہ بل اس وقت کہاں اور کس پوزیشن پر ہے

بقیہ نمبر 33

ساتھ 510 روپے کی اوسط قیمت میں فروخت ہوتی رہی۔ چینی کے نرخ بھی بڑھے اور اوسط قیمت 172 روپے فی کلو ریکارڈ کی گئی۔ ایل پی جی گھریلو سلنڈر 46 روپے تک مہنگا ہوا۔ سلنڈر کی اوسط قیمت 3262 روپے رہی۔ گزشتہ ہفتے کے دوران 15 اشیائے ضروریہ سستی ہوئیں جبکہ 24 کی قیمتوں میں استحکام رہا، پیاز کی قیمت 14 روپے فی کلو کمی کے ساتھ 70 روپے پر آ گئی، آلو 5 روپے اور لہسن 36 روپے فی کلو سستا ہوا۔ دال چنا 6 روپے اور دال ماش 2 روپے فی کلو تک سستی ہوئی۔

بقیہ نمبر 34

جاتے، میں اس حوالے سے ریکارڈ پیش کر سکتا ہوں۔ وہ ایوان میں نہیں آتے، ان کے توجہ دلاؤ نوٹس ڈراپ ہوجاتے ہیں۔ ایاز صادق نے کہا کہ اب میں رولز کے مطابق کام کروں گا، دو حکومتی اراکین کے بعد ایک اپوزیشن رکن کو بولنے کی اجازت دوں گا۔ تالی دو ہاتھ سے بجتی ہے، جب آپ ہاؤس میں ہوں گے نہیں اور احتجاج کرتے رہیں گے تو آپ کو موقع کم ہی ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب میں ان کی قائم کردہ روایات کو بھی دیکھوں گا اور اس پہ چلیں گے، جس طرح یہ پروڈکشن آرڈر جاری کرتے تھے یا سب جیل بناتے تھے اسی کو دہرائیں گے۔ ایاز صادق نے کہا کہ ہم اب بھی پر امید ہیں کہ مذاکرات ہوں لیکن مذاکرات کسی ایک شخصیت کے لیے نہ ہوں، حکومت کو جواب دینا چاہیے تھی اپوزیشن کو حکم ہوا کہ مذاکرات ختم کرتے ہیں اور جیسی ملاقات وہ چاہتے ہیں وہ بتا بھی نہیں سکتے۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے ضروری ہے کہ شجر کاری کی جائے، جتنے درخت کاٹے گئے ہیں ضروری ہے کہ نئے پودے لگائے جائیں۔ وزیر اعظم، وزارت داخلہ اور سی ڈی اے کا اچھا اقدام ہے۔

بقیہ نمبر 35

کرکے او ایس ڈی ، سہیل ریاض کو اے سی کوٹ رادھا کشن ، جمشید اقبال کو سیکشن افسر محکمہ پرائس کنٹرول جبکہ طارق محمود گل کو اے سی سلانوالی تعینات کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 36

کرکے او ایس ڈی ، سہیل ریاض کو اے سی کوٹ رادھا کشن ، جمشید اقبال کو سیکشن افسر محکمہ پرائس کنٹرول جبکہ طارق محمود گل کو اے سی سلانوالی تعینات کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 37

پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر فرض کی راہ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس افسران اور جوانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شہید سب انسپکٹر محمد اسلم، شہید سب انسپکٹر منظور احمد، اور شہید کانسٹیبل محمد سعید 14 مارچ 2018ء کو رائیونڈ اجتماع پر خودکش دھماکے میں شہادت کے منصب پر فائز ہوئے جبکہ کانسٹیبل ظفر اقبال نے 14 مارچ 2018ء کو اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں جام شہادت نوش کیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے شہدائے پولیس کی برسی کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ لاہور پولیس کے شہداء ہماری شان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے پولیس کی یاد ہمارے دلوں میں ہمیشہ تازہ رہے گی۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ پولیس کے ان بہادر سپوتوں نے اپنے آج کو وطن عزیز پر قربان کر کے ہمارے کل کو محفوظ بنایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ پولیس اپنے شہداء کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے دستیاب وسائل سے بھرپور اقدامات یقینی بنا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 38

کالجز میں بھارتی گانوں پر ڈانس سمیت غیر اخلاقی اور فحش سرگرمیوں پر سخت نوٹس لے لیا۔ صوبے بھر کے ڈائریکٹر کالجز اور پرنسپلز کو سرکلر جاری کر دیا گیا۔ سرکلر کے مطابق کالجز میں اسپورٹس گالا اور فن فیئرز میں ڈانس اور بھارتی گانے ممنوع ہیں جبکہ فحش لباس اور جملے بھی بولنے کی اجازت نہیں ہے۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے سرکلر میں واضح کیا گیا کہ کالجز انتظامیہ کی ذمہ داری بچے اور بچیوں کی تعلیم وتربیت ہے۔ سرکلر میں خبردار کیا گیا کہ آئندہ اس بابت خلاف ورزی پر ذمہ داروں خلاف سخت ایکشن ہوگا۔

بقیہ نمبر 39

جاری کیے ہیں جس کے مطابق رمضان کے دوران چینی کی اوسط قیمت 14 روپے 22 پیسے فی کلو بڑھی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق بڑھتی قیمتوں کے پیش نظر ملک میں چینی کی اوسط قیمت 171 روپے 90 پیسے فی کلو و زیادہ سے زیادہ قیمت 180 روپے فی کلو تک ہے۔ سرکاری دستاویز میں بتایا گیا کہ سال 2025 کے آغاز پر ملک میں چینی کی اوسط قیمت 138 روپے 64 پیسے فی کلو تھی، سال کے آغاز سے اب تک چینی اوسط 33 روپے 26 پیسے فی کلو اور ساڑھے 3 ماہ میں اوسط 40 روپے 05 پیسے فی کلو مہنگی ہوئی، ملک میں ساڑھے 3 ماہ پہلے چینی کی اوسط قیمت 131 روپے 85 پیسے فی کلو تھی۔ واضح رہے کہ ملک میں چینی کی اوسط قیمت ایک سال قبل 145 روپے فی کلو تھی، حکومت نے جون سے اکتوبر 2024 کے دوران 7 لاکھ 50 ہزار ٹن چینی برآمد کی اجازت دی تھی۔

بقیہ نمبر 40

ملاقات کرنے کے لیے اجازت کی درخواست دیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایک ٹرین حادثہ ہوا، قومی اسمبلی میں درخواست کی ہے کہ بلوچستان پر بات کی جائے، بدقسمتی سے قومی اسمبلی میں بلوچستان ٹرین حادثے پر کوئی بات نہیں کر رہا، میں اسے حکومت نہیں انسٹالڈ رجیم کہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ساڑھے 500 ارب کا پٹرول ایران سے آتا ہے، ایرانی پٹرول کی آڑ میں دہشت گرد بھی آتے ہوں گے، عمران خان نہ ڈیل چاہتے ہیں نہ ڈھیل، اس لیے جیل میں ہیں۔ عمر ایوب کا کہنا تھا کہ یہ صحافی حضرات لکھیں گے کہ میں نے کچھ ماہ پہلے اس کی پیش گوئی کی، اس واقعے میں جو لوگ شہید ہوئے ہیں، اللہ ان کے درجات بلند کرے، بی ایل اے کی اس دہشت گردی کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں، ہمارے جوان آئے روز اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 41

مسجد کے امام بھی تھے۔ مولانا عبداللہ ندیم گزشتہ سال مرزا جان کے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے کے بعد جے یو آئی وانا کے امیر منتخب ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 42

ہزار طلبا کو گورنر ہاؤس میں آئی ٹی کورس کرا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن طاقتیں حالات کو خراب کرنا چاہتی ہیں کیونکہ دشمن جانتا ہے کہ اگر اس شہر کے لوگ اپنے پیروں پر کھڑے ہوگئے تو یہ ملک ترقی کریگا، میں نے اپنے بلوچ بھائیوں کو گورنر ہاؤ؟ س میں افطار پر دعوت دی ہے۔ گورنر سندھ کا کہنا تھا کہ اس شہر کے لیے ترقیاتی کام کروانے ہیں، سڑکیں اور گلیاں اعلیٰ معیار کی ہوں، گھروں میں پینے کے پانی اور گیس کی فراہمی ہو۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اس شہر میں لوگ منشیات، گٹکے کے عادی بنتے جارہے ہیں۔ ہمیں انہیں آئی ٹی اور ہنر سکھا کر پیروں پر کھڑا کرنا ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کوئی چیز سوشل میڈیا پر بغیر تصدیق کے نہ پھیلائیں کیونکہ اس سے ملک اور افواج کو نقصان پہنچتا ہے۔ کامران ٹیسوری نے وعدہ کیا کہ کراچی کو پھر سے روشنیوں کا شہر بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 43

کو مکمل درآمد رپورٹ طلب کر لی۔ واسا کی جانب سے رپورٹ عدالت میں جمع کرائی گئی جس میں بتایا گیا کہ پہلے فیز میں واسا ایک ہزار واٹر میٹرز لگا رہا ہے جس پر عدالت نے ریمارکس میں کہا کہ واٹر میٹرز لگانے کے لئے حکومت کو ایکشن لینا چاہیے اور اس کام کو تیز کریں۔ ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ میں بتایا گیا کہ اٹھارہ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے ساتھ میٹنگ ہوئی ہے ، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو بتایا کہ 18 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو لائسنس جاری کیا گیا ہے جو آٹو اور لوڈر رکشہ بناتی ہیں، سیکرٹری ٹرانسپورٹ سے میٹنگ کی ہے کہ لوڈر رکشہ کو الیکٹرک پر کنورٹ کریں، ایک کمپنی نے ہمیں تجویز دی تھی کہ جتنے بھی میٹرو سٹیشن ہیں ان کو چارجنگ پوائنٹ بنا دیا جائے۔ عدالت نے کہا کہ کمپنیوں کو مراعات دیں اور اس پر پالیسی بھی بنائیں، اس پر ممبر جوڈیشل کمیشن نے کہا کہ میٹرو سٹیشن کے ساتھ چارجنگ کی جگہ بنانے کی ضرورت ہے۔ جس پر عدالت نے ریمارکس میں کہا کہ آپ اس پر دھیان کریں ورنہ لوگ اسے بزنس بنا لیں گے۔ لاہور ہائیکورٹ نے ڈی ایچ اے اور ایل ڈی اے کو تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز میں میاواکی فارسٹ لگانے اور گرین بلڈنگز بنانے والوں کو ٹیکس میں ریلیف دینے کی تجویز دی۔ ممبران جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرمنٹ کمیشن کی جانب سے کہا گیا کہ پبلک سول آفیسر میس میں سپرنکلرز لگانے کی ضرورت ہے اس سے پانی کی بچت ہوگی، لوگ ڈونیشن کے لئے تیار ہیں ہمیں جگہ چاہیے جہاں درخت لگا سکیں۔ جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ لاہور کو باغوں کا شہر کہا جاتا ہے، پی ایچ اے کے تمام پارکس کو فعال کرنے کی ضرورت ہے۔ بعدازاں عدالت نے آئندہ جمعہ کو عمل درآمد رپورٹ طلب کر لی اور کیس کی مزید سماعت ایک ہفتے کیلئے ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 44

لئے 75 ہزار سے زائد پولیس افسران، اہلکار اور رضا کار تعینات رکھے گئے ، پولیس کی جانب سے اہم مساجد میں تھرو گیٹس نصب کئے گئے جبکہ مساجد آنے والے نمازیوں کی میٹل ڈیٹیکٹرز کے ذریعے بھی تلاشی لی گئی۔ دوسری جانب حساس قرار دی گئی اور مساجد کے باہر رکاوٹیں کھڑی کی گئیں اور نمازیوں کو جامع تلاشی کے بعد مساجد کے اندر داخل ہونے کی اجازت دی گئی، حساس مساجد اور امام بارگاہوں کے اطراف میں پارکنگ ممنوعہ قرار دی گئی اور گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں دور پارک کرائی گئیں۔ اس دوران پولیس افسران بھی مساجد اور امام بارگاہوں کے اطراف میں مسلسل پیٹرولنگ کرتے رہے۔

بقیہ نمبر 45

نے کہا کہ پی ٹی آئی کو دہشتگردی کی جنگ کے خاتمے کے لئے ایک پیج پر آنا پڑے گا، وہ بھی اس ملک کے شہری ہیں اس ملک میں رہتے ہیں، اس ملک میں رہتے ہوئے کتنا فساد کریں گے، کتنا اور استعمال ہوں گے، ان کو ثابت کرنا ہوگا اور بیٹھنا ہوگا، یہ ملک ہم سب کا ہے، اس وقت خیبر پختونخوا اور بلوچستان ٹارگٹ پر ہیں، خیبر پختونخوا میں خود تحریک فساد کی حکومت ہے۔

بقیہ نمبر 46

تہواروں کے لئے گرانٹس میں اضافہ کیا گیا ہے، ادارے کے بجٹ میں بھی اضافہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اقلیتوں کے مال وجان کے تحفظ کو ریڈ لائن قرار دے کر یقینی بنایا جا رہا ہے۔ دعا ہے یہ دن سب کے لیے خوشیوں، محبت اور بین المذاہب ہم آہنگی کا پیغام لے کر آئے۔

بقیہ نمبر 47

راشن کے ذریعے امداد کی جائے تاکہ کوئی بھی گھرانہ بنیادی ضروریات سے محروم نہ رہے۔ چوہدری صغیر انجم نے کہا کہ رمضان کا اصل مقصد صرف روزے رکھنا نہیں بلکہ دوسروں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا بھی ہے اس بابرکت مہینے میں ہر فرد کو چاہئے کہ وہ اپنے وسائل میں سے کچھ حصہ غریبوں اور ضرورتمندوں کے لئے وقف کرے تاکہ وہ بھی رمضان کی خوشیوں میں شامل ہوسکیں۔ میاں بابر صغیر نے کہا کہ ہم عرصہ 20 سال سے عوام کی خدمت کررہے ہیں میرے والد محترم چوہدری صغیر انجم نے اپنی مدد آپ کے تحت یہ سلسلہ شروع کیا ہے جو نہ صرف شہروں بلکہ بہت سے دیہاتوں تک جاری ہے جس میں ماہانہ راشن کی تقسیم، غریبوں، بیوائیوں، یتیموں اور سکول کے بچوں، بچیوں کے لئے یونیفارم کی تقسیم سرفہرست ہیں۔ انہوں نے تمام مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ رمضان کے اس بابرکت مہینے کو نہ صرف اپنی عبادات کو بہتر بنانے کے لئے استعمال کریں بلکہ اس میں اپنے اخلاقی معیار کو بھی بلند کریں تا کہ معاشرتی برائیوں کا خاتمہ اور آپس میں بھائی چارے کی فضا قائم رہ سکے۔

بقیہ نمبر 48

بہتری کے اقدامات شامل ہیں۔ اجلاس میں مائن ورکرز کے بچوں کے لیے پروفیشنل ڈگری پروگرامز میں 100 فیصد اسکالرشپ کی منظوری دی گئی۔ میٹرک اور انٹر کے امتحانات میں 85 فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو لیپ ٹاپس اور ای۔بائیکس فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ایم ایل ڈبلیو کے تمام اسکولوں میں ٹرانسپورٹ کی سہولت اور پینے کے صاف پانی کی مسلسل فراہمی کے لیے آر او پلانٹس کی تنصیب کی منظوری دی گئی، جبکہ ہر اسکول میں سائنس اور آرٹس کے اساتذہ کے لیے بہترین ٹیچر ایوارڈ دینے کا بھی اعلان کیا گیا۔

بقیہ نمبر 49

پر زور دیا کہ ملک کی سلامتی کے لیے سب کو یکجا ہونا ہوگا۔ عظمیٰ بخاری نے نیشنل ایکشن پلان کی تجدید پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایک نیا نیشنل ایکشن پلان تشکیل دینا ہوگا تا کہ دہشت گردی کا مؤثر انداز میں خاتمہ کیا جا سکے۔ وزیراعظم نے دہشتگردی کے معاملے کو بڑی اچھی طرح ٹیک اپ کیا ہے اور حکومت اس مسئلے کو بہت سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا میں ہونے والے دھماکے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک ہم سب کی حفاظت کرے اور ملک و قوم کو ہر قسم کی دہشت گردی اور خطرات سے محفوظ رکھے۔ ملک سب کا ہے، تحریک انصاف کو اپنے قیدی کی بجائے خیبر پختونخوا کے عوام کا خیال رکھنا ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ امن و امان برقرار رکھنا صوبائی حکومتوں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اور اس سے یہ نہیں بھاگ سکتے۔ انہوں نے پی ٹی آئی کے مجرمانہ طرز عمل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ مجرموں کو حکومت کے ساتھ نہیں بٹھا سکتے، لیکن پی ٹی آئی کے باقی لوگ حکومت کے ساتھ مذاکرات کر سکتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کے رویے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کل قومی اسمبلی کے اجلاس میں پی ٹی آئی کی طرف سے ایک مذمت کا لفظ تک نہیں بولا گیا، حالانکہ اسمبلی میں موجود پی ٹی آئی کے لوگوں کو بی ایل اے کے خلاف بولنا چاہیے تھا۔ عظمیٰ بخاری نے حکومت کی دہشت گردی کے خلاف کوششوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ملک کے تحفظ کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائے گی اور کسی کو بھی ملک کے امن واستحکام سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ نمبر 50

عفریت کے خاتمے کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے بتایا کہ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات ہیں اور ان تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان کی یورپی یونین کے ساتھ تعاون پر مبنی شراکت داری، بالخصوص جی ایس پی پلس اسکیم جس نے اپنے آغاز سے ہی پاکستان اور یورپی یونین کو بھرپور فائدہ پہنچایا، کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے انسانی حقوق سمیت پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے مئی میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والے پہلے پاکستان۔یورپی یونین کے اعلیٰ سطح بزنس فورم کے انعقاد کا خیر مقدم کیا اور یورپی یونین کی سفیر کو اس تقریب کو کامیاب بنانے میں پاکستان کے مکمل تعاون اور سہولت کا یقین دلایا۔ یورپی یونین کی سفیر نے وزیراعظم کو یورپی یونین کے وفود کے حالیہ پاکستان کے دوروں کے ساتھ ساتھ آئندہ دوروں کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 51

ہمارے علاقوں میں نماز فجر کے بعد تقریباً روزانہ ہی چندہ مانگنے والوں نے ہمارا جینا دوبھر کر رکھا ہے سپیکر پر چندہ مانگنے کیلئے اونچی آواز میں (کلام ماواں ٹھنڈیاں چھاواں اور دیگر آوازیں اٹھو بیدار ہوجا جلدی جلدی چندہ لے آو) شور مچاتے رہتے ہیں جس کے باعث مریضوں اور بزرگ شہری روزہ دار ان کے شور سے تنگ آ چکے ہیں انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے اور ان پروفیشنل بھکاریوں کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا

بقیہ نمبر 52

ہسپتال منتقل کر دیا گیا،

بقیہ نمبر 53

ممکن اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور پولیس اقلیتی برادری کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی اور ان کی شکایات کے ازالے کے لیے ہر سطح پر اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ نے بہاولپور پولیس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اقلیتوں کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات حوصلہ افزا ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی اسی جوش و جذبے کے ساتھ اقلیتی برادری کے حقوق کا تحفظ کیا جائیگا۔

بقیہ نمبر 54

کے شعبے میں اپنی سابقہ درجہ بندی 401-450 کی پوزیشن سے 351-400 پوزیشن پر ترقی کی ہے۔ اس نمایاں کامیابی پر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران وائس چانسلر نے کہا ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے QS ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں سبجیکٹ 2025 کے لحاظ سے نمایاں بہتری حاصل کر کے تعلیمی شعبے میں برتری کا اظہار کیا ہے۔ جامعہ کے تحقیقی کام، تعلیمی معیار اور عالمی موجودگی کو بڑھانے کے لیے اسٹریٹجک وژن کی تشکیل نو کی جا رہی ہے۔ ڈاکٹر کامران کا کہنا ہے کہ آئندہ چند برسوں میں پائیداری، تعلیمی ترقی اور صنعتی تعاون پر بھرپور توجہ کے ساتھ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پاکستان اور عالمی سطح پر اپنی پوزیشن کو مستحکم کرے گی۔ وائس چانسلر نے کیو ایس سبجیکٹ رینکنگ میں نمایاں بہتری کا مظاہرہ کرنے پر ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ انوائرنمنٹ پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین ترابی، فیکلٹی ممبران اور طلبا و طالبات کو بھی سراہا اور انہیں مبارکباد دی۔

بقیہ نمبر 55

ضلع بہاولنگر کے الیکشن ہمارے چاند کے پینل کی بھرپور سپورٹ کرنے پر آڑھتیوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 56

ماندہ زندگی سے متعلق نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ریٹائر ہونے والے افسران نے ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل، ڈپٹی ڈی ایس میاں عبدالوقاص، ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر اروا خان سمیت دیگر افسران کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 57

کے باوجود پولیس ملزمان کو گرفتار نہیں کرسکی؟ انہوں نے کہا کہ شہر بھر میں ہونے والی وارداتیں پولیس کی غفلت اور لاپرواہی کا شاخسانہ ہیں لہذا چشتیاں کے اہم تھانوں میں تجربہ کار فرض شناس پولیس آفیسر ز تعینات کرکے شہریوں کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے

بقیہ نمبر 58

کی ممانعت بارے آگاہی دی۔ طلبہ کو ڈرائیونگ لائسنس کی اہمیت بتاتے ہوئے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول بارے آگاہی دی اور بتایا کہ ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنا اب کتنا آسان ہے۔ لہذا وہ اپنا بھی لائسنس بنوائیں اور اپنے دوست احباب و رشتہ داروں کا جن کی عمر 18 سال سے زائد ہے کا بھی لائسنس بنوائیں اور مہذب شہری بنے کیونکہ قانون کی پاسداری ہی مہذب قوموں کا شیوہ ہے۔

بقیہ نمبر 59

پشاور ڈویژن کے امیدواران کا تحریری امتحان گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول ثاقب غنی شہید روڈ کینٹ نمبر 2 پشاور میں ہو گا۔ ملتان ڈویژن کے کانسٹیبل ولیڈی کانسٹیبل کے امیدواران کا تحریری امتحان ریلوے آفیسرز کلب مارکی عقب کے ایف سی نزد ہائی کورٹ ملتان کینٹ میں ہوگا جبکہ اے ایس آئی کے امیدواران کا تحریری امتحان ریلوے بیڈمنٹن ہال عقب ریلوے خاتون انڈسٹریل سنٹر ریلوے اسٹیشن ملتان کینٹ میں ہوگا جبکہ سکھر ڈویژن کے امیدواران کا تحریری امتحان کرسٹل شادی ہال بیک سائیڈ ڈی ایس آفس ریلوے سکھر میں ہوگا۔

بقیہ نمبر 60

سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ واسا لاہور جدید ٹیکنالوجی اور موثر حکمت عملی کے ذریعے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ہرممکن اقدامات کر رہا ہے تا کہ عوام کو درپیش مسائل کا دیرپا اور پائیدار حل فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 61

کینٹ، چھانگا مانگا، کالا شاہ کاکو اور کوٹ رادھا کشن شامل ہیں۔ ایک ریلوے سٹیشن سے 3 ہزار یونٹ بجلی بچت کے ساتھ ماہانہ 15 لاکھ روپے کی بچت ہوگی۔ اسی طرح ریلوے لاہور ڈویژن میں سولرائزیشن سسٹم سے ادارے کو ماہانہ 2 کروڑ 10 لاکھ روپے بجلی کی مد میں بچت ہوگی۔ ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر پاور نے مزید کہا کہ ڈی ایس ریلوے لاہور ڈویژن محمد حنیف گل کی لیڈر شپ میں سولرائزیشن پروجیکٹ جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ ریلوے سٹیشنوں کی سولرائزیشن پر منتقلی کے حوالے سے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل کا کہنا ہے کہ سولرائزیشن سے سٹیشنوں کو بلا تعطل بجلی دستیاب رہے گی جس سے ٹرین آپریشن مزید بہتر ہوگا۔

بقیہ نمبر 62

موذی امراض میں مبتلا ہونے لگے علاقہ مکینوں کا میڈیا سے گفتگو کرتے کہنا تھا گھروں میں پانی کی بدبوں اور گندگی کی وجہ سے موذی امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں مزید انکا کہنا تھا واسا سب ڈویژن باغبانپورہ کئی بار شکایت کر چکے ہیں لیکن کوئی ایکشن لینے کو تیار نہیں لہذا علاقہ مکینوں کا کہنا ہے واسا کے اعلیٰ افسران سے گزارش ہے سب ڈویژن باغبانپورہ کے آفیسر اور عملہ کے خلاف بھی کاروائی عمل میں لائی جائے اور علاقہ میں صاف پانی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات
فلک صاحبہ نائب تحصیلدار / ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 15 جنوبی متوفی ملک محمد افضل ولد ملک سردار خان وارثان ملک سردار خان والد عائشہ بی بی والدہ۔ دانش بیگم بیوہ متوفی پہلے فوت شدہ۔ جاوید اقبال پسر متوفی بعد میں فوت شدہ۔

زندہ عاصمہ افضل اعوان ۔ سعدیہ افضل اعوان دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط ومہر عدالت ھذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات
فلک صاحبہ نائب تحصیلدار / ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 13 جنوبی متوفی قیصر محمود ولد محمد اسلم۔ وارثان مختار بیگم والدہ۔ شہناز اختر ۔ شمیم اختر زوجگان پہلے فوت شدہ محمد اسلم والد بعد میں فوت شدہ۔

زندہ صفوان قیصر ۔ سدرہ قیصر ۔ نعمان قیصر ۔ ماریہ قیصر ۔ فروا قیصر پسران دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط ومہر عدالت ھذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حیات فلک صاحبہ
نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 14 جنوبی۔ متوفیہ صاحب۔ جی بیگم بیوہ غلام نبی۔ وارثان باغ علی والد کھیڑو بی بی والدہ۔ غلام نبی خاوند محبوب حسین لاولد پسر متوفی پہلے فوت شدہ۔

زندہ منظور احمد پسر ۔ زیتون رمزی بہو۔ مقبول بیگم ۔ مقصود بی کلثوم بی بی دختران متوفیہ ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط ومہر عدالت ھذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ADLR صاحب
اراضی ریکارڈ سنٹر دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت محمد شریف (متوفی) ولد علی بخش ساکن موضع دھرمیوالہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع دھرمیوالہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ محمد شریف (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ محمد سرور (پہلے فوت شد)، محمد انور، محمد اشرف، شمیم اختر پسران و دختر محمد شریف متوفی، ضیاء القاسمی، ندیم سرور، نعیم سرور (پسران محمد سرور) پوتگان متوفی محمد شریف ساکنان موضع دھرمیوالہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت محمد شریف (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

نظامِ صحت کی بہتری کیلئے میڈیکل ایجوکیشن سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے: خواجہ سلمان رفیق

نرسنگ شعبہ میں جدید ٹریننگ ماڈیولز کو متعارف کروایا جائے گا، حکومت پنجاب الحمدللہ تمام دیگر صوبوں کی نسبت نرسوں کو زیادہ سٹائپنڈ فراہم کر رہی ہے

میڈیکل ایجوکیشن اور نرسنگ شعبہ میں بہتری لانے کیلئے پاکستان نرسنگ کونسل کے ساتھ محکمہ صحت جلد ایک نشست رکھے گا، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف ایجنڈاز پر غور و فکر کیا گیا۔ اجلاس کے دوران تمام وائس چانسلرز نے میڈیکل ایجوکیشن اور نرسنگ شعبہ کی بہتری کیلئے اپنی اہم تجاویز پیش کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ نظام صحت کی بہتری کیلئے میڈیکل ایجوکیشن سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ نرسنگ شعبہ کو نظام صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق نرسنگ شعبہ میں جدید ٹریننگ ماڈیولز کو متعارف کروایا جائے گا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب الحمدللہ (بقیہ نمبر 1)

Government of the Punjab
Specialized Healthcare & Medical Education Department

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کا مستقبل صرف اسلام اور قرآن سے وابستہ ہے: امیر العظیم

نااہل حکمرانوں نے پاکستان کے قیام کا مقصد پورا نہیں ہونے دیا، پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے، عبدالعزیز عابد

جماعت اسلامی قیام پاکستان کے اصل مقصد اسلامی پاکستان اور خوشحال پاکستان کی جدوجہد کر رہی ہے، علی ارتضیٰ حسنی و دیگر ضلعی قائدین کا خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی یونین کونسل وارث کالونی کے زیر انتظام عوامی افطار ڈنر تقریب کا انعقاد منصورہ ڈگری کالج وحدت روڈ پر کیا گیا۔ افطار ڈنر تقریب میں امیر العظیم سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان اور ذکراللہ مجاہد نائب امیر جماعت اسلامی وسطی پنجاب، سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی لاہور عبدالعزیز عابد، سید علی ارتضیٰ حسنی امیر جماعت اسلامی ضلع غربی لاہور سمیت سینکڑوں کی تعداد میں نوجوانوں اور بزرگوں نے شرکت کی۔ روزہ افطار کے وقت پاکستان کی سلامتی، ترقی، اور استحکام کے لیے خصوصی اجتماعی دعا کی گئی۔ اس موقع پر امیر العظیم، ذکراللہ مجاہد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا مستقبل صرف اسلام اور قرآن سے وابستہ ہے۔ بحیثیت قوم یہی کامیابی، عزت اور بقا کا راستہ ہے۔ سوچنے کی بات ہے کہ (بقیہ نمبر 2)

افطار عام
14 مارچ 2025

لاہور: جماعت اسلامی یونین کونسل وارث کالونی کے زیر اہتمام منصورہ ڈگری کالج وحدت روڈ پر عوامی افطار ڈنر تقریب سے سیکرٹری جنرل امیر العظیم خطاب کر رہے ہیں

عالمی رینکنگ میں یو ای ٹی کی نمایاں درجہ بندی کا سلسلہ جاری

انجینئرنگ و ٹیکنالوجی کے میدان میں یو ای ٹی دنیا کی 205 بہترین جامعات میں شامل

لاہور (سٹاف رپورٹر) عالمی درجہ بندی میں یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کی نمایاں ترقی کا سلسلہ جاری ہے، کیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ کی تازہ ترین فہرست کے مطابق یو ای ٹی رواں سال 751-760 کی حد تک پہنچ گئی ہے جو کہ 2024 میں 791-800، 2023 میں 801-1000 نمبر پر تھی۔ یو ای ٹی لاہور نے 1500 عالمی یونیورسٹیوں میں سے، تعلیمی معیارات کو بلند کرنے اور انجینئرنگ و ٹیکنالوجی کے شعبے میں اپنی معروفیت کو مضبوط بنانے کی لگن کے ساتھ قابل ذکر پیشرفت کی ہے۔ یو ای ٹی لاہور نے کیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگز بائے سبجیکٹ میں بھی شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی کے میدان میں، یو ای ٹی لاہور نے پاکستان کی 14 سے زائد یونیورسٹیوں میں سرفہرست رہتے ہوئے، 205 ویں پوزیشن حاصل کی ہے

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کو سی ای او بی ڈی عمران امین، نواز شریف آئی ٹی سی کے تعمیراتی منصوبے بارے بریفنگ دے رہے ہیں

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت 15 لاکھ ٹن ویسٹ اٹھایا جا چکا ہے: ذیشان رفیق

تین ماہ کے دوران شہریوں کی جانب سے 13 ہزار 246 شکایات موصول ہوئیں جن پر 24 گھنٹوں کے اندر ایکشن لیا گیا

سی ای اوز فیلڈ کے روزانہ دورے کریں، مانیٹرنگ کا ڈیٹا بروقت اپ لوڈ نہ کرنے پر کارروائی ہوگی' صوبائی وزیر بلدیات

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت اب تک صوبہ بھر میں 15 لاکھ ٹن سے زائد ویسٹ اٹھایا جا چکا ہے۔ تین ماہ کے دوران شہریوں کی جانب سے 13 ہزار 246 شکایات موصول ہوئیں جن پر 24 گھنٹوں کے اندر ایکشن لیا گیا۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹریز آسیہ گل، ارشد بیگ، ایل ڈبلیو ایم سی کے سی ای او بابر صاحب دین اور بہاولپور کی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کے سی ای او نعیم اختر بھی موجود تھے جبکہ دیگر تمام ویسٹ منیجمنٹ کمپنیز کے سی ای اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے اس بات پر اطمینان (بقیہ نمبر 13)

لاہور: جامع مسجد احمد علی اچھرہ میں افطاری کرانے والی ٹیم کا مولانا علیم الدین شاکر کے ہمراہ گروپ فوٹو

میزان بینک کے صارفین کیلئے پاکستان میں گوگل والٹ دستیاب

ہم اپنے صارفین کو سیم لیس محفوظ ادائیگیوں کا تجربہ پیش کرنے کیلئے گوگل پے کے ساتھ شراکت داری پر خوش ہیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) میزان بینک کے کارڈ ہولڈرز اپنے ڈیبٹ کارڈز کو گوگل والٹ (Google Wallet) میں شامل کر سکتے ہیں جس سے ملک میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے منظرنامے کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ میزان بینک کے صارفین اب اپنے اینڈرائیڈ فونز اور Wear OS ڈیوائسز کا استعمال کرتے ہوئے بغیر کسی رکاوٹ کے محفوظ، کنٹیکٹ لیس ادائیگیاں کر سکیں گے۔ یہ سنگ میل پاکستان کے ڈیجیٹل بینکنگ کے ارتقا میں اہم اقدام ہے جو صارفین کو خطے میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے مستقبل کو آگے بڑھاتے ہوئے ٹرانزیکشنز مکمل کرنے کیلئے تیز ترین، محفوظ اور زیادہ آسان طریقہ فراہم کرتا ہے۔

11 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا اوباش گرفتار

ملزم نے بچے کو اپنے کوارٹر میں لے جا کر زیادتی کا نشانہ بنایا، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور میں 11 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے اوباش کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ورغلا کر معصوم بچے کو اپنے کوارٹر میں لے گیا اور زیادتی کا نشانہ بنایا۔ ٹبی سٹی پولیس نے اطلاع ملنے پر بروقت کارروائی کرتے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم بشیر کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ایس پی سٹی کیپٹن ریٹائرڈ قاضی علی رضا نے کہا کہ بچوں پر تشدد اور جنسی استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

جعفر ایکسپریس پر حملہ انسانیت سوز فعل ہے، ایم ساجد عباسی

دشمن عناصر ہمیشہ سے امن و استحکام کیخلاف سازشوں میں مصروف ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) سٹی کے جنرل سیکرٹری و چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اسلام آباد و سابق چیئرمین میٹروپولیٹن کارپوریشن ایم ساجد عباسی نے جعفر ایکسپریس پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے دشمن ملک کی کھلی دہشتگردی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس بزدلانہ کارروائی کا مقصد پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنا اور عوام میں خوف و ہراس پھیلانا تھا لیکن سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کی بدولت ملک کسی بڑے اور ناقابل تلافی نقصان سے بچ گیا ہے، ٹرین مسافروں کی بازیابی اور بروقت آپریشن میں سیکورٹی فورسز (بقیہ نمبر 3)

دہشتگرد اسلام و پاکستان کے دشمن ہیں، زیشان نقوی

بزدل دہشتگرد گروہ کسی رعایت کا مستحق نہیں: مسلم لیگی رہنما و سابق ڈپٹی میئر اسلام آباد

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق ڈپٹی میئر اسلام آباد سید ذیشان علی نقوی نے کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کے حملے اور نہتے مسافروں کو یرغمال بنائے جانے کے سانحے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کا رمضان المبارک کے پرامن اور بابرکت مہینے میں معصوم مسافروں کو نشانہ بنانا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ دہشتگردوں کا دین اسلام اور پاکستان سے کوئی تعلق نہ ہے اور یہ دہشتگرد (بقیہ نمبر 4)

MINES & MINERALS DEPARTMENT

لاہور: سیکرٹری مائنز اینڈ منرلز پرویز اقبال مائنز ویلفیئر بورڈ کے 60 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد ایئرپورٹ پر مسافر سے 1.172 کلوگرام آئس ہیروئن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) ایئرپورٹ سیکورٹی فورس (اے ایس ایف) نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کر کے مسافر سے 1.172 کلوگرام آئس ہیروئن برآمد کر لی۔ ترجمان اے ایس ایف کے مطابق مسقط جانے والے مسافر نے آئس ہیروئن بیگ میں مہارت سے چھپا رکھی تھی۔ ترجمان اے ایس ایف نے بتایا کہ ملزم کو ابتدائی تفتیش کے بعد منشیات سمیت اے این ایف حکام کے حوالے کر دیا

شہید ایف سی اہلکار اکمل حسین کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

نارووال (این این آئی) بلوچستان ٹرین سانحہ میں شہید ایف سی اہلکار اکمل حسین کی نماز جنازہ آبائی گاؤں پھلواڑی میں ادا کر دی گئی اور نماز جنازہ کے بعد پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ جنازہ میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری چوہدری انوار الحق، چیئرمین صوبائی پبلک اکاؤنٹ کمیٹی احمد اقبال، ایم پی اے محمود احمد سنگراں سمیت عسکری حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی اور شہید کی قبر پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں۔

نواسہ رسول حضرت امام حسن کا یوم ولادت 16 مارچ اتوار کو عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) نواسہ رسول حضرت امام حسن کا یوم ولادت 15 رمضان المبارک بمطابق 16 مارچ اتوار کو عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا اس سلسلے میں، فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مساجد اور امام بارگاہوں میں جشن ولادت کے سلسلے میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ علماء کرام، خطیب حضرات سیرت حضرت امام حسن پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔ حضرت امام حسن حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہرا کے بڑے فرزند تھے

چمن: کرومائیٹ کان میں حادثہ، 2 افغان کان کن جاں بحق، 3 زخمی

چمن (این این آئی) چمن میں مسلم باغ کے علاقے سودئی میں کرومائیٹ کی کان میں حادثے کے نتیجے میں 2 کان کن جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ لیویز حکام کے مطابق لاشیں نکال لی گئیں، کرومائیٹ کان بیٹھ جانے سے 5 کان کن پھنس گئے تھے۔ زخمی کان کنوں کو سول اسپتال مسلم باغ منتقل کر دیا گیا ہے۔ لیویز حکام کے مطابق جاں بحق اور زخمی مزدوروں کا تعلق افغانستان سے ہے۔

سندھ ہائیکورٹ، شہری علی اکبر کی گمشدگی کیخلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری، 26 مارچ تک جواب طلب

کراچی (سٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے شہری علی اکبر کی گمشدگی کیخلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 26 مارچ تک جواب طلب کر لیا۔

فیصل آباد سمیت ملک بھر میں (آج) یوم تحفظ ناموس رسالت پورے جوش و جذبہ سے منایا جائیگا

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد سمیت ملک بھر میں (آج) 15 مارچ کو یوم تحفظ ناموس رسالت پورے جوش و جذبہ سے منایا جائے گا۔ جس میں تقریبات کا انعقاد کر کے اس کی شان رسالت اور اس کی عظمت کو اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا جس کے لئے تعلیمی اداروں کے سربراہان کو آگاہ کرتے ہوئے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔

سرگودھا میں تلخ کلامی پر بیٹے نے کلہاڑی مار کر باپ کو لہولہان کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں تلخ کلامی پر بیٹے نے کلہاڑی مار کر باپ کو لہولہان کر دیا جبکہ موٹر سائیکلوں کے تصادم میں میاں بیوی اور خاتون سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

نیب نے ایڈن متاثرین میں 1 ارب 16 کروڑ سے زائد مالیت کے چیکس کی تقسیم کا آغاز کر دیا

تمام متاثرین کو عیدالفطر سے قبل چیک حوالہ کرنے کے احکامات ہیں، نیب لاہور ہفتہ، اتوار کو کھلا رہے گا

لاہور (این این آئی) چیئرمین نیب کی خصوصی ہدایات پر ایڈن متاثرین میں 1 ارب 16 کروڑ سے زائد مالیت کے چیک کی تقسیم کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈی جی نیب لاہور محمد احترام ڈار کے مطابق چیئرمین نیب کی جانب سے تمام متاثرین کو عیدالفطر سے قبل چیک حوالہ کرنے کے احکامات ہیں جن پر عملدرآمد کروایا جائے گا۔ نیب لاہور آفس میں ہنگامی بنیادوں پر ڈیسک قائم کر دیئے گئے ہیں، متاثرین کی سہولت کیلئے نیب لاہور بروز ہفتہ اور اتوار کھلا رہے گا جہاں چیک کی تقسیم کا عمل جاری رہے گا۔ ڈی جی نیب لاہور نے کہا کہ چیئرمین نیب کی ہدایات پر ریکارڈ میں موجود متاثرین کے بینک اکاؤنٹ میں ڈائریکٹ چیک ٹرانسفر کیے جا رہے ہیں،

پنجاب ایئر ایمبولینس سروس اب تک 70 شدید بیمار و زخمی مریضوں کو دور دراز اضلاع سے جدید علاج کے لیے منتقل کر چکی ہے

RESCUE 1122

لاہور (خبر نگار) حکومت پنجاب کی ایئر ایمبولینس سروس نے 70 شدید بیمار اور زخمی مریضوں کو دور دراز علاقوں سے جدید طبی سہولیات سے آراستہ اسپتالوں میں کامیابی سے منتقل کیا۔ ان میں سے 38 مریض بہاولنگر، 25 میانوالی، 2 رحیم یار خان، جبکہ بہاولپور، پاراچنار، کراچی، لاہور، اور سیالکوٹ سے ایک ایک مریض منتقل کیا گیا ہے۔ ایئر ایمبولینس کے ذریعے منتقل کیے گئے مریضوں میں 54 امراض قلب، 8 ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ، 2 شدید سر کی چوٹ، اور 6 (بقیہ نمبر 5)

لاہور، دفاتر جاتے ہوئے شہریوں سے وارداتوں میں ملوث گروپ گرفتار

ملزمان مختلف اوقات میں دفاتر اور شاپنگ پر جاتے ہوئے شہریوں کی ریکی کرتے تھے، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور میں دفاتر جاتے ہوئے شہریوں سے وارداتوں میں ملوث گروپ کو گرفتار کر لیا گیا۔ لاہور میں چوکی فردوس مارکیٹ پولیس نے 3 رکنی سنیچرز ڈکیت گروپ گرفتار کر لیا۔ ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی سے ٹریس کر کے لاہور کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان مختلف اوقات میں دفاتر اور شاپنگ پر جاتے ہوئے شہریوں کی ریکی کرتے تھے۔ ملزمان موقع پا کر واردات کر کے فرار ہو جاتے تھے۔ ملزمان سے لوٹی گئی نقدی، موبائل فون اور 2 پستول برآمد کر لیے گئے۔ ملزمان علی، زوہیب اور فیضان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش جاری ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

فروری میں گاڑیوں کی فروخت میں 24 فیصد اضافہ

گزشتہ ماہ 12 ہزار 84 گاڑیاں فروخت ہوئیں' رپورٹ

لاہور (این این آئی) شرح سود درآمدی ڈیوٹی میں کمی اور آٹو فنانس میں اضافے کے نتیجے میں فروری 2025 میں گاڑیوں کی فروخت میں 24 فیصد اضافہ ہوا ہے، گزشتہ ماہ 12 ہزار 84 گاڑیاں فروخت ہوئیں۔ پاکستان آٹو موٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے مطابق رواں مالی سال آٹھ ماہ میں 89 ہزار 770 گاڑیاں فروخت ہوئیں۔ آٹو ڈیلرز کا کہنا ہے ڈیوٹی میں کمی کے بعد درآمدی اور مقامی دونوں گاڑیوں کی فروخت بڑھ رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آٹو سیکٹر پرامید ہے کہ کم شرح سود بڑھتی ہوئی ترسیلات زر، مستحکم شرح تبادلہ گرتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے جون تک کاروں کی مجموعی فروخت تیز رہے گی۔

رحمتوں کے مہینے میں ملاوٹ مافیا کی شامت !!!!

فوڈ اتھارٹی ٹیموں کا لاہور میں آپریشن، 593 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، لاکھوں کے جرمانے عائد

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر افسران نے ٹیموں کے ہمراہ لاہور کے مختلف علاقوں میں آپریشن کے دوران 593 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی اور خلاف ورزی پر ایک ریسٹورنٹ بند، 18 لاکھ 28 ہزار کے جرمانے عائد کر دیے جبکہ 300 ٹوٹے انڈے، 800 لیٹر ملاوٹی دودھ اور ممنوعہ اشیا تلف کی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ رات گئے شہر میں آنے والے 4 لاکھ 65 ہزار لٹر دودھ کی داخلی راستوں پر چیکنگ کی گئی، معروف بیکری یونٹ سے ناقص ٹوٹے انڈے برآمد کر کے تلف کیے گئے، تلف کردہ ٹوٹے ناقص انڈے (بقیہ نمبر 8)

تمام قومی شاہراہیں عوام کے لئے غیر محفوظ ہو چکیں ہیں' جے یو آئی

سکیورٹی ادارے دہشتگردوں، انکی سرپرستی کرنیوالوں کیخلاف ٹھوس کارروائیاں کریں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مجید، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تمام قومی شاہراہیں عوام کے لئے غیر محفوظ ہو چکیں ہیں، عوام کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہوں، سکیورٹی ادارے دہشتگردوں اور ان کے سرپرستی کرنیوالوں کے خلاف ٹھوس کارروائیاں کریں۔

لاہور: وزیر تعلیم پنجاب کی ہدایت پر چیئرمین ٹاسک فورس فار ایجوکیشن مزمل محمود امتحانی سینٹر میں چیکنگ کر رہے ہیں

گوجر خان، موٹر سائیکلوں کی آوازوں نے عوام کو شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا

منچلے نوجوان اپنی موٹر سائیکلوں کی بانسری نکال کر یا دیگر غیر قانونی ترمیمات کروا کر انہیں کلاشنکوف اور گولیوں کی آواز جیسی شدت دے رہے ہیں

گوجر خان (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں موٹر سائیکلوں میں غیر قانونی تبدیلیاں کر کے انہیں فائرنگ جیسی آوازیں نکالنے کے قابل بنایا جا رہا ہے، جس کے باعث عوام شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں۔ رش والی جگہوں پر اچانک ان آوازوں کے باعث خواتین، بچے، بزرگ اور مریض خوفزدہ ہو جاتے ہیں، جبکہ بعض مواقع پر افراتفری بھی پھیل چکی ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق، بعض منچلے نوجوان اپنی موٹر سائیکلوں کی بانسری نکال کر یا (بقیہ نمبر 6)

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پالیسی ریٹ کو سنگل ڈیجٹ میں لانا ناگزیر ہے

ایف بی آر من مرضی کے آرڈرز، نوٹسز کے باوجود ٹیکس اہداف پورے کرنے میں ناکام کیوں ہے؟' سینئر ممبر امانت بشیر

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے پالیسی ریٹ کو سنگل ڈیجٹ میں لانا ناگزیر ہے، بجلی، گیس کی قیمتوں میں کمی کا خواب بھی ادھورا ہے، ریونیو شارٹ فال میں کمی کی بجائے اضافہ ہوتا جا رہا ہے، ایف بی آر کے افسران من مرضی کے آرڈرز اور نوٹسز کرنے کے باوجود ٹیکس اہداف پورے کرنے میں ناکام کیوں ہیں؟۔ ملاقات کے لئے آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرائط کا بہانہ کر کے نت نئے ٹیکسز، شرائط عائد کی جا رہی ہیں، ایف بی آر کے اختیارات میں بے جا اختیارات سے حالات خراب ہو رہے ہیں، ود ہولڈنگ ٹیکسز کے ریٹس میں اضافہ کر کے موجودہ ٹیکس دہندگان کو نشانہ بنایا جا رہا ہے

کراچی، سینئر سول جج کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 3 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان میں ایک پولیس اہلکار بھی شامل ہے جو سی ٹی ڈی میں تعینات ہے

کراچی (این این آئی) سولجر بازار میں سینئر سول جج کے ساتھ ہاتھا پائی اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے تینوں ملزمان گرفتار کر لیے گئے ہیں۔ یہ واقعہ چار روز قبل پیش آیا تھا، جس کے بعد سینئر جج وحید علی کی مدعیت میں سولجر بازار تھانے میں مقدمہ درج کرایا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق، گرفتار ہونے والے ملزمان کو نین حسن، امان اور احمد ہیں، جبکہ چوتھے ملزم نوید دودھ والا کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم امان ایک پولیس اہلکار ہے اور سی ٹی ڈی میں تعینات ہے۔ اس کے علاوہ، ملزم امان علاقے میں گٹکا اور ماوا کے کاروبار میں بھی ملوث ہے، جو گزشتہ کئی سالوں سے پولیس کی سرپرستی میں چل رہا تھا۔

حکومتی اتحادی جماعتوں کو عوام کی فکر نہیں، عید کے بعد احتجاجی تحریک شروع کریں گے' جاوید قصوری

ہر ادارے میں کرپشن کی انتہا ہو چکی، بڑی کیبنٹ کے ذریعے اشرافیہ کو تحفظ فراہم کیا جا رہا' امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ اس وقت جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی سیاسی پارٹی عوام کے حقوق کے لیے بات نہیں کر رہی، ملک میں بڑی تبدیلی کی ضرورت ہے اور وہ تبدیلی صرف جماعت لا سکتی ہے، حکومتی اتحادی جماعتوں میں سے کسی کو بھی عوام کی فکر نہیں، جماعت اسلام بجلی کے بلوں میں واضح کمی اور ظالمانہ (بقیہ نمبر 11)

برائلر گوشت، فارمی انڈوں کے نرخ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 595 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 411 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 286 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔

پنجاب حکومت کی مخیّر حضرات سے نادار قیدیوں کے جرمانے ادا کرنے کی اپیل

رمضان المبارک میں مخیّر حضرات زکوٰۃ کی مد میں قیدیوں کی دیت و جرمانہ جمع کروا سکتے ہیں، محکمہ داخلہ

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں نادار قیدیوں کی رہائی کیلئے ایک نادر موقع فراہم کیا جا رہا ہے، جس کے تحت مخیّر حضرات زکوٰۃ اور عطیات کے ذریعے سزا مکمل کرنے والے مگر جرمانہ ادا نہ کر سکنے والے قیدیوں کی مدد کر سکتے ہیں۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ صوبے کی مختلف جیلوں میں 150 قیدی اپنی سزائیں مکمل کر چکے ہیں، لیکن جرمانے کی عدم ادائیگی کے باعث وہ رہائی سے محروم ہیں۔ ان قیدیوں کی رہائی کیلئے 10 کروڑ روپے کی رقم درکار ہے، جسے مخیّر حضرات زکوٰۃ کی مد میں جمع کروا کر ان کی رہائی ممکن بنا سکتے ہیں۔

200 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی پیر کو ہوگی

لاہور (این این آئی) 200 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی 17 مارچ بروز پیر کو فیصل آباد میں ہوگی۔ اس قرعہ اندازی کا پہلا انعام ساڑھے 7 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں ڈھائی لاکھ روپے کے پانچ جبکہ تیسرے انعام میں 1250 روپے کے 2394 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔

قومی کھیل کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائینگے: ملک فیصل ایوب کھوکھر

صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کا مالی مسائل کے باوجود کسی بھی سپورٹس بورڈ پنجاب کے ملازم کو نہ نکالنے کا اعلان

سپورٹس پیریڈ کی بحالی ضروری ہے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے مل کر کوشش کر رہے ہیں، صوبائی وزیر کھیل پنجاب کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں سپورٹس بورڈ پنجاب کی جنرل باڈی کے ہونیوالے اجلاس میں سپورٹس کی ترقی کیلئے اہم ترین فیصلے کیے گئے، سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال اور ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری نے اجلاس کو بریفنگ دی، صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مالی مسائل کے باوجود کسی بھی سپورٹس بورڈ پنجاب کے ملازم کو نہ نکالنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، میرے سامنے ملازمین نکالنے کا ایجنڈا رکھا (بقیہ نمبر 9)

صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سپورٹس بورڈ پنجاب کی جنرل باڈی کا اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایس آئی ایف سی کی زیر معاونت اربوں ڈالر کی مجموعی مالیت کے اہم منصوبوں کی منظوری

منصوبوں میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور بحرین سمیت 23 ممالک کو سرمایہ کاری کی دعوت دینے کا فیصلہ

آرامکو ریفائنری، دیامر بھاشا، ریکوڈک کئی اہم منصوبے خصوصی طور پر خلیجی ممالک کو سرمایہ کاری کے لیے پیش کیے جانے پر غور

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے ایس آئی ایف سی کی زیر معاونت اربوں ڈالر کی مجموعی مالیت کے 28 اہم منصوبوں کی منظوری دیدی گئی، حکومت کی جانب سے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور بحرین سمیت 23 ممالک کو ان منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سعودی آرامکو ریفائنری، دیامر بھاشا ڈیم اور ریکوڈک کان کنی منصوبوں سمیت کئی اہم منصوبے خصوصی طور پر خلیجی ممالک کو سرمایہ کاری کے لیے پیش کیے جانے پر غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایس آئی ایف سی کے تحت کارپوریٹ فارمنگ، ٹیکنالوجی زونز، کلاؤڈ انفراسٹرکچر، سیمی کنڈکٹر ڈیزائننگ، اور اسمارٹ ڈیوائسز کی تیاری کے منصوبے بھی سرمایہ کاری کے لیے پیش کیا گیا۔ منصوبوں پر (بقیہ نمبر 12)

راولپنڈی، واہ کینٹ پولیس کی کارروائی، 3 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 800، 3 موبائل فون، تاش پتے برآمد، ایک موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لیا گیا

راولپنڈی (خبر نگار) واہ کینٹ پولیس نے تاش پر جوا کھیلنے والے 3 قمار باز گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 800 روپے، 03 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کر لئے جبکہ موقع سے ایک موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلنے والے 3 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں ارشد، اسحاق اور رفاقت شامل ہیں، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 800 روپے، 03 موبائل فون اور تاش (بقیہ نمبر 10)

سرگودھا میں 12 احمدی غیر مسلموں نے مذہب قادیانیت کو چھوڑ کر دین اسلام قبول کر لیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے چک 71 جنوبی میں جماعت احمدیہ کے بلال چیمہ، ضیا محمد وڑائچ اور ثروت چیمہ سمیت 12 غیر مسلم نے مذہب قادیانیت کو چھوڑ کر دین اسلام قبول کر لیا جن کو عالمی مجلس ختم نبوت کے مولانا نور محمد ہزاروی اور علامہ مفتی محمد نوید، سید صادق الامین و اہل اسلام کی موجودگی میں کلمہ طیبہ پڑھ کر (بقیہ نمبر 7)

روزنامہ
قوت
لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
23 MARCH
PAKISTAN DAY
یوم پاکستان

یوم جمہوریہ پاکستان 23 مارچ کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔

تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 21 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0322-4181870